وَاللهُ غَالِبٌ عَلٰٓی اَمْرِهٖ

# کشکولِ قلندری

## المعروف

# فیضُ العملیات

خادم الفقراء: حضرت سراج الدین چشتی قادری رحمۃ اللہ علیہ

معاونے

صوفی محمد اسلم نقشبندی مجددی

Scanned with CamScanner

دھرکا شوہر ص ۶۳

رزق کیلئے ص ۱۳۲

موبائل گم ص ۱۳۳

بچے کے رونے کیلئے ص ۱۳۴

بچے زندہ رہیں ص ۱۴۴

حفاظت حمل ص ۱۴۴ ص ۱۴۶ ص ۱۴۸ ص ۱۴۹

دردِ شقیقہ ص ۱۵۲

واپس بلانا بھاگے ص ۱۵۴ ص ۲۹۰

[illegible] سانپ ص ۱۷۲

سر درد ص ۱۷۳

حفاظت کیلئے ص ۱۷۴

حفاظت حمل ص ۱۹۲

رشتہ کیلئے ص ۲۰۵

عداوت کیلئے ص ۲۲۰

[illegible] دور کیلئے ص ۲۳۸

[illegible] ص ۲۴۱

[illegible] دلوانے کیلئے ص ۲۴۸

[illegible] ص ۲۶۱

نفع کیلئے ص ۲۷۲

بچے کے رونے کیلئے ص ۲۸۶

بھاگنے والے کیلئے ص ۲۹۰

نظر بد ص ۲۹۲

شادی کیلئے ص ۲۹۸

[illegible] فالج ص ۳۰۰

بے اولادی کیلئے ص ۳۰۲

ترقی دکان ص ۳۰۶

بھاگنے والے ص ۳۳۰

دشمن کیلئے ص ۳۳۷

دشمن کو علیحدہ ص ۳۳۸

بے مثال استخارہ ص ۳۷۶

[illegible] ص ۳۷۹

دشمن کی تباہی ص ۳۹۹

نسخہ نزلہ ص ۳۳۲

نمبر 169 کے
لڑکے کو دعا کہ
چور کا پتہ لگانا
ص ۳۷۶

اللہ لطیف [illegible] ص ۲۰۰

حمل کی حفاظت ص ۱۹۲

قیام حمل ص ۲۳۶

قیام حمل کا گنڈا ص ۲۶۱

وَاللّٰہُ غَالِبٌ عَلٰٓی اَمْرِہٖ ط

# کشکول قلندری

المعروف

## فیض العملیات


خادم الفقراء، حضرت سراج الدین چشتی قادری رحمۃ اللہ علیہ

معاون

صوفی محمد اسلم نقشبندی مجددی



مشتاق بک کارنر

الکریم مارکیٹ۔ اردو بازار، لاہور


Scanned with CamScanner

جملہ حقوق بحق پبلشر محفوظ ہیں

نام کتاب ——— کشکول قلندری

ناشر ——— مشتاق احمد

پرنٹنگ ——— آر آر پرنٹرز، لاہور۔

پروف ریڈر ——— نجم الصبیح

قیمت : [redacted] روپے

## استدعا

پروردگار عالم کے فضل، کرم اور مہربانی سے، انسانی طاقت اور بساط کے مطابق کمپوزنگ، طباعت، صحیح اور جلد سازی میں پوری پوری احتیاط کی گئی ہے۔
بشری تقاضے سے اگر کوئی غلطی نظر آئے یا صفحات درست نہ ہوں تو ازراہ کرم مطلع فرمادیں۔ ان شاءاللہ ازالہ کیا جائے گا۔ نشاندہی کے لیے ہم آپ کے بے حد مشکور ہوں گے۔ (ناشر)



آپ کے خوابوں کی تعبیر، خواہشات کی تکمیل، تمناؤں اور آرزؤں کی مراد، اور تمام تر پریشانیوں کے حل کا ضامن،

# کشکولِ قلندری

المعروف

# فیضُ العملیات

جس میں اعمالِ وظائف، خواص سورۃ ہائے قرآن مجید، سلامتی ایمان، زیارت حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام، معالجاتِ روحانی، اعمالِ فتوح، برکاتِ رزق، برکت زراعت وتجارت، سبکدوشی قرض، اعمالِ دفع آسیب، سحر وجادو، سایہ جن وپری دفع نظر بد، دفع حشرات وموذی جانوران وضرر دشمن ظالم، اعمال حب وتسخیر وحصول مطلوب، محبت زوجین، دفع مسان واٹھرا وگریۂ اطفال، چور کا پکڑنا، گمشدگی کی تلاش، استخارہ کا طریقہ اور دعا، چہل کاف اور اس کے خواص وغیرہ سے کتاب کو مزین کیا گیا ہے۔

کتاب کے صفحات (۴۰۰) اور قیمت صرف ۱۶۰/ روپے

حالات کے قدموں میں قلندر نہیں گرتا
ٹوٹے بھی ستارہ تو زمیں پر نہیں گرتا
گرتے ہیں سمندر میں بڑے شوق سے دریا
لیکن کسی دریا میں سمندر نہیں گرتا !



# انتساب

کائنات ارضی و سماوی میں قلندری کے
منصبِ جلیلہ پر فائز ہونے والے
**ڈھائی قلندروں کے نام**

(۱) حضرت لعل شہباز (عثمان مروندی) قلندر رحمۃ اللہ علیہ

(۲) حضرت بُو علی قلندر رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

(۳) حضرت رابعہ بصری علیہا الرحمۃ

# دیباچہ

قرآن حکیم اللہ تعالیٰ کا کلام پاک ہے آیتوں اور سورتوں میں جتنے حروف ہیں، اللہ تعالیٰ کی قدرتوں کے مظہر ہیں۔ ہر حرف خاص معنی اور خاص واقعہ ہے جو کوئی اس سے واقف ہو جائے بڑی بزرگی والا ہے وہ جو چاہے وہی ہو جائے۔ اللہ تعالیٰ کے نام اور کلام سے بڑھ کر کوئی اسم اعظم نہیں۔ جو کوئی اپنی حاجت کے لیے قرآنی آیات کی تلاوت کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کی حاجت روائی کرتا ہے۔ اس کے پیش نظر وظائف و عملیات دیئے گئے ہیں جن کے مطالعہ سے انسان کو کاملیت حاصل ہو جاتی ہے۔ تمام تر دنیاوی مشکلات کے ازالہ اور حاجت برآری کے لیے کلام اللہ سے رہنمائی حاصل کرنے والوں کے لیے وظائف، عملیات و تعویذات زیر نظر کتاب میں شامل کی گئی ہیں۔ مطالعہ کریں اور کاملیت، رشد و ہدایت اور فوز و فلاح کی منزل سے فائدہ اٹھائیں۔

اللہ تعالیٰ آپ کا حامی و ناصر ہے۔ یقین محکم ہو تو
کٹ جاتی ہیں زنجیریں!



# فہرست


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ | نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| ١ | تمہید کتاب | ٢٧ | ١٣ | ہر قسم کی مشکل کشائی کیلئے | ٤٦ |
| ٢ | وظائف برائے مشکلات و مہمات دنیا | ٢٩ | ١٤ | کشائش رزق کے لیے | ٤٧ |
| ٣ | اسم اللہ الصمد | ٣٠ | ١٥ | برائے تسخیر حب کیلئے | ״ |
| ٤ | سخت مشکل کے لیے | ״ | ١٦ | عمل سورۂ مزمل | ٤٩ |
| ٥ | سورۂ یٰسین سے مشکلات حل | ٣٢ | ١٧ | تسخیر دست غیب | ٥١ |
| ٦ | اسم یا وہاب | ٣٥ | ١٨ | عمل اللہ الصمد | ٥٤ |
| ٧ | اسم اعظم یا حی یا قیوم | ٣٦ | ١٩ | پریشانی دور عظیم وظیفہ | ٥٦ |
| ٨ | یا مغنی | ٣٨ | ٢٠ | حاجت کے لیے | ٥٧ |
| ٩ | قصیدہ بردہ شریف | ״ | ٢١ | ہر مصیبت اور غم کیلئے | ״ |
| ١٠ | سورہ یوسف کا وظیفہ | ٣٩ | ٢٣ | اگر کوئی مشکل آن پڑے | ٥٨ |
| ١١ | کشائش رزق کے لیے | ٤١ | ٢٤ | ہر نماز کے بعد دعا | ״ |
| ١٢ | تسخیر فتوحات کے اعمال | ٤٢ | ٢٥ | نقش برائے دمہ | ٥٩ |


Scanned with CamScanner

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|
| | **قرآنی سورتوں کے خواص** | ۶۵ |
| ۲۶ | سُورۃ فاتحہ (ہر مرض و سقم کے لیے) | ۶۷ |
| ۲۷ | سُورۃ بقرہ (آفات و بلیات کے لیے) | 〃 |
| ۲۸ | سُورۃ آلِ عمران (فقر و فاقہ کے لیے) | ۶۸ |
| ۲۹ | سُورۃ نساء (پریشانیوں سے نجات) | 〃 |
| ۳۰ | سُورۃ مائدہ (غیب سے روزی ملے) | ۶۹ |
| ۳۱ | سُورۃ انعام (ہر مشکل میں آسانی) | 〃 |
| ۳۲ | سُورۃ اعراف (ہر قسم کی حفاظت) | ۷۰ |
| ۳۳ | سُورۃ انفال (پریشانیوں کا حل) | ۷۰ |
| ۳۴ | سُورۃ توبہ (چشمِ خلائق میں معزز) | ۷۱ |
| ۳۵ | سُورۃ یُونس (دشمن کے شر سے محفوظ) | ۷۱ |
| ۳۶ | سُورۃ ہُود (حاجت روائی کے لیے) | ۷۲ |
| ۳۷ | سُورۃ یُوسف (جاہ و منصب کے لیے) | 〃 |
| ۳۸ | سُورۃ رعد (دفع آسیب کے لیے) | ۷۳ |
| ۳۹ | سُورۃ ابراہیم (نظر بد سے محفوظ) | 〃 |
| ۴۰ | سُورۃ حجر (کشائش رزق کے لیے) | ۷۴ |





| نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|
| ۴۱ | سُورۃ نحل (دشمن کو زیر کرے) | ۷۴ |
| ۴۲ | سُورۃ بنی اسرائیل (حافظہ کی کمزوری کیلئے) | ۷۵ |
| ۴۳ | سُورۃ کہف (ادائیگی قرض کے لیے) | 〃 |
| ۴۴ | سُورۃ مریم (روزی میں برکت کیلئے) | ۷۶ |
| ۴۵ | سُورۃ طٰہٰ (شادی بیاہ کے لیے) | 〃 |
| ۴۶ | سُورۃ انبیاء (بے چینی کے لیے) | ۷۶ |
| ۴۷ | سُورۃ حج (مال و جان کی حفاظت) | ۷۷ |
| ۴۸ | سُورۃ مومنون (بُری عادات کے لیے) | |
| ۴۹ | سُورۃ نُور (دشمن کے شر سے محفوظ) | ۷۸ |
| ۵۰ | سُورۃ فرقان (ظلم کے توڑ کے لیے) | 〃 |
| ۵۱ | سُورۃ شعراء (مطیع و فرمانبرداری کیلئے) | ۷۹ |
| ۵۲ | سُورۃ نمل (موذی جانوروں سے محفوظ) | 〃 |
| ۵۳ | سُورۃ قصص (ہر مرض کا علاج) | ۸۰ |
| ۵۴ | سُورۃ عنکبوت (دفع غم و الم) | 〃 |
| ۵۵ | سُورۃ روم (دشمن مغلوب) | ۸۱ |
| ۵۶ | سُورۃ لقمان (سمندری سفر سے محفوظ) | 〃 |

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|
| ۵۷ | سورۃ سجدہ (جذام و دق کے لیے) | ۸۲ |
| ۵۸ | سورۃ احزاب (دشمنوں پر فتح) | // |
| ۵۹ | سورۃ سبا (ظالم کے شر سے محفوظ) | ۸۳ |
| ۶۰ | سورۃ فاطر (مقصد میں کامیابی) | // |
| ۶۱ | سورۃ یٰسین (بے شمار فوائد) | // |
| ۶۲ | سورۃ والصّٰفّٰت (جنات سے محفوظ) | ۸۴ |
| ۶۳ | سورۃ ص (نظر بد سے حفاظت) | ۸۵ |
| ۶۴ | سورۃ زمر (خیر و برکت کے لیے) | // |
| ۶۵ | سورۃ مومن (جلدی امراض کے لیے) | ۸۶ |
| ۶۶ | سورۃ حٰم سجدہ (حاکم مہربان ہو) | ۸۶ |
| ۶۷ | سورۃ شوریٰ (دشمنوں پر غلبہ) | ۸۷ |
| ۶۸ | سورۃ زخرف (ہر مشکل میں آسانی) | // |
| ۶۹ | سورۃ دخان (پیٹ کے امراض) | ۸۸ |
| ۷۰ | سورہ جاثیہ (حاسدوں کے شر سے محفوظ) | // |
| ۷۱ | سورۃ احقاف (دفع آسیب کے لیے) | ۸۹ |
| ۷۲ | سورۃ محمد صلی اللہ علیہ وسلم (ہر مشکل کا حل) | // |
| ۷۳ | سورۃ فتح (دشمن مغلوب) | ۹۰ |
| ۷۴ | سورۃ حجرات دودھ کی کمی کے لیے | // |





| نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|
| ۷۵ | سورۃ قٓ (دانت نکالنے میں آسانی) | ۹۱ |
| ۷۶ | سورۃ ذاریات (اسقاط حمل کیلئے) | // |
| ۷۷ | سورۃ طور (جلد اور جذام کے لیے) | ۹۲ |
| ۷۸ | سورۃ نجم (فتح و نصرت کیلئے) | // |
| ۷۹ | سورۃ قمر حاجت روائی کیلئے | ۹۳ |
| ۸۰ | سورۃ رحمٰن (کثیر فائدے) | // |
| ۸۱ | سورۃ واقعہ (فقر و فاقہ کے لیے) | ۹۴ |
| ۸۲ | سورۃ حدید (دشمن دوست بنے) | ۹۵ |
| ۸۳ | سورۃ مجادلہ (بغض و عناد دور ہو) | ۹۵ |
| ۸۴ | سورۃ حشر (حافظہ مضبوط) | ۹۶ |
| ۸۵ | سورۃ ممتحنہ (مرض تلی کے لیے) | // |
| ۸۶ | سورۃ صف (سفر بخیر و عافیت گزرے) | ۹۷ |
| ۸۷ | سورۃ جمعہ (الفت محبّت کیلئے) | // |
| ۸۸ | سورۃ منافقون (دشمن و حاسد سے حفاظت) | ۹۸ |
| ۸۹ | سورۃ تغابن (تمام حاجات پوری ہوں) | // |
| ۹۰ | سورۃ طلاق (قلبی سکون کے لیے) | ۹۹ |
| ۹۱ | سورۃ تحریم (دشمنی دوستی میں بدل جائے) | // |
| ۹۲ | سورۃ ملک (قبر میں روشنی) | ۱۰۰ |


Scanned with CamScanner

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ | نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| ۹۳ | سورۃ نٓ (سردرد کے لیے) | ۱۰۰ | ۱۰۲ | سورۃ مرسلٰت (بخیر و عافیت سفر کرے) | ۱۰۵ |
| ۹۴ | سورۃ حاقہ (آسیب دفع) | ۱۰۱ | ۱۰۳ | سورۃ نبأ (قوت بصارت کیلئے) | 〃 |
| ۹۵ | سورۃ معارج (مردانہ کمزوری کیلئے) | 〃 | ۱۰۴ | سورۃ والنازعات (ایمان کی سلامتی کیلئے) | ۱۰۶ |
| ۹۶ | سورۃ نوح (دشمن زیر ہو) | ۱۰۲ | ۱۰۵ | سورۃ عبس (شب کوری کے لیے) | 〃 |
| ۹۷ | سورۃ جن (تسخیر جن و پری) | 〃 | ۱۰۶ | سورۃ تکویر (ہر مصیبت سے نجات) | ۱۰۷ |
| ۹۸ | سورۃ مزمل (شفائے امراض اور فاقہ کیلئے) | ۱۰۳ | ۱۰۷ | سورۃ انفطار دشمنوں کے شر سے محفوظ | ۱۰۸ |
| ۹۹ | سورۃ مدثر (غربت دور) | 〃 | ۱۰۸ | سورۃ تطفیف (گریۂ اطفال) | 〃 |
| ۱۰۰ | سورۃ قیمہ (چشم خلائق کے لیے) | ۱۰۴ | ۱۰۹ | سورۃ انشقاق (ولادت میں آسانی) | ۱۰۹ |
| ۱۰۱ | سورۃ دھر (رزق میں برکت) | 〃 | ۱۱۰ | سورۃ بروج ہر حاجت کے لیے | ۱۰۹ |





| نمبر شمار | عنوان | صفحہ | نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۱۱ | سورۃ طارق (آسیب دور) | ۱۱۰ | ۱۲۰ | سورۃ والتین (گمشدہ کی واپسی) | ۱۱۴ |
| ۱۱۲ | سورۃ اعلیٰ (سلامتی کے لیے) | 〃 | ۱۲۱ | سورۃ علق (حاکم وقت مہربان ہو) | ۱۱۵ |
| ۱۱۳ | سورۃ غاشیہ وبائی امراض کیلئے | ۱۱۱ | ۱۲۲ | سورۃ قدر (چشم خلائق میں معزز و محترم) | 〃 |
| ۱۱۴ | سورۃ فجر (ہر مشکل کے لیے) | 〃 | ۱۲۳ | سورۃ بینہ (امراض جگر کے لیے) | ۱۱۶ |
| ۱۱۵ | سورۃ بلد (نظر بد کے لیے) | ۱۱۲ | ۱۲۴ | سورۃ زلزال (مشکل مہمات کے لیے) | 〃 |
| ۱۱۶ | سورۃ والشمس جان و مال کی حفاظت | 〃 | ۱۲۵ | سورۃ والعادیات (ادائیگی قرض کے لیے) | ۱۱۷ |
| ۱۱۷ | سورۃ واللیل (ہر مشکل آسان) | ۱۱۳ | ۱۲۶ | سورۃ القارعہ (دفع وبا کے لیے) | 〃 |
| ۱۱۸ | سورۃ والضحیٰ (غائب حاضر ہو) | ۱۱۳ | ۱۲۷ | سورۃ التکاثر (برائیوں سے نفرت) | ۱۱۸ |
| ۱۱۹ | سورۃ الم نشرح تجارت میں برکت | 〃 | ۱۲۸ | سورۃ العصر (تسخیر حب کے لیے) | 〃 |


Scanned with CamScanner

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ | نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۲۹ | سورۃ ہمزہ (امراض قلب کے لیے) | ۱۱۹ | ۱۳۸ | سورۃ فلق (جادو ٹونے کے لیے) | ۱۲۳ |
| ۱۳۰ | سورۃ فیل (دشمن زیر ہے) | ؍؍ | ۱۳۹ | سورۃ والناس نظر بد سے محفوظ | ؍؍ |
| ۱۳۱ | سورۃ قریش (نظر بد کے لیے) | ۱۲۰ | | **عملیات وتعویذات** | ۱۲۵ |
| ۱۳۲ | سورۃ ماعون (جائز حاجت کے لیے) | ؍؍ | ۱۴۰ | اولاد زندہ رہے گی | ۱۲۷ |
| ۱۳۳ | سورۃ کوثر (دفع دشمن کے لیے) | ۱۲۱ | ۱۴۱ | زہر کا اثر جاتا رہے | ؍؍ |
| | | | ۱۴۲ | برائے نیش تتیا | ؍؍ |
| ۱۳۴ | سورۃ کافرون (دفع آفات وبلیات) | ؍؍ | ۱۴۳ | برائے خلاصی قرض | ۱۲۸ |
| | | | ۱۴۴ | دشمن کا خوف نہ ہو | ؍؍ |
| ۱۳۵ | سورۃ نصر (دشمن پر غلبہ) | ۱۲۲ | ۱۴۵ | عمل برائے دفع دشمن | ؍؍ |
| | | | ۱۴۶ | برائے حصول جمیع الحاجات | ۱۲۹ |
| ۱۳۶ | سورۃ لہب (ظالم کے ظلم سے محفوظ) | ؍؍ | ۱۴۷ | دشمن کی خرابی کے لیے | ؍؍ |
| | | | ۱۴۸ | برائے قضائے حاجت | ۱۳۰ |
| ۱۳۷ | سورۃ اخلاص (بے شمار فضائل) | ۱۲۳ | ۱۴۹ | پاگل پن سے نجات | ؍؍ |





| نمبر شمار | عنوان | صفحہ | نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۵۰ | پاگل پن سے نجات | ۱۳۰ | ۱۶۴ | حل المشکلات کے لیے | ۱۳۹ |
| ۱۵۱ | جانی ومالی نقصان سے بچاؤ | ۱۳۲ | ۱۶۵ | مشکلات پر غالب | ؍؍ |
| ۱۵۲ | ہیپاٹائیٹس کے لیے | ؍؍ | ۱۶۶ | رفع حاجت | ؍؍ |
| ۱۵۳ | موٹاپا ختم | ۱۳۳ | ۱۶۷ | عمل برائے حج | ۱۴۰ |
| ۱۵۴ | خونی بواسیر دور | ؍؍ | ۱۶۸ | برائے دفع طحال | ۱۴۱ |
| ۱۵۵ | دیگر | ۱۳۴ | ۱۶۹ | آسیب کے لیے | ۱۴۲ |
| ۱۵۶ | بچے کے رونے کیلئے | ؍؍ | ۱۷۰ | جس گھر میں سانپ ہو | ؍؍ |
| ۱۵۷ | ظالم کے ہاتھ سے رہائی | ۱۳۵ | ۱۷۱ | زیارت حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام | ۱۴۳ |
| ۱۵۸ | کفار کی مغلوبیت اور مسلمانوں کے غلبہ کیلئے | ۱۳۶ | ۱۷۲ | برائے حیاتی اولاد | ۱۴۴ |
| | | | ۱۷۳ | برائے حفاظت حمل | ؍؍ |
| ۱۵۹ | ظالموں سے نجات | ؍؍ | ۱۷۴ | قرض کی پریشانی | ۱۴۵ |
| ۱۶۰ | آنکھ کا درد | ؍؍ | ۱۷۵ | مصیبت وغم کے لیے | ؍؍ |
| | | | ۱۷۶ | حفاظت حمل ؍؍ | ۱۴۶ |
| ۱۶۱ | کان کا درد | ۱۳۷ | ۱۷۷ | ؍؍ | ۱۴۷ |
| ۱۶۲ | دانت کا درد | ۱۳۸ | ۱۷۸ | ؍؍ | ۱۴۸ |
| ۱۶۳ | سینہ کا درد | ؍؍ | ۱۷۹ | ؍؍ | ۱۴۹ |

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ | نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۸۰ | دفع آسیب | ۱۵۰ | ۱۹۷ | محبوب ہمیشہ تابع | ۱۶۲ |
| ۱۸۱ | آسیب سے محفوظ | ۱۵۱ | ۱۹۸ | غربت و افلاس کیلئے | ۱۶۳ |
| ۱۸۲ | دردِ شقیقہ کے لیے | ۱۵۲ | ۱۹۹ | دل کی روشنی کیلئے | ″ |
| ۱۸۳ | نقصان سے بچاؤ | ″ | ۲۰۰ | برائے پھلبہری | ۱۶۴ |
| ۱۸۴ | بے شمار ثواب | ۱۵۳ | ۲۰۱ | عمل دانتوں کا درد | ″ |
| ۱۸۵ | مفرور کی واپسی | ۱۵۴ | ۲۰۲ | برائے بواسیر | ۱۶۵ |
| ۱۸۶ | حفاظت مکان | ۱۵۵ | ۲۰۳ | برائے دفع مسان | ″ |
| ۱۸۷ | حفاظت بچگان | ۱۵۶ | ۲۰۴ | برائے کشائش رزق | ۱۶۶ |
| ۱۸۸ | لا علاج مریضوں کیلئے | ۱۵۷ | ۲۰۵ | شر شیاطین وجن سے محفوظ | ۱۶۷ |
| ۱۸۹ | ہر مرض کا علاج | ۱۵۸ | ۲۰۶ | برائے محبت | ۱۶۸ |
| ۱۹۰ | چور اور اچانک موت سے حفاظت | ″ | ۲۰۷ | دشمن سے بچاؤ | ″ |
| ۱۹۱ | ژالہ باری کو روکنا | ″ | ۲۰۸ | کامیابی کے لیے | ۱۶۹ |
| ۱۹۲ | چوپاؤں سے کھیت کی حفاظت | ۱۵۹ | ۲۰۹ | برائے گم شدگی اشیاء | ″ |
| ۱۹۳ | رزق غیب سے ملے | ″ | ۲۱۰ | سفر میں کامیابی | ۱۷۰ |
| ۱۹۴ | نقش سورۃ اخلاص | ۱۶۰ | ۲۱۱ | بواسیر کے لیے | ۱۷۱ |
| ۱۹۵ | نقش تلی کے لیے | ″ | ۲۱۲ | برائے برکت و فتوح | ″ |
| ۱۹۶ | نقش حب زوجین | ۱۶۱ | ۲۱۳ | برائے مار گزیدہ | ۱۷۲ |





| نمبر شمار | عنوان | صفحہ | نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| ۲۱۴ | برائے دردِ نصف سر | ۱۷۳ | ۲۳۱ | دشمن کے خوف سے بچنا | ۱۸۵ |
| ۲۱۵ | تعویذ برائے درد نیم سر | ″ | ۲۳۲ | مصیبت و قرض کیلئے | ″ |
| ۲۱۶ | برائے عمر درازی | ۱۷۴ | ۲۳۳ | ملازمت کے حصول کیلئے | ۱۸۶ |
| ۲۱۷ | مریض کی صحت یابی | ۱۷۵ | ۲۳۴ | ہر قسم کے درد کے لیے | ۱۸۷ |
| ۲۱۸ | پیٹ درد کے لیے | ۱۷۶ | ۲۳۵ | چیچک کے لیے | ۱۸۸ |
| ۲۱۹ | سماعت میں کمی | ″ | ۲۳۶ | ترقی رزق کے لیے | ۱۸۹ |
| ۲۲۰ | تسخیر خلائق کے لیے | ۱۷۷ | ۲۳۷ | وبائی امراض سے بچاؤ | ۸۹ |
| ۲۲۱ | ہر حاجت پوری ہو | ″ | ۲۳۸ | قبول دعا کے لیے | ۱۹۱ |
| ۲۲۲ | کشائش رزق کیلئے | ۱۷۹ | ۲۳۹ | عمل حب مجرب | ″ |
| ۲۲۳ | عمل برائے رضامندی | ″ | ۲۴۰ | گنڈہ حمل | ۱۹۲ |
| ۲۲۴ | ڈر یا خوف کے لیے | ۱۸۰ | ۲۴۱ | نقش نادعلی | ۱۹۳ |
| ۲۲۵ | مقدمہ بازی کے لیے | ۱۸۱ | ۲۴۲ | نقش آیات شفاء | ″ |
| ۲۲۶ | مفرور کی واپسی | ″ | ۲۴۳ | حاجت روائی کیلئے | ۱۹۴ |
| ۲۲۷ | برائے حاجت | ۱۸۲ | ۲۴۴ | نقش آیت کریمہ | ″ |
| ۲۲۸ | غربت و افلاس کیلئے | ۱۸۳ | ۲۴۵ | قضائے حاجت کیلئے | ۱۹۵ |
| ۲۲۹ | دشمن اور حاسد کیلئے | ″ | ۲۴۶ | مبہوت ہوگا | ۱۹۶ |
| ۲۳۰ | عمل برائے حل المشکلات | ۱۸۴ | ۲۴۷ | دینی و دنیاوی حاجت | ۱۹۷ |


Scanned with CamScanner

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ | نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| ۲۴۸ | عہدہ پر بحالی کے لیے | ۲۰۰ | ۲۶۵ | دینی و دنیاوی آرزو | ۲۰۹ |
| ۲۴۹ | چشم خلائق میں معزز | ״ | ۲۶۶ | برائے رفع شکایت بے خوابی | ۲۱۰ |
| ۲۵۰ | قرض کی ادائیگی | ״ | ۲۶۷ | ناگہانی تکلیفوں کا واحد حل | ״ |
| ۲۵۱ | ناحق قیدی کے لیے | ۲۰۱ | ۲۶۸ | اللہ کی رحمت سے مالا مال | ۲۱۱ |
| ۲۵۲ | مشکل مہم کے لیے | ״ | ۲۶۹ | خوف و ہراس کے لیے | ۲۱۲ |
| ۲۵۳ | مریض کی صحت یابی کیلئے | ۲۰۲ | ۲۷۰ | صلح کرانے کیلئے | ״ |
| ۲۵۴ | تسخیر خلائق کے لیے | ۲۰۳ | ۲۷۱ | بیماری سے بچاؤ | ۲۱۳ |
| ۲۵۵ | بُری عادات چھڑانا | ״ | ۲۷۲ | آسیب زدہ اور مرگی کیلئے | ۲۱۴ |
| ۲۵۶ | جہاں سانپ ہوں | ۲۰۴ | ۲۷۳ | داڑھ درد کے لیے | ۲۱۵ |
| ۲۵۷ | برائے آسانی پیدائش | ״ | ۲۷۴ | نارو کے لیے | ״ |
| ۲۵۸ | رعشہ ہاتھ پاؤں سوجانا | ۲۰۵ | ۲۷۵ | دفع بلیات کے لیے | ۲۱۶ |
| ۲۵۹ | قضائے حاجت کے لیے | ״ | ۲۷۶ | برائے وسعت رزق | ۲۱۷ |
| ۲۶۰ | کشائش رزق کے لیے | ۲۰۶ | ۲۷۷ | کان بہنا | ۲۱۸ |
| ۲۶۱ | قوت حافظہ کے لیے | ۲۰۷ | ۲۷۸ | نقش برائے برکت | ۲۱۹ |
| ۲۶۲ | راز اگلوانے کے لیے | ״ | ۲۷۹ | برائے دشمنی | ۲۲۰ |
| ۲۶۳ | درختوں کی حفاظت کیلئے | ۲۰۸ | ۲۸۰ | کشائش رزق | ۲۲۱ |
| ۲۶۴ | پیشاب کھولنے کیلئے | ۲۰۹ | ۲۸۱ | دروازہ کھولنے کیلئے | ״ |





| نمبر شمار | عنوان | صفحہ | نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| ۲۸۲ | زیادتی دودھ کے لیے | ۲۲۲ | ۲۹۹ | دوا کے اثر کے لیے | ۲۳۳ |
| ۲۸۳ | طویل عمر کے لیے | ״ | ۳۰۰ | نظر بد کے لیے | ״ |
| ۲۸۴ | جن اتارنے کے لیے | ۲۲۳ | ۳۰۱ | برص و جذام سے شفا | ۲۳۴ |
| ۲۸۵ | جلندر اور پھوڑے کا علاج | ״ | ۳۰۲ | وبائی امراض کے لیے | ۲۳۵ |
| ۲۸۶ | سر درد کے لیے | ۲۲۴ | ۳۰۳ | دردِ شقیقہ کے لیے | ״ |
| ۲۸۷ | چور کی شناخت کرنا | ۲۲۵ | ۳۰۴ | باہمی محبت کے لیے | ۲۳۶ |
| ۲۸۸ | خوف دور ہو | ۲۲۶ | ۳۰۵ | بچوں کی حفاظت کیلئے | ۲۳۷ |
| ۲۸۹ | دَرد زہ کے لیے | ۲۲۷ | ۳۰۶ | پیٹ درد کے لیے | ۲۳۸ |
| ۲۹۰ | حمل ساقط نہ ہو | ״ | ۳۰۷ | خوف سے بچاؤ | ״ |
| ۲۹۱ | آسیب زدہ کے لیے | ۲۲۸ | ۳۰۸ | برائے دفع آفات | ۲۳۹ |
| ۲۹۲ | قضائے حاجت کیلئے | ״ | ۳۰۹ | رفع حاجات کے لیے | ۲۴۰ |
| ۲۹۳ | عزت و مرتبہ کے لیے | ۲۲۹ | ۳۱۰ | رہائی قیدی | ״ |
| ۲۹۴ | دوستی کے لیے | ״ | ۳۱۱ | ہر بیماری کے لیے | ۲۴۱ |
| ۲۹۵ | جادو کا خاتمہ | ۲۳۰ | ۳۱۲ | نظر بد کے لیے | ״ |
| ۲۹۶ | دافع بلا تعویذ | ۲۳۱ | ۳۱۳ | مسان کی بیماری | ۲۴۲ |
| ۲۹۷ | جائز مراد کے لیے | ۲۳۲ | ۳۱۴ | بچوں کا سوکڑا پن | ״ |
| ۲۹۸ | قیام حمل کے لیے | ״ | ۳۱۵ | محبت زوجین | ۲۴۳ |


Scanned with CamScanner

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ | نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| ۳۱۶ | نظر بد کے لیے | ۲۴۴ | ۲۳۳ | حصول وعزت کے لیے | ۲۵۴ |
| ۳۱۷ | دوستی کے لیے | 〃 | ۲۳۴ | دشمن کے شر سے محفوظ | ۲۵۵ |
| ۳۱۸ | چشم خلائق میں مقبول | ۲۴۵ | ۲۳۵ | نظر بد کے لیے | 〃 |
| ۳۱۹ | خوشی ومسرت کے لیے | ۲۴۶ | ۲۳۶ | ہول دل کے لیے | ۲۵۶ |
| ۳۲۰ | دفع آسیب کے لیے | 〃 | ۲۳۷ | پیٹ درد کے لیے | 〃 |
| ۳۲۱ | برائے حیض | ۲۴۷ | ۲۳۸ | صحت کاملہ کے لیے | ۲۵۷ |
| ۳۲۲ | آسیب کے لیے | 〃 | ۲۳۹ | حفاظت سفر کے لیے | ۲۵۸ |
| ۳۲۳ | جادو سے بچاؤ | ۲۴۸ | ۲۴۰ | گھبراہٹ کے لیے | 〃 |
| ۳۲۴ | دفع قے | ۲۴۹ | ۲۴۱ | قیدی کی رہائی | ۲۵۹ |
| ۳۲۵ | حاملہ کے لیے | 〃 | ۲۴۲ | فراوانی دولت کیلئے | 〃 |
| ۳۲۶ | آفت وبلا سے بچاؤ | ۲۵۰ | ۲۴۳ | ہر جائز مراد پوری ہو | ۲۶۰ |
| ۳۲۷ | بچے کی زندگی کے لیے | 〃 | ۲۴۴ | گنڈا برائے بانجھ پن | ۲۶۱ |
| ۳۲۸ | بخار کے لیے | ۲۵۱ | ۲۴۵ | مطلوب مطیع | ۲۶۲ |
| ۳۲۹ | دفع نارو کے لیے | ۲۵۲ | ۲۴۶ | مطلوب بیقرار | ۲۶۲ |
| ۳۳۰ | کشائش رزق کیلئے | 〃 | ۲۴۷ | مطلوب تابع | ۲۶۳ |
| ۳۳۱ | کامیابی و فتح کے لیے | ۲۵۳ | ۲۴۸ | مطلوب بے چین | ۲۶۴ |
| ۳۳۲ | چشم دخلائق میں مقبول | 〃 | ۲۴۹ | پیٹ درد کے لیے | 〃 |





| نمبر شمار | عنوان | صفحہ | نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| ۳۵۰ | دل کی گھبراہٹ | ۲۶۵ | ۳۶۷ | سر درد | ۲۷۶ |
| ۳۵۱ | کامیابی کے لیے | ۲۶۶ | ۳۶۸ | محبت کے لیے | 〃 |
| ۳۵۲ | خوشی ومسرت کے لیے | 〃 | ۳۶۹ | ڈبہ اطفال | ۲۷۷ |
| ۳۵۳ | خوف اور نظر بد کے لیے | ۲۶۷ | ۳۷۰ | ہیضہ کے لیے | ۲۷۸ |
| ۳۵۴ | پیٹ درد کے لیے | 〃 | ۳۷۱ | زیادتی حیض | 〃 |
| ۳۵۵ | ہر دلعزیزی کے لیے | ۲۶۸ | ۳۷۲ | گھینگے کے لیے | ۲۷۹ |
| ۳۵۶ | زبان بندی کے لیے | 〃 | ۳۷۳ | بچے کا سوکڑا پن | 〃 |
| ۳۵۷ | سانپ کے کاٹے کا علاج | ۲۶۹ | ۳۷۴ | دفع آسیب | ۲۸۰ |
| ۳۵۸ | ہر آفت سے بچاؤ | ۲۷۰ | ۳۷۵ | کاروبار میں برکت | 〃 |
| ۳۵۹ | جنات سے بچاؤ | ۲۷۱ | ۳۷۶ | دشمن پر غلبہ | ۲۸۱ |
| ۳۶۰ | دشمن کو دوست بنانا | 〃 | ۳۷۷ | آفات وبلیات کے لیے | ۲۸۲ |
| ۳۶۱ | غالب رہنے کے لیے | ۲۷۲ | ۳۷۸ | عزت ومرتبہ کے لیے | 〃 |
| ۳۶۲ | سانپ کاٹے کا علاج | ۲۷۳ | ۳۷۹ | امراض چشم کے لیے | ۲۸۳ |
| ۳۶۳ | کشائش رزق کیلئے | 〃 | ۳۸۰ | رشتہ کے لیے | 〃 |
| ۳۶۴ | خزانہ معلوم کرنا | ۲۷۴ | ۳۸۱ | حاجت روائی کے لیے | ۲۸۴ |
| ۳۶۵ | سر درد کے لیے | ۲۷۵ | ۳۸۲ | مشکلات کا حل | 〃 |
| ۳۶۶ | لڑکی کی شادی کیلئے | 〃 | ۳۸۳ | میاں بیوی میں محبت | ۲۸۵ |


Scanned with CamScanner

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|
| ۳۸۴ | بچے کا بلا وجہ رونا | ۲۸۶ |
| ۳۸۵ | بخار کے لیے اکسیر عمل | ″ |
| ۳۸۶ | معشوق فوراً حاضر ہو | ۲۸۷ |
| ۳۸۷ | مطلوب بیقرار ہو | ″ |
| ۳۸۸ | محبوب حاضر ہو | ۲۸۸ |
| ۳۸۹ | برائے خلاصی محبوس | ۲۸۹ |
| ۳۹۰ | کتا نہ کاٹے | ۲۹۰ |
| ۳۹۱ | برائے گریختہ | ″ |
| ۳۹۲ | بھاگا ہوا واپس | ۲۹۱ |
| ۳۹۳ | برائے دفع نظر بد | ۲۹۲ |
| ۳۹۴ | نظر بد کے لیے | ″ |
| ۳۹۵ | برائے گریۂ اطفال | ۲۹۴ |
| ۳۹۶ | ہول دل کے لیے | ۲۹۵ |
| ۳۹۷ | مکان کی حفاظت | ″ |
| ۳۹۸ | قیدی کے لیے | ۲۹۶ |
| ۳۹۹ | قید سے آزادی | ۲۹۷ |
| ۴۰۰ | آنکھوں کا علاج | ۲۹۸ |
| ۴۰۱ | آنکھوں کا علاج | ۲۹۸ |
| ۴۰۲ | برائے شادی | ″ |
| ۴۰۳ | نزلہ زکام کے لیے | ۲۹۹ |
| ۴۰۴ | نقش برائے دوستی | ″ |
| ۴۰۵ | کینسر اور فالج کا علاج | ۳۰۰ |
| ۴۰۶ | گنڈہ برائے چندری | ۳۰۱ |
| ۴۰۷ | زبان بند ہو جانے کا علاج | ″ |
| ۴۰۸ | بے اولاد کے لیے نایاب تحفہ | ۳۰۲ |

**خواتین کے امراض کیلئے مجرب عمل** ۳۰۳

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|
| ۴۰۹ | ترقی دوکان کے لیے | ۳۰۶ |
| ۴۱۰ | برائے برکات | ″ |

**ارشادات نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** ۳۰۷





**درود گنج عاشقاں** ۳۱۱

**درود شریف (چالیس احادیث)**

**اوقات درود شریف** (۳۱۹)

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|
| ۴۱۱ | زبان بندی کے لیے | ۳۲۶ |
| ۴۱۲ | دو میں دشمنی ڈالنا | ″ |
| ۴۱۳ | بغض کے لیے پُر تاثیر | ۳۲۷ |
| ۴۱۴ | اسمائے حسنیٰ احروف ابجد | ۳۲۸ |
| ۴۱۵ | مفرور جلدی واپس | ۳۳۰ |
| ۴۱۶ | مفرور حاضر ہو | ″ |
| ۴۱۷ | نزلہ زکام بخار | ۳۳۱ |
| ۴۱۸ | مفرور کی واپسی | ″ |
| ۴۱۹ | کھانا تکلیف نہ دے | ۳۳۲ |
| ۴۲۰ | زبان بندی | ۳۳۳ |
| ۴۲۱ | جوڑوں میں درد | ۳۳۴ |
| ۴۲۲ | زبان بندی کے لیے | ۳۳۴ |
| ۴۲۳ | بار بار پیشاب آنا | ۳۳۷ |
| ۴۲۴ | دشمن کو تباہ کرنا | ″ |
| ۴۲۵ | دشمن کو برباد کرنا | ۳۳۸ |
| ۴۲۶ | جدائی کے لیے | ″ |
| ۴۲۷ | جدائی کے لیے اکسیر | ۳۳۹ |
| ۴۲۸ | چشم خلائق کیلئے | ″ |
| ۴۲۹ | برائے آسیب | ۳۴۰ |
| ۴۳۰ | نقش تسخیر | ۳۴۱ |
| ۴۳۱ | کینسر کا مجرب علاج | ″ |
| ۴۳۲ | مفلسی کا مجرب علاج | ″ |
| ۴۳۳ | غیر عورتوں کیطرف سے توجہ ہٹانا | ۳۴۲ |

**آیات بینات (قرآنی عملیات)** ۳۴۵

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|
| ۴۳۴ | ہر دلعزیز ہونا | ۳۴۶ |
| ۴۳۵ | حاجت روائی کیلئے | ″ |

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|
| ۴۳۶ | مشکل کشائی کے لیے | ۳۴۷ |
| ۴۳۷ | خیر و برکت کے لیے | // |
| ۴۳۸ | ہلاکت دشمن | ۳۴۸ |
| ۴۳۹ | تنگ دستی کے لیے | ۳۴۹ |
| ۴۴۰ | عمل دستِ غیب کیلئے | // |

## حاجات مہمّات اکسیر اعظم ۳۵۱

## سُورۃ یٰسین کے خواص ۳۵۲

## حرُوف سبعہ (۳۵۵)

## چہل کاف (۳۵۸)

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|
| ۴۴۱ | چہل کاف با مؤکل | ۳۵۹ |
| ۴۴۲ | چہل کاف کی زکوٰۃ ادا کرنا | ۳۶۰ |

## چہل کاف کی خاصیّتیں

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|
| ۴۴۳ | دفع آسیب کے لیے | ۳۶۳ |
| ۴۴۴ | ردّ سحر کے لیے اکسیر | // |
| ۴۴۵ | دردِ شقیقہ کے لیے | ۳۶۴ |
| ۴۴۶ | دردِ چشم | // |
| ۴۴۷ | دردِ شکم | ۳۶۴ |
| ۴۴۸ | درد اندام | ۳۶۵ |
| ۴۴۹ | درد عرق النساء | // |
| ۴۵۰ | بواسیر خونی بادی | // |
| ۴۵۱ | دشمن کے لیے | ۳۶۶ |
| ۴۵۲ | رہائی محبوس | // |
| ۴۵۳ | محبوب بے چین ہو | // |
| ۴۵۴ | بال لمبے ہوں | ۳۶۷ |
| ۴۵۵ | برائے مار گزیدہ | // |
| ۴۵۶ | برائے بانجھ پن | // |
| ۴۵۷ | برائے صرع (مرگی) | ۳۶۸ |





| نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|
| ۴۵۷ | برائے پریاں حاضر | ۳۶۸ |
| ۴۵۸ | برائے وسوسہ شیطانی | // |
| ۴۵۹ | برائے سنگرہنی | ۳۶۹ |
| ۴۶۰ | بری عادت ترک | // |
| ۴۶۱ | برائے مرد بدکار | // |
| ۴۶۲ | برائے ادائیگی قرض | ۳۷۰ |
| ۴۶۳ | دفع آسیب دیو | // |
| ۴۶۴ | دفع عدو کے لیے | ۳۷۱ |
| ۴۶۵ | برائے فراخی رزق | // |
| ۴۶۶ | دفع آسیب | // |
| ۴۶۷ | برائے دفع آسیب | // |

## استخارہ (۳۷۳)

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|
| ۴۶۸ | نماز استخارہ | ۳۷۴ |
| ۴۶۹ | دعائے استخارہ | ۳۷۵ |
| ۴۷۰ | لاجواب استخارہ | ۳۷۶ |
| ۴۷۱ | بے مثال استخارہ | ۳۷۶ |
| ۴۷۲ | مجرّب استخارہ | ۳۷۸ |

## آسان عمل تسخیر ہمزاد

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|
| ۴۷۳ | مجرب عمل تسخیر ہمزاد | ۳۸۳ |
| ۴۷۴ | مفید عمل تسخیر ہمزاد | ۳۸۴ |
| ۴۷۵ | عمل ہمزاد | ۳۸۵ |
| ۴۷۶ | لاجواب عمل تسخیر ہمزاد | // |
| ۴۷۷ | برائے تپ | ۳۸۸ |
| ۴۷۸ | برائے ہر مرض کا علاج | // |
| ۴۷۹ | برائے ہولِ دل | ۳۸۹ |
| ۴۸۰ | نقش نادِ علی | // |
| ۴۸۱ | بیمار جانوروں کیلئے | ۳۹۰ |
| ۴۸۲ | نظر بد کے لیے | // |
| ۴۸۳ | نرینہ اولاد کیلئے | ۳۹۱ |
| ۴۸۴ | مشکل وقت کے لیے | // |

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ | نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| ۴۸۵ | عمل حُب تسخیر | ۳۹۲ | ۴۹۰ | ذیابیطس (شوگر) | ۳۹۵ |
| ۴۸۶ | ہر خواہش کیلئے | ۳۹۳ | ۴۹۱ | امتحان میں کامیابی | ۳۹۶ |
| ۴۸۷ | دردِ زہ کے لیے | ؍؍ | ۴۹۲ | ہر مہم اور مشکل کیلئے | ۳۹۷ |
| ۴۸۸ | ادائیگی قرض کے لیے | ۳۹۴ | ۴۹۳ | نقش دفع سحر وجادو | ۳۹۸ |
| ۴۸۹ | السر یا معدے میں زخم | ۳۹۵ | ۴۹۴ | دشمن کی ہلاکت | ۳۹۹ |




# تمہید کتاب

تمہید کتاب میں اوّلاً آیت قرآنی

یٰاَیُّھَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوا اذۡکُرُوا اللّٰہَ ذِکۡرًا کَثِیۡرًا

ثانیاً حدیث شریف نقل کرتا ہوں جس سے ذاکرین کی فضیلت نکلتی ہے اور غافلین کی مذّمت چنانچہ وہ حدیث شریف یہ ہے۔ مَثَلُ الَّذِیۡ یَذۡکُرُ رَبَّہٗ وَالَّذِیۡ لَا یَذۡکُرُ رَبَّہٗ مَثَلُ الۡحَیِّ وَالۡمَیِّتِ ترجمہ مثال اُس شخص کی کہ اپنے پروردگار کو یاد کرتا ہے اور اُس شخص کی جو اپنے پروردگار کو یاد نہیں کرتا۔ مثال زندے اور مردے کی ہے۔

( بخاری، مسلم )

خلاصہ کلام کا یہ ہے، کہ

"ذکر ذاکر کے دِل کی حیات ہے اور غفلت ذکر سے دِل کی موت ہے۔ تو جیسے زندہ اپنی زندگی سے بہرہ مند ہوتا ہے۔ ایسا ہی ذاکر اپنے ذکر سے بہرہ مند ہوتا ہے۔ اور نہ یاد کرنے والا جس کو اپنے عمل سے بہرہ نہیں مُردے کے مانند ہے جس کو زندگانی سے کچھ فائدہ نہیں ہوتا۔

ے زندگانی نتوان گفت حیاتیکہ مراست
زندہ آنست کہ با دوست وصائے دارد

چنانچہ تمام قرآن شریف اور احادیث نبویہ ذکر اللہ کی فضیلت سے مملو اور پُر ہیں۔ ذکر اللہ سے بڑھ کر کوئی شے نہیں۔ چنانچہ اعمال کا دار و مدار بھی کثرتِ ذکر الٰہی پر موقوف ہے اس لیے اوّلاً مختصراً ذکر اللہ کی بزرگی بیان کی گئی جب تک عامل متبع شریعت ذاکر شاغل صاحب نسبت نہ ہوگا۔ عمل کی تاثیر سے محروم رہے گا۔ لہٰذا تنبیہاً لکھا جاتا ہے کہ ساعات شمسیہ و قمریہ و اوقات وظائف کا عامل کو از حد خیال رکھنا چاہیئے ورنہ شکایت بیکار اور لغو سمجھی جاوے گی۔



# وظائف برائے مشکلات و مہمّاتِ دُنیا

اسمائے الٰہی میں سے ذاتی اسم اَللّٰہ ہے باقی اسماء صفاتی ہیں۔ منجملہ تمام ناموں کے ایک نام اُس کا اَللّٰہُ الصَّمَدُ ہے۔ اور صفت صمدیت اُس کی خاص صفت ہے اور دنیاوی امور کیا دینی امور اُس سے فوراً حل ہو جاتے ہیں۔ چنانچہ کشفِ قلوب و قبور و کشفِ آئندہ۔ تسخیر خلائق وغیرہ کا ہو جانا اس اسم مذکور کا ایک ادنیٰ خاصہ ہے۔ لہٰذا ایک ترکیب تو مجھ کو اس اسم شریف اَللّٰہُ الصَّمَدُ کی یہ پہونچی ہے۔ تین روز متواتر روزہ رکھے اور ترکِ حیواناتِ جلالی و جمالی کے قاعدہ سے پرہیز گوشت ہر قسم و مچھلی وغیرہ لہسن پیاز سے قطعاً کر دے۔ دُوم ایام صیام میں شب کو نماز عشا پڑھ کر وِتر چھوڑ دے اور بوقت تہجد اُٹھ کر وِتر مع تہجد ادا کر کے یہ درود شریف اوّل آخر اکتالیس ۴۱ اکتالیس ۴۱ مرتبہ پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ
کُلِّ دَآءٍ وَّدَوَآءٍ وَّکُلِّ عِلَّۃٍ وَّشِفَآءٍ وَّشِفَآءٍ وَّشِفَآءٍ

بعدہ سورہ اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ بتمامہ اکیس ۲۱ مرتبہ کھڑا ہو کر پڑھے۔ پھر بیٹھ کر تین ہزار دو سو اکتالیس (۳۲۴۱) مرتبہ اَللّٰهُ الصَّمَدُ پڑھے۔ اس کے بعد درود تنجینا اکتالیس ۴۱ دفعہ کھڑے ہو کر پڑھے بعد ازاں پھر بیٹھ کر سورہ اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ بتمامہ اکتیس ۳۱ مرتبہ پڑھ کر دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ایک چلّہ میں مطلب پورا ہو جاتا ہے اور قلب کی حالت نہایت عمدہ ہو جاتی ہے۔ آزمودہ مجرب ہے۔

## اسم اَللّٰهُ الصَّمَدُ

بماہ ساون یا بھادوں (زہرہ ستارہ) جو چاند کے ساتھ نکلتا ہے اُس کو اکثر نجومی خوب جانتے ہیں اُن سے دریافت کر کے اُن ایام میں یہ اسم پڑھے۔ تین شب میں یا سات شب میں غسل کر کے بحالت تنہائی پہلے سوا لاکھ بطور زکوٰۃ پورا کر دے بعدہ جس قدر چاہے ہمیشہ کے واسطے وِرد رکھے۔ اور اوّل آخر درود شریف ہزارہ پڑھتا رہے۔

## سخت مشکل کے لیے

بعد نماز عشاء اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر ان اسماء



یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ الْمُسْتَغَاثُ کی ایک تسبیح پڑھے مابعد اس کے سات مرتبہ مُسْتَغَاثُ مُسْتَغَاثُ اور اکیس مرتبہ اَلْمُسْتَغَاثُ الْمُسْتَغَاثُ دائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی کھڑی کر کے اپنے سامنے اٹھا کر پڑھے اس کے بعد

اَللّٰهُ الصَّمَدُ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اَللّٰهُ الصَّمَدُ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اَللّٰهُ الصَّمَدُ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ

يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

ایک بار پڑھے علیٰ ہذا اسی طرح گیارہ تسبیحیں کر کے گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر بصدق دل نہایت عاجزی کے ساتھ اپنے مقصود کی دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ قبول و منظور ہو گی۔

## چوتھی ترکیب

بلا قید پرہیز ہمیشہ تین ہزار تین سو مرتبہ اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھا کریں نہایت مجرب معمولِ مشائخ سے ہے۔ علاوہ اس کے اللہ سبحانہ و تعالیٰ کے ننانوے نام کا جو شخص ہمیشہ ورد رکھے،

حدیث شریف میں آیا ہے کہ وہ شخص قطعی جنتی ہے اور اس کی تمام مہمات کا اللہ تعالیٰ خود کفیل ہو جاتا ہے افسوس ہے لوگوں پر کہ ایسے وظیفہ مستندہ کو نہیں پڑھتے اور غور نہیں کرتے کہ جس کے واسطے ہمارے آقا یوں فرمائے ۔ پھر ہم نہ مانیں تو ہمارا کیا حال ۔ اللہ تعالیٰ توفیق عمل عنایت فرمائے ۔

## سورۂ یٰسین سے مشکلات و مہمات کا حل (دینی و دنیوی)

حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی علیہ الرحمۃ تحریر فرماتے ہیں کہ اوّل آخر تین تین مرتبہ درود شریف پھر لفظ یٰسین کو تین مرتبہ تکرار کر کے شروع کریں جس وقت لفظ مبین پر پہونچا جاوے سورۂ الحمد شریف ۔ نستعین تک پڑھتا جاوے اور تمام کلمات اذان کے انگشت شہادت اٹھا کر کہتا جاوے بعد جبکہ آیت ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ پر پہونچے آیت مذکورہ کو سات مرتبہ تکرار کرے ۔ اور ان اسماء (یَا قَدِیْرُ یَا عَزِیْزُ یَا عَلِیْمُ) کو علیحدہ سات سات بار پڑھے ۔ اس کے بعد جب آیت سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ پر پہونچے اس آیت کو بھی سات مرتبہ پڑھے ۔ پھر جبکہ کلمہ مِثْلَهُمْ پر پہونچے اس کو بھی تین مرتبہ



تکرار کرے ۔ بعدہ سورۂ یٰسین شریف تمام کرے اور سورۂ فاتحہ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ تک پڑھے اور انگشت شہادت اٹھا کر تمام کلمات اذان کے کہے ۔ مابعد سورۂ فاتحہ بتمامہ پوری کر کے درود شریف اور لَا حَوْلَ اور یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ اور آیۂ کریمہ: لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۔ ہر ایک سو مرتبہ ۔ آخر میں درود شریف تین مرتبہ پڑھ کر ثواب روح پر فتوح جناب حضرت مجدد الف ثانی شیخ احمد فاروقی سرہندی علیہ الرحمۃ کو بخش دے اور ان کے وسیلے سے دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ مراد دلی جلد حاصل ہوگی ۔ مجرب آزمودہ ہے

## دوسری ترکیب سورہ یٰسین شریف

ہمیشہ بلا ناغہ بعد نماز فجر ایک مرتبہ سورہ یٰسین شریف اس ترکیب سے پڑھے کہ ہر مبین پر ہزار مرتبہ (سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ) کی تکرار کرے اور اگر ہزار ہزار مرتبہ نہ ہو سکے تو پانچ سو مرتبہ اس سے کم ہر مبین پر نہ پڑھا کرے ۔ اس کے بہت سے فوائد ہیں ۔ قلب میں عجیب کیفیت پیدا ہو جاتی ہے ۔ حاجات دینوی پوری ہو جاتی ہیں ۔ نہایت مجرب ہے

## تیسری ترکیب سورہ یٰسین کشائش رزق کیلئے

حضرات چشتیہ و مشائخ قادریہ سے منقول ہے کہ کشائش رزق اور
مہمات حل کے لیے یہ ایک انمول وظیفہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ سُبْحَانَ الْمُفَرِّجِ
عَنْ کُلِّ مَحْزُوْنٍ سُبْحَانَ الْمُنَفِّسِ عَنْ کُلِّ
مَدْیُوْنٍ سُبْحَانَ مَنْ جَعَلَ خَزَائِنَ عِلْمِہٖ وَ
حِکْمَتِہٖ بَیْنَ الْکَافِ وَالنُّوْنِ یَا مَنْ اِذَا اَرَادَ
شَیْئًا اَنْ یَّقُوْلَ لَہٗ کُنْ فَیَکُوْنُ ○ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ
دُعَآءً مُّسْتَجَابًا مِّنْ غَیْرِ رَدٍّ وَّرِزْقًا وَّاسِعًا مِّنْ
غَیْرِ کَدٍّ وَّعِلْمًا نَّافِعًا مِّنْ غَیْرِ جَدٍّ وَاَعُوْذُ بِکَ مِنَ
الْفَضِیْحَتَیْنِ الْفَقْرِ وَالدَّیْنِ یہاں اَغِثْنَا یَا رَسُوْلَ
الثَّقَلَیْنِ تین مرتبہ کہے۔ بعدہ یَا مُفَرِّجَ الْھَمِّ فَرِّجْ
بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔ اوّل آخر تین تین مرتبہ



یا سات سات مرتبہ درود شریف اور ہر مبین پر دعائے مذکورہ تین مرتبہ
پوری پڑھے۔ اور یٰسین شریف صرف ایک مرتبہ اس ترکیب مذکور کے
موافق بعد نماز فجر یا عشاء پڑھ لیا کرے نہایت مجرب ہے۔

علاوہ ان ترکیبات کے سورۂ یٰسین شریف نہایت عمدہ شئے
ہے۔ ابن ماجہ شریف کی حدیث میں آیا ہے کہ جس شخص نے ایک مرتبہ
خلوص نیت سے یٰسین شریف کو پڑھا تو گویا پڑھا اُس نے دس قرآن
شریف کو۔ کیا معنی دس قرآن کے موافق اس سورہ مبارک کا ثواب ہوتا
ہے اور جمیع آفات ظاہری و باطنی اور فقر و فاقہ سے اس کا پڑھنے والا
مامون و محفوظ رہتا ہے۔ اس کو تنگ دستی نہیں ستاتی۔

## یَا وَهَّابُ

اللہ سبحانہ، تعالیٰ کے اسماء مبارکہ میں سے ایک اسم شریف
(یَا وَهَّابُ) بھی ہے جس کے معنی ہیں (بے مشقت و محنت کے
دینے والا) اب یہاں ایک نکتہ دقیقہ جو سینہ بسینہ فقراء سے چلا آتا
ہے۔ جس کو فقراء نہیں بتلاتے وہ عرض کرتا ہوں۔ وہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ
کا اسم ذاتی صرف اللہ ہے اور باقی اسماء صفاتیہ ہیں جس کا بیان یہ ہے
جو اشخاص صرف اسم صفاتی ——— پڑھتے ہیں اس میں اثر اور

جلد ظہور اس کا کیوں نہیں ہوتا اس کا کیا سبب ہے۔ چنانچہ اُس کا سبب اصلی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کا نام ذاتی اور صفاتی ملا کر نہیں پڑھتے اس واسطے فقراء کاملین اور مرشد کامل کی ضرورت ہے۔ کیونکہ یہ نکات بغیر درویش اور رہنما کے میسّر نہیں آسکتے۔ لہٰذا ہر اسم شریف کو (اللہ) اسم ذاتی کے ساتھ ضم کر کے پڑھنا چاہیئے یعنی یہ پڑھو (یَا اَللّٰہُ یَا وَھَّابُ) تو بہت جلد مطلب حاصل ہو گا۔ علاوہ ازیں جو شخص اس اسم وَھَّابُ کو بعد نماز فجر کے چار ہزار یا تین ہزار سوا سو مرتبہ اوّل و آخر درُود شریف ہمیشہ بلا ناغہ معمولی طور پر پڑھتا رہے۔ تو انشاء اللہ تعالیٰ کچھ دنوں میں غنی ہو جاوے گا۔ نہایت آزمودہ ہے۔

## اسم اعظم (یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ)

اسم اعظم میں علمائے متقدّمین و متاخرین کا اختلاف ہے بعض آیت کریمہ شریف کو اسم اعظم بتلاتے ہیں اور بعض نے (یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ) کو اسم اعظم قرار دیا ہے اور اصل کل اسماء باری تعالیٰ کے من وجہ اسم اعظم ہیں۔ کیونکہ ہر ایک اسم اللہ تعالیٰ کا ہے خواہ صفاتی ہو یا ذاتی ہو جبکہ اللہ تعالیٰ کا دھیان اور خیال کر کے کوئی اسم اسمائے الٰہی سے پڑھا اسم اعظم ہو



گیا۔ اور چونکہ آیت کریمہ اور (یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ) کے بارہ میں احادیث میں آیا ہے کہ یہ اسم اعظم ہے چنانچہ صوفیہ کا بھی اسی پر اتفاق ہے اور آیت کریمہ کے اسم اعظم ہونے کی تصدیق حضرت یونس علیہ الصّلوٰۃ والسّلام کا قصہ اس دعا کی برکت سے نجات ملنے کا پختہ اور کافی ثبوت ہے۔

اکثر صوفیہ صافیہ رحمہم اللہ تعالیٰ آیت کریمہ کو کبریت احمر کے حکم میں کہتے ہیں چنانچہ جب کوئی مہم سخت پیش آوے اور وہ حل نہ ہو تو سوا لاکھ کا چلہ پورا کر دیا جاوے انشاء اللہ تعالیٰ مشکل فوراً حل ہو جائے گی اگر سوا لاکھ کرنے میں دشواری ہے تو ہر نماز کے بعد ایک تسبیح اوّل و آخر درُود شریف کا ہمیشہ معمول رکھے۔ ہر بلا سے امن دینے والی غنی کر دینے والی عارف باللہ بنانے والی آیت کریمہ ہے اس میں کوئی شک و شبہ نہیں کہ اس کے تاثیرات عجیب غریب ہیں۔ باقی رہا (یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ) خواہ اس طرح سے ہمیشہ پڑھا کرے یا اس طرح سے (یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ) بعد نماز فجر یا عشاء پانچ سو مرتبہ پڑھ لیا کریں۔ اس کے بھی عجیب خواص ہیں۔

# یَا مُغْنِیُ

یَا مُغْنِیُ اسم مبارک گیارہ سو مرتبہ اور گیارہ مرتبہ سُورۂ مزّمّل شریف بعد نماز فجر بلاناغہ اپنا معمول رکھے جمیع بلیات اور آفات ظاہری و باطنی سے محفوظ رکھنے والی اور ترقیات صوری و معنوی بخشنے والی نہایت آزمودہ چیز ہے جو چاہے عمل کر دیکھے۔

# قصیدہ بُردہ شریف

مہمات مشکل آفاتِ ظاہری و باطنی سے محفوظ رہنے کے لیے قصیدہ بُردہ شریف کا پڑھنا نہایت مجرب ہے۔ کئی مشکلیں نبی پاک کے صدقے حل ہوجاتی ہیں۔ مجھ کو خصوصیت سے قصیدہ شریف کے دو شعر ان بزرگ نے عطا فرمائے تھے۔ اور فرمایا تھا کہ جو شخص ان اشعار کو کسی مشکل کے وقت باوضو حالت میں پڑھے گا انشاء اللہ تعالیٰ اپنی مراد کو پالے گا۔

وَمَا حَوَى الْغَارُ مِنْ خَيْرٍ وَّمِنْ كَرَمٍ
وَكُلُّ طَرْفٍ مِّنَ الْكُفَّارِ عَنْهُ عَمِي



فَالصِّدْقُ فِي الْغَارِ وَالصِّدِّيْقُ لَمْ يَرِمَا
وَهُمْ يَقُوْلُوْنَ مَا بِالْغَارِ مِنْ اَرِمِ

## سُورۂ یُوسف (برائے کشائش رزق)

سُورۂ یُوسف بعد نماز تہجد یا بعد نماز عشاء شروع کرے اور جس جگہ نام حضرت یُوسف علیہ السلام کا آوے تین مرتبہ تکرار کرے۔ رکوع اوّل میں جو آیت وَيُتِمُّ نِعْمَتَهٗ الخ ہے اس کو آخر تک تین مرتبہ تکرار کرے۔ پھر جس وقت آیت (فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ) پر پہونچے آیت مذکور کی ستائیس ۲۷ مرتبہ تکرار کرے۔ پھر آگے چل کر (وَاللّٰهُ غَالِبٌ عَلٰى اَمْرِهٖ) پر پہونچے اس کو پانچ مرتبہ پڑھے۔ بعدہٗ جس وقت سیپارہ شروع (وَمَا اُبَرِّئُ نَفْسِيْ) پر آوے اس آیت کو (تا غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ) سات مرتبہ پڑھے۔ بعد جس وقت آیت (قَالَ اجْعَلْنِيْ عَلٰى خَزَآئِنِ الْاَرْضِ) پر پہونچے تا اِنِّيْ حَفِيْظٌ عَلِيْمٌ ستائیس ۲۷ مرتبہ پڑھے۔ بعد ازاں جس وقت آیت (عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَعَلَيْهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ) پر پہونچے اس آیت کو بھی

ستائیس ۲۷ مرتبہ پڑھے۔ زاں بعد آیت (فَصَبْرٌ جَمِیْلٌ عَسَی اللّٰہُ اَنْ یَّاْتِیَنِیْ بِہِمْ جَمِیْعًا) پر پہونچے اس کو بھی ستائیس ۲۷ مرتبہ پڑھے جس وقت آیت (اِنَّ رَبِّیْ لَطِیْفٌ لِّمَا یَشَآءُ) اِنَّہٗ ھُوَ الْعَلِیْمُ الْحَکِیْمُ پر پہونچے ستائیس مرتبہ تکرار کرے۔ اس کے بعد جب آیت (رَبِّ قَدْ اٰتَیْتَنِیْ مِنَ الْمُلْکِ وَعَلَّمْتَنِیْ مِنْ تَاْوِیْلِ الْاَحَادِیْثِ) پر پہونچے اس کو تین مرتبہ پڑھے۔ بعدہٗ آیت (اَنْتَ وَلِیّٖ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ تَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ ○ اس کو بھی حسب دستور سابق ستائیس ۲۷ مرتبہ پڑھے۔ پھر تمام کرکے سورت کو دعا مانگے۔ درمیان میں پڑھنے کے کلام نہ کرے نہایت مجرب ہے۔ اس کے علاوہ ایک ترکیب صوفیہ کرام کے واسطے مخصوص ہے وہ یہ ہے کہ ہمیشہ نماز تہجد میں اس سورت کو پڑھا کرے۔ کیونکہ رکعتیں تہجد کی بارہ ہیں اور اس سورت کے رکوع بھی ۱۲ ہیں۔

اس سورت کو نماز تہجد میں پڑھنے سے قلبی سکون، روحانیت اور اللہ اور اس کے رسول سے لگاؤ اور عشق و محبت زیادہ پیدا ہوتی ہے۔ اور فراخی رزق اور تنگ دستی دور ہوتی ہے۔



## کشائش رزق کیلئے

یہ نقش کشائش رزق کے لیے نہایت مجرب ہے۔ یہ نقش اسم یَا بَاسِطُ کا ہے۔

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۱۸ | ۴۸ | ۶ |
| ۱۲ | ۲۴ | ۳۶ |
| ۴۲ | یا باسط | ۳۰ |

ترکیب زکوٰۃ اس کی یہ ہے۔ کہ علی الصباح نماز کے بعد گیارہ نقش لکھے اور گیارہ سو مرتبہ اس اسم مذکور کو پڑھا کرے اور نقش کو لکھ کر دریا میں ڈال دیا کرے۔ اگر بفرض محال دریا قریب نہ ہو تو نہر یا چلتے پانی میں ڈال دے۔ وقت مقررہ کے خلاف نہ کرے اور نقش لکھنے کے درمیان کسی سے کلام نہ کرے۔

ایک تاثیر اس نقش کی یہ بھی ہے کہ اس کو لکھ کر قیدی کی پشت پر چسپاں کردے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد رہائی پا دے۔

# تسخیر فتوحات کے اعمال

اخلاق سب سے کرنا تسخیر ہے تو یہ ہے کہ خاک اپنے آپ کو سمجھنا سب کام اپنے تقدیر کے حوالے کرنا۔ عاقلوں کے نزدیک تدبیر ہے تو یہ ہے۔ زنگ دوئی سے دِل کا آئینہ صاف کرنا۔ نزدیک عارفوں کے تنویر ہے تو یہ ہے اب یہاں سے اعمال شروع ہیں۔ اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ میں خلائق کو مسخر کرلوں تو اس کو چاہیئے کہ اس خیالِ فاسد کو چھوڑ کر مذکورہ باتوں پر عمل کرے۔ اور اگر وہ اپنے خیال کو نہ چھوڑ سکے تو عروج ماہ میں اس عزیمت کو تین ہزار چھبیس مرتبہ اوّل و آخر درود شریف ہمیشہ بلاناغہ چالیس یوم تک پڑھے۔

یَا عَزِیْزُ مِنْ کُلِّ عَزِیْزٍ بِحَقِّ یَا عَزِیْزُ۔

پھر جس وقت یہ عزیمت پڑھ چکا کرے سجدہ میں جا کر یہ دُعا مانگے۔

اَللّٰھُمَّ یَا اَللّٰہُ یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ۔ سجدہ میں سات مرتبہ دُعائے مذکور پڑھ کر بیٹھ جاوے اور تمام انبیائے عظام اور اولیائے کرام کے طفیل اور وسیلہ سے دُعا مانگے۔ علیٰ ہذا اس طرح سے دوسرا سجدہ کر کے دُعائے مذکورہ پڑھے اور سلام پھیر کر چلا جاوے۔ اب اس میں ایک



نکتہ یہ ہے کہ اگر تسخیر عامہ منظور ہو تو بلا کسی خاص تصور کے پڑھے۔ اور جو یہ منظور ہو کہ فلاں شخص مُسَخَّر ہو جاوے تو خصوصیت سے اُس کا تصور کرنا شرطِ عمل ہے۔ اس عمل کے علاوہ حُب و تسخیر کے واسطے شب جمعہ کو آدھی رات کے بعد یہ آیت شریف پڑھے۔

فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰـہَ اِلَّا ھُوَ ؕ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ۚ

اور اس کے بعد

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الرَّبُّ حَسْبِیْ مِنْ فُلَانِ بْنِ فُلَانَۃَ اَوْ فُلَانَۃَ بِنْتِ فُلَانَۃَ اِعْطِفْ قَلْبَہٗ اَوْ قَلْبَھَا عَلَیَّ وَذَلِّلْہُ اَوْ ذَلِّلْھَا اِلَیَّ۔

اور بجائے فلاں بن فلانہ نام اُس شخص کا اور اس کی ماں کا لے جس کی محبت اور چاہت منظور ہو اور فلاں بنت فلانہ اس لیے ہے کہ اگر وہ عورت ہو تو اُس کی ماں کا نام لیوے اور اُس کا بھی وہ شخص اُس پر مہربان ہو جائے گا اور اگر ماں کا نام معلوم نہ ہو ابن حوّا بنت حوّا کہدے عاملوں کا یہ بھی طریقہ ہے۔

ایضاً یہ نقش بھی حب و تسخیر میں بارہا آزمایا گیا ہے از حد مؤثر ہے۔ ترکیب

اس کی یہ ہے۔ کہ عروج ماہ میں عصر سے مغرب تک ہر روز اکیس ۲۱ روز تک متواتر پانچ ہزار بار اس عزیمت کو پڑھا کرے۔

اِجْعَلْ قَلْبِیْ وَذٰلِکَ یَا وَدُوْدُ یَا وَدُوْدُ۔ یَا وَدُوْدُ عَلَیْہِ اَعْطِنِیْ وَالَّذِیْ قُلُوْبِ عِبَادِکَ الْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ کُلِّ قَلْبٍ عَزِیْزٍ بِحَقِّ یَا عَزِیْزُ۔

جس وقت پڑھنے بیٹھے نقش کو لکھ کر اپنی ڈاڑھ میں رکھ لیا کرے جبکہ بطور زکوٰۃ ۲۱ یوم پورے ہو جائیں۔ اُس کے بعد ایک مرتبہ پڑھ کر گلاب یا عطر پر دم کر کے اپنی پیشانی پر ملے اور مطلوب کے سامنے جاوے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مطلوب فوراً مطیع و فرمانبردار ہو جائے گا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| اللہ | اللہ | اللہ |
| ب ۱۵۸ | ب ۱۵۸ | ب ۱۵۸ |
| ب ۱۵۸ | ب ۱۵۸ | ب ۱۵۸ |

عمل نہایت مجرب اور آزمودہ ہے



## فتوحات کیلئے

یہ سب جانتے ہیں کہ یہ نقش پندرہ کا ہے چونکہ شرائط پورے نہیں کر سکتے اس لیے اثر نہیں پاتے ورنہ یہ نقش عجیب و غریب ہے اس کا قاعدہ زکوٰۃ کا یہ ہے کہ بعد نماز تہجد جس قدر لکھ سکے مقرر کر کے لکھ لیا کرے اور درمیان میں کسی سے کلام نہ کرے جس وقت سوا لاکھ کی زکوٰۃ یا قاعدہ پوری ہو جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ فتوحات ہو جائے گی اور نقش جامع ہے ہر کام کے لیے اکسیر ہے۔ آزمودہ مجرب ہے نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۶ | ۱ | ۸ |
| ۷ | ۵ | ۳ |
| ۲ | ۹ | ۴ |

**دوسری ترکیب:-** زکوٰۃ کی یہ ہے کہ پندرہ یوم تک پندرہ نقش باشرائط لکھ کر دریا، یا نہر میں ڈال دیا کرے یا اپنے استعمال میں لاتا رہے نہایت مجرب ہے۔

اگر حُب کے واسطے لکھے دیگدان میں دفن کرے۔ نقش کے نیچے مطلوب کا نام لکھے

اگر بغض کے واسطے لکھے تو پرانی قبر میں دفن کرے اور نیچے نقش

Scanned with CamScanner

کے دشمن اور اس کی ماں کا نام لکھے۔

## ہر قسم کی مشکل کشائی کیلئے

ایک زمانہ بیس کے نقش کی تلاش و جستجو میں ہے اور دستیاب نہیں ہوتا بعضے کہہ دیتے ہیں اجمیر میں ہے بعض فرما دیتے ہیں بغداد میں ہے یہ سب غلط ہے حتی المقدور سعی اور کوشش جو کی گئی تو معلوم ہوا کہ بیس۲۰ کا نقش مثلث یہی ہے گو اس میں ایک طرف اکیس۲۱ آ دے۔ اس کا مضائقہ نہیں چنانچہ ترکیب زکوٰۃ یہ ہے کہ عروج ماہ سے بیس نقش روزانہ لکھ لیا کرے اور بوقت لکھنے کے قدرے مٹھائی منہ میں رکھ لیا کرے۔ بعدہٗ اسم یَا بَدُّوحُ کی بیس تسبیح یعنی دو ہزار مرتبہ اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دعا کر لیا کرے۔ بعد اس کے جملہ نقوش کو مقراض سے جدا کر کے آرد گندم میں گولیاں بنا کر چلتے دریا میں ڈال دیا کرے تاکہ مچھلی وغیرہ کھالیں بیس۲۰ یوم میں زکوٰۃ پوری ہو جائے گی۔ بعد بیس۲۰ روز کے اپنی حاجات میں استعمال کرے نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۸ | ۲ | ۱۰ |
| ۹ | ۷ | ۴ |
| ۳ | ۱۱ | ۶ |



## کشائش رزق

کشائش رزق و فتوحات غیبی کیلئے یہ دُعا نہایت مجرّب ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ یَا رَبَّ الْاَرْبَابِ یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ یَا اَھْلَ الْمُسْتَعَانِ نَصْرٌ مِّنَ اللّٰہِ وَ فَتْحٌ قَرِیْبٌ وَّ بَشِّرِ الْمُؤْمِنِیْنَ فَاللّٰہُ خَیْرٌ حَافِظًا وَّ ھُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ

بعد نماز عشاء ایک سو مرتبہ بلاناغہ ہمیشہ شروع چاند سے ورد رکھے۔

## برائے تسخیر حُب کے لیے

وظیفہ

اول و آخر گیارہ گیارہ یا سات سات بار دُرود شریف اور درمیان میں یہ دُعا ایک سو اٹھائیس۱۲۸ مرتبہ پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ رُدَّ قَلْبَ فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ اِلَیَّ۔

مجرّب ہے۔

# برائے حُبّ

اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ دُرود شریف اور درمیان میں یہ وظیفہ ایک سو مرتبہ پڑھے چالیس یوم میں مطلب دِلی انشاء اللہ تعالیٰ بواسطہ پیرانِ چشت حاصل ہوگا وہ وظیفہ یہ ہے (لَآ اِلٰہَ لا اُس کو اِلَّا اللّٰہُ بھجوا اُس کو یَا عَلِی پہونچا اُسکو) ایک سو مرتبہ پڑھے اور بجائے تسبیح کے ایک سو دانہ مرچ سیاہ کے ہمیشہ لے لیا کرے اور نماز عشا کے بعد انگیٹھی میں اپنے سامنے آگ رکھ لیا کرے ایک مرتبہ ہر ایک دانہ پر پڑھا اور آگ میں ڈال دیا۔ ایک شرط یہ ہے کہ تصورِ مطلوب کا رکھے اور بوقت عمل کے لازمی ہے اور ساتھ ہی بعد چلہ پورا ہوجائے کے وہ راکھ بھی خراب نہ کرے بلکہ وہ چالیس دِن کی راکھ جمع کرتا رہے اور وہ راکھ بعد چالیس روز کے بہت سے امراض کو مثل بخار وغیرہ کے نہایت کام دے گی۔ از حد مجرّب ہے۔

# دیگر حُبّ

عروج ماہ میں جمعرات سے شروع کرے اور تہجّد کا وقت ہمیشہ کے واسطے مقرر کرلے۔ اور دو رکعت نماز نفل پڑھے اس ترکیب سے کہ اوّل رکعت میں بعد سورۃ فاتحہ کے سُورہ الھٰکم التکاثر چودہ بار۔ اور دوسری رکعت میں بعد الحمد کے



بعد اِذَا جَآءَ الخ ۲۵ مرتبہ۔ بعد سلام کے اَلْاِخْلَاصُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ ۳۳۶۰ مرتبہ پڑھے اور تصورِ مطلوب کا رکھے چالیس روز پورے نہ ہوں گے کہ مطلوب حاصل ہوگا۔

# عمل سُورہ مزمّل اور سُورہ اخلاص

(کشائش رزق و دستِ غیب کیلئے)

کشائش رزق کے واسطے سُورہ مزمّل شریف عمدہ شئے ہے ہمیشہ اکتالیس مرتبہ ورد رکھے یا گیارہ مرتبہ سُورہ مزمّل شریف اور گیارہ سو مرتبہ یَا مُغْنِیُ بعد نماز فجر پڑھا لیا کرے مجرّب مشائخ قادریہ سے ہے۔

ایک ترکیب سُورہ مزمّل شریف کی یہ ہے کہ عروج ماہ میں اوّل روز غسل کرکے سو سو مرتبہ یہ درود شریف اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ الْمُزَّمِّلِ وَالْخَصَائِصِ اور سو مرتبہ سُورہ مزمّل شریف پڑھے۔ بعد اس کے ہمیشہ کے لیے اکتالیس ۴۱ مرتبہ پڑھتا رہے علاوہ کشائش رزق کے سُورہ مزمّل سے اکثر حاجات دنیاوی آسان ہو جاتی ہیں۔

Scanned with CamScanner

دوسری ترکیب۔ سورہ مزمل کی یہ ہے کہ ہر نماز کے بعد دو بار اور بعد نماز عشاء کے تین بار پڑھ لیا کرے۔

تیسری ترکیب: سورۂ مزمل کی یہ ہے۔ درمیان مغرب وعشاء کے دو نفل عروج ماہ سے پڑھنا شروع کرے اوّل رکعت میں ۱۲ مرتبہ سورہ مزمل بعد سورہ فاتحہ کے پڑھے اور ہر رکعت میں ۲۰ مرتبہ۔ اکتالیس روز تک اس طرح سے وِرد رکھے بعد چلّہ پورا ہونے کے کشائش وفتوحات اس قدر ہو جائے گی کہ جس کا بیان نہیں ہو سکتا۔ علاوہ ان ترکیبات سورۂ مزمل کے سورہ اخلاص شریف اس بارہ میں ایسا عمدہ اثر رکھتی ہے کہ جس کا بیان احاطہ تحریر میں نہیں آسکتا۔ نمونتاً حضرت خواجہ خواجگان حضرت معین الدین حسن سنجری اجمیری کا وہ قصہ یاد کر لیجئے کہ جس وقت حضرت خواجہ عثمان ہارونی نے حضرت خواجہ بزرگ کو فرمایا تھا کہ ایک ہزار مرتبہ قل ہو اللہ احد پڑھ چنانچہ خواجہ صاحب نے حسب ارشاد پیر ومرشد ہزار مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھی پھر پیر نے فرمایا کہ آسمان کی طرف دیکھ حضرت خواجہ نے آسمان کی طرف دیکھا تو عرش کبریائی تک نظر پہونچی دوسری مرتبہ پھر فرمایا کہ ایک ہزار اور پڑھ چنانچہ ایک ہزار مرتبہ پھر پڑھی پھر پیر نے فرمایا دیکھ نیچے حضرت خواجہ نے جس وقت نیچے دیکھا تو تحت الثریٰ تک نظر آیا۔ اب سمجھ لینا چاہیئے کہ گو اس میں حضرت خواجہ صاحب کے پیر کا تصرف بھی شامل تھا لیکن قل ہو اللہ شریف وہ شے



ہے کہ جس کے پڑھنے سے تمام مقامات سلوک کے حاصل ہوتے ہیں اور دنیاوی مشکلات کا تو ذکر ہی کیا ہے۔ ہاں البتہ یقین کامل درکار ہے۔ چنانچہ مجھ کو سورۂ اخلاص شریف کی ترکیب حضرات چشتیہ سے ملی ہے۔ جو شخص اس کو پڑھے گا۔ دین اور دُنیا حاصل ہوگی۔ اور کشف وکرامات وتسخیرات تو اس کا ایک ادنیٰ خاصہ ہے لیکن درمیان میں کلام نہ کرے باوضو پڑھے۔ ہمیشہ کے واسطے ساڑھے چار ہزار اوّل وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ دُرود شریف چنانچہ وہ ترکیب مع مؤکلات یہ ہے۔

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ۔ یَا جِبْرَائِیْلُ اَللّٰهُ الصَّمَدُ۔
یَا مِیْکَائِیْلُ۔ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ یَا اِسْرَافِیْلُ
وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ کُفُوًا اَحَدٌ۔ یَا عِزْرَائِیْلُ۔

دستِ غیب بھی ہو جاتی ہے لیکن ہمیشہ بلاناغہ ورد رکھے عجیب تاثرات ہیں جس کا بیان نہیں ہو سکتا۔

## تسخیر اور دستِ غیب کے واسطے

یہ عمل نہایت مجربات چشتیہ سے ہے۔

یَا غُوْدِ مَا غُوْدِ بِیُغُوْدِ وَاغُوْدِ سَخِّرْلِیْ جَمِیْعَ
اَوْلَادِ اٰدَمَ وَبَنَاتِ حَوَّا بِحَقِّ بُدُّوْحٍ کَاٰفِّ
مَکِّنِیْ وَمُحَبَّتِیْ وَطَاعَتِیْ فِیْ قُلُوْبِ الْعَالَمِیْنَ
بِرَبِّ الْعَالَمِیْنَ ۝

اس عزیمت کو بعد نماز تہجد تیرہ سو مرتبہ اول آخر درود شریف پڑھا کرے دستِ غیب شروع ہو جاوے گا۔

## دیگر

دستِ غیب اور فتوحات کے لیے یہ عمل از حد مجرب ہے۔ تین روز یعنی چہار شنبہ و پنجشنبہ و جمعہ کو روزہ رکھے اور ترکِ حیوانات جلالی و جمالی مثل لحم و پیاز و مچھلی لہسن وغیرہ سے کرے و ترک جمالی مثل جغرات و شیر و کفش و آب غرضیکہ تمام احتیاط پوری بجا لاوے۔ بعدہٗ ہمیشہ بلا ناغہ اول آخر سو سو بار درود شریف قادریہ اور ایک ہزار مرتبہ اسم یَا وَدُوْدُ اور بیس ہزار مرتبہ اَللّٰہُ الصَّمَدُ پڑھتا رہے اور ایک نقش اَللّٰہُ الصَّمَدُ کا لکھے اور دھو کر پی جاوے اور بیس نقش یَا وَدُوْدُ کے لکھ کر اپنے



پاس رکھے۔ ہفتہ عشرہ میں دھو کر پانی میں پی لیا کرے۔ اور درود شریف قادریہ پڑھا کرے۔

### درود قادریہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ مَّعْدِنِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ
وَاٰلِہٖ وَسَلِّمْ ۝

### نقش اَللّٰہُ الصَّمَدُ

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۵۸ | ۶۱ | ۶۴ | ۵۱ |
| ۶۳ | ۵۲ | ۵۷ | ۶۲ |
| ۵۳ | ۶۶ | ۵۹ | ۵۶ |
| ۶۰ | ۵۵ | ۵۴ | ۶۵ |

### نقش یَا وَدُوْدُ

۷۸۶

<table>
<tr><td>۱۰</td><td colspan="2">۹</td><td>۱</td></tr>
<tr><td rowspan="2">۶</td><td>۲</td><td>۷</td><td rowspan="2">۱۴</td></tr>
<tr><td>۸</td><td>۳</td></tr>
<tr><td>۴</td><td colspan="2">۱۲</td><td>۵</td></tr>
</table>

نہایت آزمودہ مجربات چشتیہ صابریہ سے ہے

# عمل اسم اَللّٰہُ الصَّمَدُ

اَللّٰہُ الصَّمَدُ اَجِبْ یَا دَرْدَائِیْلُ یَا مَدَدْ کَائِیْلُ۔

ترکیب یہ ہے کہ اس کو مع ترک حیوانات جلالی وجمالی علیحدہ مکان میں دن کو ہمیشہ روزہ رکھے اور اوّل آخر سو سو مرتبہ دُرود شریف پڑھے اور چار لاکھ بطور زکوٰۃ اَللّٰہُ الصَّمَدُ بایں ترکیب پورا کرے۔ غرضیکہ اوّلاً زمان مکان کا لحاظ رکھ کر چار لاکھ بطور زکوٰۃ پورا کر کے بعدہٗ ہمیشہ پانچسو ۵۰۰ مرتبہ پڑھتا رہے تسخیر فتوحات و دستِ غیب ضرور ہوگی مجرّب ہے۔

## دیگر

ترکیب: آیت شریفہ یہ ہے۔

وَمَا مِنْ دَآبَّۃٍ فِی الْاَرْضِ اِلَّا عَلَی اللّٰہِ رِزْقُہَا

کسی متبرک دن سے شروع کریں اور بعد نماز عشاء ہر روز پانچ دن تک چھ ہزار آٹھ سو تینتیس (۶۸۳۳) مرتبہ اور چھٹے روز چھ ہزار آٹھ سو پینتیس ۶۸۳۵



مرتبہ سر برہنہ کر کے اس طور سے کہ آسمان نظر آتا رہے یعنی سایہ مکان کا نہ ہو یعنی ایسی جگہ بیٹھ کر پڑھے اور ان چھ دن کے درمیان گوشت ہر قسم مچھلی وغیرہ نہ کھاوے جبکہ اکتالیس ۴۱۰۰۰ ہزار عدد پورے ہو جاویں بعدہٗ ہر روز بعد نماز عشا اکیس ۲۱ مرتبہ سر برہنہ پڑھتا رہے۔ نہایت ہی اکسیر ہے

## دیگر

دستِ غیب و کشائشِ رزق کے لیے نہایت ہی اکسیر اور مجرّب ہے

یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ اللّٰہُ الصَّمَدُ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا حَافِظُ یَا رَزَّاقُ۔

ترکیب اس کی پڑھنے کی یہ ہے کہ ایک سَو مرتبہ بعد نماز فجر آسمان کے نیچے یعنی بلا وساطت کسی چھت یا سایۂ درخت وغیرہ کے ہمیشہ بلا ناغہ پڑھتا رہے اور اوّل آخر میں یہ دُرود شریف کو پڑھتا رہے۔

اَللّٰہُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ مَّعْدِنِ الرِّزْقِ وَالْفُتُوْحَاتِ۔

از حد مجربات سے ہے۔

## پریشانی دور کرنے کیلئے عظیم تحفہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ وَیَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ

وَیَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ

وَیَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ ؕ

وَیَا دَلِیْلَ الْمُتَحَیِّرِیْنَ وَیَا مُفَرِّجَ الْمَحْزُوْنِیْنَ

اَغِثْنِیْ اَغِثْنِیْ۔ اَغِثْنِیْ

تَوَکَّلْتُ عَلَیْكَ یَا رَبِّیْ وَفَوَّضْتُ

اِلَیْكَ اَمْرِیْ

یَا رَبُّ یَا رَبُّ یَا رَبُّ یَا اَللّٰہُ

یَا بَاسِطُ یَا رَزَّاقُ یَا فَتَّاحُ یَا کَرِیْمُ

تمام پریشانیوں کے لیے نہایت اکسیر نسخہ ہے۔ کوئی مناسب وقت نکال کر روزانہ ۲۱ مرتبہ پڑھیں۔



## حاجت کے لیے

جو شخص صبح یا شام کو یہ درود شریف پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اس کی ہر تکلیف کو دور کرے گا اور ہر جائز حاجت پوری کرے گا روزی میں برکت اور کشادگی کو فراخ کرے گا۔ اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زیارت نصیب ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ

الْقُلُوْبِ وَدَوَآئِھَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِیَآئِھَا

وَصِحَّةِ الْاَبْدَانِ وَشِفَآئِھَا ؕ

## ہر مصیبت اور غم دکھ کے لیے

حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ ؕ عَلَی اللّٰہِ تَوَکَّلْنَا ؕ

یہ دعا ہر مصیبت، غم اور دکھ کے وقت زیادہ سے زیادہ پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ سکونِ قلب رہے گا۔ کسی قسم کا کوئی غم نہ ہوگا۔

Scanned with CamScanner

# اگر کوئی مشکل آن پڑے تو یہ پڑھیں

رَبِّ يَسِّرْ وَلَا تُعَسِّرْ وَتَمِّمْ بِالْخَيْرِ وَبِكَ
نَسْتَعِيْنُ ؕ

اگر کسی کام میں مشکلات کا سامنا ہو تو بعد نماز عشاء کے سو بار پڑھے اور ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ پڑھنے سے بھی کامیابی حاصل ہوتی ہے۔ ہر قسم کی مصیبت پریشانی دُور ہوگی اور ہر کام کا اچھا نتیجہ نکلے گا۔ اور اللہ تعالیٰ کی مدد حاصل ہوگی۔

**ہر نماز کے پڑھنے کے بعد یہ دُعا کی جائے۔**

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِيْ فِي الْمَوْتِ وَفِيْ مَا بَعْدَ الْمَوْتِ — ۵ مرتبہ

اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ ۵ مرتبہ

اَللّٰهُمَّ اَجِرْنِيْ مِنَ النَّارِ ۱۵ مرتبہ



# درودِ تنجینا

## اسناد

مناہج الحسنات شرح دلائل الخیرات میں لکھا ہے کہ ابن فاکہانی نے اپنی کتاب فجر منیر میں ذکر کیا ہے کہ ایک بزرگ شیخ صالح موسیٰ نابینا تھے اُنھوں نے اپنا قصہ مجھ سے نقل کیا کہ ایک جہاز ڈوبنے لگا میں اُس میں تھا اس وقت مجھ کو غنودگی سی معلوم ہوئی اسی حالت میں جناب فخر موجودات حضرت رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ کو یہ درود تعلیم فرمایا کہ ہزار بار اس کو جہاز والے پڑھیں۔ ابھی تین سو بار نہ پڑھا تھا کہ جہاز نے ڈوبنے سے نجات پائی اور ساحل مقصود پر پہنچ گیا۔ درود شریف اگلے صفحہ پر ملاحظہ ہو۔

Scanned with CamScanner

# دُرُودِ تُنَجِّیْنَا

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً
تُنَجِّیْنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَھْوَالِ وَالْاٰفَاتِ
وَتَقْضِیْ لَنَا بِھَا جَمِیْعَ الْحَاجَاتِ وَ
تُطَھِّرُنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّاٰتِ وَ
تَرْفَعُنَا بِھَا عِنْدَکَ اَعْلَی الدَّرَجَاتِ
وَتُبَلِّغُنَا بِھَا اَقْصَی الْغَایَاتِ مِنْ
جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ فِی الْحَیٰوۃِ وَبَعْدَ
الْمَمَاتِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ



# اسناد

اس دعا کے یہ ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ جو کوئی اس دُعا کو پڑھے یا پاس رکھے تو جو اللہ سے مانگے، ملے گا۔ اگر فقیر ہوگا تو تونگر ہو جائے گا اور اگر جاہل ہوگا تو عالم بن جائے گا اور بیماری سے صحت پاوے گا۔ اور سب مرادیں حاصل ہوں گی۔ اگر غمگین ہوگا تو خوشی ہووے گی اگر قیدی ہوگا تو خلاصی پائے گا۔ اور اگر بے شادی ہوگا تو شادی ہو جاوے گی۔ اگر سفر میں ہوگا تو سلامت آوے گا۔ اگر اعتقاد درست ہے اور سو مرتبہ پڑھے گا۔ تو اللہ تعالیٰ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دکھاوے گا۔ وہ دُعا بزرگوار یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یَا رَجَائِیْ یَا مَنَائِیْ یَا دَوَائِیْ یَا شِفَائِیْ
یَا کَفَائِیْ کَفٰی یُحْیِیْ یَا غَفُوْرُ

یَا غَفُوْرُ اِغْفِرْلِیْ خَطِیْئَتِیْ یَوْمَ
یُبْعَثُوْنَ یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ یَا
رَحْمٰنُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ
یَا رَحِیْمُ یَا رَحِیْمُ یَا غَفُوْرُ یَا غَفُوْرُ
یَا غَفُوْرُ یَا کَرِیْمُ یَا کَرِیْمُ
یَا کَرِیْمُ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی خَیْرِ
خَلْقِهٖ وَنُوْرِ عَرْشِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ
وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِكَ
یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ○

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ ط



# نقش برائے دمہ

یہ نقش سات روز لکھ کر پلانے سے دمہ کا مرض جاتا رہے گا۔ عمل مجرب المجرب ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۱۹۵۱ ۷۱۶ ۱۱۰۱۹ ھ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | ۵۸۲ | ۵۷۹ | ۸ |
| ۵۸۰ | ۷ | ۲ | ۵۸۱ |
| ۶ | ۵۷۷ | ۵۷۴ | ۳ |
| ۵۸۳ | ۴ | ۵ | ۵۷۸ |

اب ع ع ع بحرمة لا الٰہ الا اللہ
محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

اور یہ تعویذ گلے میں پہنائیں

۷۸۶

صدا دایما بقولہ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۶۱۵۶۴ | ۲۶۱۵۷۷ | ۲۶۱۵۷۴ | ۲۶۱۵۷۱ |
| ۲۶۱۵۷۵ | ۲۶۱۵۷۰ | ۲۶۱۵۶۵ | ۲۶۱۵۷۶ |
| ۲۶۱۵۶۹ | ۲۶۱۵۷۲ | ۲۶۱۵۷۹ | ۲۶۱۵۶۶ |
| ۲۶۱۵۷۸ | ۲۶۱۵۶۷ | ۲۶۱۵۶۸ | ۲۶۱۵۷۳ |

ولقد تعلم الصم البصیر

بسم اللہ الذی لا یضر مع اسمہ شیء فی الارض ولا فی السماء وھو السمیع العلیم ہ

# قرآنی سورتوں

# کے

# خواص

# قرآنی سورتوں کے خواص

## بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ جب بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نازل ہوئی تو بادل ہُوا مشرق کی طرف بھاگتی ہوئی آئیں تو ہوائیں ٹھہر گئیں، سمندروں میں ٹھہراؤ واقع ہُوا جانوروں نے سننے کے لیے کان کھڑے کر دیئے اور آسمان سے شیطان پر انگاروں کی مار پڑی۔ اللہ تعالیٰ نے اپنی عزت وجلال کی قسم کھائی کہ جس بیمار پر اس کا نام لیا جائے گا اس کو وہ ضرور شفا عطا فرمائے گا اور جس چیز پر اس کو پڑھا جائے گا۔ اس میں برکت پیدا ہو گی اور جو کوئی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے گا وہ جنت میں داخل کیا جائے گا۔



## ① سُورۃ فاتحہ

### ہر مرض وہم کیلئے مجرّب

ہر طرح کے مرض سے نجات حاصل کرنے کے لیے اسے پڑھ کر دم کریں یا پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں ہر طرح کی مشکل اس کے پڑھنے سے آسان ہوتی ہے۔ آسیب زدہ کو دم کیا ہوا پانی پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آفاقہ ہوگا۔

## ② سُورۃ بقرہ

### آفات وبلیّات کیلئے

جو کوئی اس کو ہر نماز کے بعد پڑھے اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے آسیب اور دیگر آفات وبلیّات سے محفوظ رہے شیطان اس پر اثر انداز نہ ہو گیارہ بار پڑھ کر مرگی کے مریض کو دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفا حاصل ہو

حدیث مبارکہ میں آیا ہے کہ جو کوئی رات کو آیۃ الکرسی پڑھے شیطان اس کے قریب نہ آئے گا۔ سنن نسائی میں ہے کہ حضور نبی کریم

Scanned with CamScanner

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی ہر نماز کے بعد آیۃ الکرسی پڑھے ، مرنے کے بعد جنت میں داخل ہوگا۔ امام نووی لکھتے ہیں کہ جو کوئی جمعہ کے دن عصر کی نماز کے بعد مغرب تک آیۃ الکرسی پڑھے ایسی خیر و برکت حاصل ہو کہ اسے گمان بھی نہ ہو۔

## ٣ — سورۃ آلِ عمران

### فقر و فاقہ سے محفوظ

قرض داروں کے لیے ہر نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھنا انتہائی فائدہ مند ہے سکونِ قلبی اور پریشانیوں کے خاتمہ کے لیے سورۃ آلِ عمران پڑھنا مفید ہے اس سے ذہنی پریشانی دُور ہو جاتی ہے ہر روز نماز فجر کے بعد پڑھنے سے اللہ تعالیٰ رزق میں برکت پیدا فرماتا ہے۔

## ٤ — سورۃ نساء

### پریشانیوں سے نجات

میاں بیوی میں پیار و محبت پیدا کرنے کے لیے یہ سورۃ سات مرتبہ



پڑھ کر پانی پر دم کریں اور دونوں کو پلا دیں انشاء اللہ تعالیٰ میاں بیوی کے مابین محبت و الفت ہو جائے گی۔ ناچاقی ختم ہو جائے گی اگر کسی کی بُری حرکات کو چھڑوانا مقصود ہو تو بھی یہ دم کیا ہوا پانی اس کو پلائیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اُسے برائی سے نفرت ہو جائے گی۔ ہر قسم کی پریشانیوں سے محفوظ و مامون رہے۔

## ٥ — سورۃ مائدہ

### غیب سے روزی ملے

غربت و افلاس کو دُور کرنے کے لیے یہ سورۃ بکثرت پڑھنے سے فائدہ ہوتا ہے روزی میں برکت پیدا ہوتی ہے اللہ تعالیٰ میں اضافہ فرما دیتا ہے مرض استسقاء میں اکیس بار پڑھ کر پانی پر دم کرے اور مریض کو پلائے انشاء اللہ تعالیٰ شفاء کاملہ نصیب ہوگی۔

## ٦ — سورۃ انعام

### ہر مشکل آسان

ہر طرح کی مشکل کو حل کرنے کے لیے باوضو حالت میں نمازِ فجر یا نمازِ عشاء کے بعد اکتالیس بار یہ سورۃ پڑھیں انشاء اللہ تعالیٰ مشکل آسان ہوگی اگر کوئی چاہے کہ اسے بلند مرتبہ حاصل ہو تو وہ ہر نماز کے بعد یہ سورۃ پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ اسے مطلوبہ مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔

## ٧ سُورۃ اعراف

### ہر قسم کی حفاظت

دین و دنیا کی حاجت روائی کے لیے ہر روز ایک بار پڑھنا فائدہ دیتا ہے اگر کوئی تین بار پڑھ کر ظالم حاکم کے سامنے جائے تو وہ حُسنِ سلوک کرے جملہ آفات و بلیات سے محفوظ رہنے کے لیے ہر روز نمازِ عصر کے بعد پڑھیں اللہ تعالیٰ اپنی حفظ و امان میں رکھے گا۔

## ٨ سُورۃ انفال

### پریشانیوں کا حل

اگر کسی کو ناحق قید میں ڈال دیا گیا ہو تو باوضو حالت میں توجہ اور یکسوئی



کے ساتھ سات مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ قید سے باعزت رہائی ملے سفر میں جانے سے پہلے یہ سورۃ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے تو بفضلِ باری تعالیٰ سفر بخیر و عافیت طے ہو۔ ہر قسم کی پریشانیوں کا حل اس میں موجود ہے۔

## ٩ سُورۃ توبہ

### چشمِ خلائق میں معزز

چشمِ خلائق میں معزز و محترم ہونے کے سورۂ توبہ ہر روز تین بار پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ لوگوں کی نظروں میں اس کی عزت و وقعت ہو گیارہ بار پڑھ کر ظالم حاکم کے سامنے جائے تو وہ کمال مہربانی سے پیش آئے۔ جان و مال کی حفاظت کے لیے پڑھ کر دم کرنا فائدہ دیتا ہے۔

## ١٠ سُورۃ یُونس

### دُشمن کے شر سے محفوظ

اگر کوئی کسی ایسی مشکل میں مبتلا ہو کہ جس سے نجات کی کوئی صُورت دکھائی نہ دیتی ہو تو وہ گیارہ بار یہ سورۃ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے انشاء اللہ

تعالیٰ اس کی مشکل حل ہوگی دشمنوں کے شر سے محفوظ رہنے کے لیے ہر نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے کسی قسم کا نقصان دشمن نہ پہنچا سکے گا۔

## ⑪ سورۃ ہود

### حاجت روائی کیلئے

ہر طرح کی نیک اور جائز حاجت اس سورۃ کو پڑھنے سے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں پوری ہوجاتی ہے ہر طرح کی مشکل میں یہ سورۃ گیارہ بار پڑھ کر اللہ تعالےٰ سے دعا مانگیں تو بفضل باری تعالیٰ آسان ہوجاتی ہے۔

## ⑫ سورۃ یوسف

### جاہ و منصب کیلئے

مفلسی کو دور کرنے کے لیے اس سورۃ کو ہر روز پڑھنا فائدہ دیتا ہے اگر کسی کو اس کے عہدے سے برطرف کر دیا گیا ہو تو وہ سورۃ یوسف گیارہ



بار پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے انشاءاللہ تعالیٰ اس کی دعا قبول ہوا اور عہدے پر دوبارہ با عزت بحال ہو۔ حصولِ روزگار اور جاہ و منصب کے حصول کے لیے ہر روز اس سورۃ کو پڑھنا مطلوبہ مقصد میں کامیابی عطا کرتا ہے۔

## ⑬ سورۃ رعد

### دفع آسیب کیلئے

آسیب زدہ کے لیے گیارہ بار پڑھ کر دم کریں انشاءاللہ تعالیٰ آسیب دفع ہوگا اگر کوئی بچہ ہر وقت بلا وجہ روتا رہتا ہو تو اس پر اکیس بار پڑھ کر دم کریں بچے کو سکون حاصل ہوگا ظالم دشمن کے شر سے محفوظ رہنے کے لیے ہر نماز کے بعد پڑھیں انشاءاللہ تعالیٰ دشمن کوئی نقصان نہ پہنچے سکے گا۔

## ⑭ سورۃ ابراہیم

### نظر بد کے لیے

اگر کسی کو نظر بد لگ گئی ہو تو یہ سورۃ پڑھ کر دم کریں اگر کسی کے علم کے زور سے اس بات کا نا اہل کر دیا گیا ہو کہ وہ جماع پر قدرت رکھ سکے تو

Scanned with CamScanner

وہ سات بار یہ سورۃ پڑھ کر اپنے اُوپر دم کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ اس کی مردانہ قوت بحال ہو جائے گی اور سحر کا اثر جاتا رہے گا۔

## (۱۵) سورۃ حجر

### کشائشِ رزق کیلئے

تجارت میں خیر و برکت کے لیے ہر نماز کے بعد باوضو حالت میں سورۃ حجر پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگیں انشاءاللہ تعالیٰ رزق میں کشائش ہو گی اور مال تجارت میں خوب ہو گا۔ اس مقصد کے لیے اس سورۃ کو بلاناغہ پڑھ کر کاروباری معاملات طے کرنے میں بہت فائدہ ہوتا ہے۔

## (۱۶) سورۃ نحل

### دشمن کو زیر کرے

اگر کسی کو اپنے دشمنوں کی طرف سے نقصان پہنچائے جانے کا ڈر ہو تو وہ ہر روز گھر سے نکلنے سے پہلے یہ سورۃ پڑھ لیا کرے دشمن پر غلبہ حاصل کرنے کے لیے ایک ہی جگہ پر بہت سے افراد مل کر بیٹھیں اور ایک سو گیارہ مرتبہ



یہ سورۃ پڑھیں بفضلِ باری تعالیٰ دشمن مغلوب ہو گا۔

## (۱۷) سورۃ بنی اسرائیل

### حافظہ کی کمزوری کیلئے

جس کسی کا حافظہ کمزور ہو تو یہ سورۃ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور اس کو پلا دیں انشاءاللہ تعالیٰ کند ذہنی ختم ہو جائے گی حافظہ مضبوط ہو جائے گا ہر طرح کی نیک اور جائز حاجت کو پورا کرنے کی غرض سے ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ پڑھیں اور اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگیں انشاءاللہ تعالیٰ دعا قبول ہو گی۔

## (۱۸) سورۃ کہف

### ادائیگی قرض کیلئے

دین و دنیا کے کاموں میں بلند مرتبہ حاصل کرنے کے لیے ہر روز ایک بار پڑھنا مطلوبہ مقصد میں کامیابی کی ضمانت ہے اگر کوئی قرض کے بوجھ تلے دبا ہوا ہو تو وہ نمازِ جمعہ کے بعد سات بار سورۃ کہف پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ غیب سے اس کی قرض کی ادائیگی کے اسباب پیدا ہوں گے۔

## (۱۹) سُورۃ مریم

### روزی میں برکت

اگر کوئی شخص مفلس و نادار ہو کوئی ایسا ذریعہ معاش نہ ہو کہ جس سے وافر مقدار میں روزی نصیب ہو تو وہ ہر روز سورۃ مریم تین مرتبہ پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی روزی میں برکت پیدا ہوگی اور وافر دولت حاصل ہوگی۔

## (۲۰) سُورۃ طٰہٰ

### شادی بیاہ کیلئے

اگر کسی لڑکے یا لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو یا منگنی ہو کر ختم ہو جاتی ہو تو وہ ہر روز نماز عشاء کے بعد تین بار یہ سُورۃ پڑھ لیا کرے بفضلِ باری تعالیٰ جلد ہی اس کا کسی اچھی جگہ پہ نکاح ہو جائے گا اور یہ شادی کامیاب ہوگی۔

## (۲۱) سُورۃ انبیاء

### بے چینی کے لیے



اگر کسی کو کوئی ایسی پریشانی یا غم لاحق ہو کہ جس کی وجہ سے وہ ہر وقت بے چین رہتا ہو کسی بھی کام کاج میں اس کا دل نہ لگتا ہو تو ایسی صورت میں ہر روز تین بار یہ سُورۃ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ بے چینی کی کیفیت دُور ہو جائے گی اور پریشانی جاتی رہے گی۔

## (۲۲) سُورۃ حج

### مال و جان کی حفاظت

مسافروں کے لیے اس سُورۃ کو پڑھ کر روانہ ہونا سفر کی صعوبتوں کو کم کرتا ہے اگر کوئی تین بار پڑھ کر سواری پر سوار ہو تو بخیر و عافیت منزل مقصود پر پہنچے اور واپسی بھی بفضلِ باری تعالیٰ خیریت سے ہو۔

## (۲۳) سُورۃ مومنون

### بُری عادات ختم

جو کوئی فحش عادات میں مبتلا ہو تو اس کے لیے چاہیے کہ یہ سُورۃ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور اس شخص کو ہر روز یہ پانی پلائے انشاء اللہ تعالیٰ

چند دنوں میں ہی اس کی بُری حرکات چھوٹ جائیں گی اور وہ نیکی کی طرف مائل ہوگا۔ برائی سے نفرت کرے گا فسق و فجور کی عادات کو چھوڑ دے گا۔

## (۲۴) سُورہ نور

### دُشمن کے شر سے محفوظ

دشمنوں کے شر سے محفوظ رہنے کے لیے پانچ بار پڑھ کر اپنے پر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کسی طرح کا بھی نقصان پہنچانے کی جرأت نہ کرے گا اس کے علاوہ اگر کسی کو بکثرت احتلام ہوتا ہو تو تین مرتبہ یہ سُورۃ پڑھ کر اسے دم کریں انشاء اللہ تعالےٰ عارضہ جاتا رہے گا۔

## (۲۵) سُورۃ فرقان

### ظلم کے توڑ کے لیے

اگر کوئی کسی ایسے مقام پر قیام پذیر ہو کہ جہاں کے حکمران اس کے تحت دشمن ہوں اور اسے نقصان پہنچانے کے درپے رہتے ہوں تو وہ ہر نماز کے بعد تین مرتبہ یہ سُورۃ پڑھ لیا کرے ظالم حاکم کے ظلم سے انشاء اللہ تعالیٰ محفوظ رہے گا۔ اللہ تعالےٰ اسے اپنی حفظ و امان میں رکھے گا۔



## (۲۶) سُورۃ شعراء

### مطیع و فرمانبرداری کیلئے

اگر کسی کی اولاد نافرمان ہو گھر میں ہر وقت جھگڑا پیدا کرتی ہو کسی بھی طرح راہ راست پر نہ آتی ہو تو ایسی صورت میں یہ سورۃ باوضو حالت میں گیارہ بار پڑھ کر پانی پر دم کریں اور نافرمان کو پلادیں انشاء اللہ تعالیٰ وہ مطیع و فرمانبرداری جائے گا اکیس یوم تک پانی پلائیں انتہائی مجرب و آزمودہ عمل ہے۔

## (۲۷) سُورۃ نمل

### موذی جانوروں سے محفوظ

اگر کسی کو کوئی ایسی حاجت ہو جو پوری نہ ہو تو اس نیک اور جائز حاجت کو پورا کرنے کے لیے ہر روز نماز عشاء کے بعد ایک مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ سات یوم تک پڑھنے سے حاجت پوری ہو جائے گی۔ نیز موذی جانوروں سے محفوظ رہے گا۔

Scanned with CamScanner

## (۲۸) سُورۃ قصص

### ہر مرض کا علاج

ہر طرح کے شدید قسم کے مرض میں یہ سُورۃ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور مریض کو دن میں کئی بار پلائے بفضل باری تعالیٰ شفائے کاملہ نصیب ہوگی سات یوم کے اندر اندر مرض جاتا رہے گا۔

## (۲۹) سُورۃ عنکبوت

### دفع غم والم

جو کوئی اپنے کسی انتہائی قریبی عزیز کی موت کی وجہ سے ہر وقت غم والم کی کیفیت میں ڈوبا رہتا ہو کسی بڑے نقصان کے صدمہ کو بھلا نہ پاتا ہو تو ایسی صورت میں وہ یہ سُورت سات بار پڑھ کر پانی پر دم کرے اور پی لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دلی سکون نصیب ہوگا۔



## (۳۰) سُورۃ روم

### دُشمن مغلوُب

دشمن کے شر سے محفُوظ رہنے کے لیے ہر روز باوضو حالت میں گیارہ بار یہ سُورۃ پڑھے دشمن مغلوُب ہو اور کبھی نقصان پہنچانے کی جرأت نہ کرے اس مقصد کے لیے یہ سُورۃ انتہائی مجرّب ہے۔

## (۳۱) سُورۃ لقمان

### سمُندری سفر محفُوظ

سمندری سفر کرنے والوں کے لیے ہر روز اس سُورۃ کو پڑھنا انتہائی فائدہ مند ہے۔ جو کوئی ہر روز اس کو باوضو حالت میں پڑھے تو کبھی ڈوب کر ہلاک نہ ہو۔ آفات و بلیّات سے محفوظ رہے۔ اگر بیمار پر تین مرتبہ پڑھ کر دم کیا جائے تو اللہ تعالیٰ شفاءِ کاملہ سے نوازے۔

دردِ شکم میں مبتلا ہو اس کے نقش کو لکھ کر پانی میں گھول کر پلائے فوراً آرام آجائے۔

Scanned with CamScanner

## ۳۲ — سُورۃ سجدہ

### جذام و دِقّ کیلئے اکسیر اعظم

ہر قسم کے مرض میں شافی علاج کے لیے یہ سورۃ تین بار پڑھ کر مریض پر دم کرکے یا پانی پر دم کرکے مریض کو پلائیں اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے شفاء حاصل ہوگی اور بیماری جاتی رہے گی خاص طور پر جذام اور دِقّ کے لیے نہایت ہی اکسیر اعظم ہے۔

## ۳۳ — سُورۃ احزاب

### دشمنوں پر فتح

دشمنوں پر فتح حاصل کرنے کے لیے ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگیں یا ایک ہی جلسہ میں بیٹھ کر پانچ مرتبہ پڑھیں۔ بفضلِ باری تعالیٰ دشمن کسی قسم کا نقصان پہنچانے کی جُراُت بھی نہیں کرے گا۔ اُلٹا اس کا نقصان ہوگا۔



## ۳۴ — سُورۃ سبَاء

### ظالم کے شر سے محفُوظ

ظالم کے شر سے محفوظ رہنے کے لیے جو کوئی ہر روز سات بار پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ ظالم نقصان نہ پہنچا سکے اور اس کی طبیعت صلح کی طرف مائل ہو دشمنی سے باز رہے اور اس کی تابعداری کرے۔

## ۳۵ — سُورۃ فاطر

### مقصد میں کامیابی

ملازمت کے حصُول یا کسی اور مقصد میں کامیابی کے لیے درخواست لکھ کر یہ سُورۃ اس درخواست پر بغیر سیاہی کے قلم سے لکھیں اور پھر مجاز حاکم کو درخواست پیش کریں انشاء اللہ تعالیٰ دلی مقصد جلد پورا ہو۔

## ۳۶ — سُورۃ یٰسین

### بے شمار فوائد

اس سُورۃ کے پڑھنے کے بے شمار فوائد ہیں۔ جملہ آفات و مصائب

Scanned with CamScanner

اس سورۃ کے پڑھنے سے دور ہوتے ہیں اسے پڑھ کر مانگی ہوئی دعا اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں قبولیت کا شرف حاصل کرتی ہے اللہ تعالیٰ اس سورۃ کو پڑھنے والے کے تمام گناہ معاف فرما دیتا ہے اگر مرنے والے کے قریب بیٹھ کر پڑھی جائے تو اللہ تعالیٰ اس بندے پر نزع کی سختی آسان فرما دیتا ہے اگر کوئی بانجھ عورت ہر روز گیارہ بار پڑھ کر دعا مانگے تو بفضل باری تعالیٰ حاملہ ہو اللہ تعالیٰ نیک اور صالح اولاد سے نوازے۔ یہ سورۃ جہاں پر پڑھی جائے وہاں پر جن و بھوت آسیب یا دیگر ارواح خبیثہ کا گزر ناممکن ہو جاتا ہے اگر سحر زدہ پر دم کرے تو سحر کا اثر دور ہو جائے۔

## ۳۷ سورۃ والصّٰفّٰت

### جنّات سے محفوظ

ہر طرح کی نیک اور جائز حاجت کے لیے یہ سورۃ سات بار پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے انشاءاللہ تعالیٰ مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہو۔ نماز عشاء کے بعد ایک بار پڑھ کر گھر پر دم کرنے سے گھر آسیب کے اثر سے محفوظ رہتا ہے۔



## ۳۸ سورۃ ص

### نظر بد سے حفاظت

اگر کوئی نظر بد کا شکار ہو جائے تو اس کی صحت کے لیے یہ سورۃ تین بار پڑھ کر دم کریں بفضل باری تعالیٰ شفا حاصل ہو اگر پانی پر دم کر کے بیماری والے کو دے تو مرض میں افاقہ ہو اور بیماری جاتی رہے۔

## ۳۹ سورۃ زمر

### خیر و برکت کیلئے

چشمِ خلائق کے لیے نہایت ہی پرتاثیر ہے اور بلند مرتبہ کے حصول کے لیے ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ یہ سورۃ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے تو مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہو اس کے علاوہ اگر یہ سورۃ کاروبار کی جگہ پر بیٹھ کر ہر روز سات مرتبہ پڑھیں اور اللہ تعالیٰ سے دعا کریں تو انشاءاللہ تعالیٰ دعا ضرور قبول ہوگی۔ کاروبار میں خیر و برکت اور رزق میں اضافہ ہوگا۔

Scanned with CamScanner

## (۴۰) سُورۃ مومن

### جلدی امراض کیلئے

اگر کسی کو دشمن کی طرف سے نقصان پہنچائے جانے کا خطرہ ہو تو وہ ہر روز گھر سے باہر نکلتے ہوئے یہ سُورۃ ایک مرتبہ پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالےٰ دشمن اپنے ارادہ میں ہرگز کامیاب نہ ہوگا اور مغلوب ہوگا جلدی امراض میں مبتلا مریضوں پر یہ سُورت ہر روز ایک مرتبہ پڑھ کر دم کریں یا پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں انشاء اللہ تعالیٰ دنوں میں ہی افاقہ ہوگا اور شفائے کاملہ نصیب ہوگی۔

## (۴۱) سُورۃ حٰمٓ سجدہ

### حاکم مہربان ہو

یہ سُورۃ تین بار پڑھ کر پانی پر دم کریں اور امراضِ چشم میں مبتلا مریض کو پلائیں اور یہ پانی آنکھوں میں مریض لگائے تو اُسے بفضلِ باری تعالےٰ شفا حاصل ہو اور بیماری جاتی رہے اس کے علاوہ اگر کسی کا افسر اس سے ناراض ہو تو وہ ہر روز نمازِ فجر اور نمازِ عشاء کے بعد گیارہ گیارہ بار یہ سُورت



پڑھ لیا کرے افسر مہربان ہو جائے گا۔

## (۴۲) سُورۃ شوریٰ

### دُشمنوں پر غلبہ

دشمنوں پر غلبہ حاصل کرنے کے لیے ہر روز نمازِ فجر کے بعد ایک بار پڑھیں دشمن مغلوب ہو اللہ تعالیٰ دشمن کے شر سے محفوظ رکھے اور اپنی حفظ و امان میں رکھے اس مقصد کے لیے ہر روز یہ سُورت پڑھنا خوب ہے۔

## (۴۳) سُورۃ زخرف

### ہر مشکل میں آسانی

اس سُورت کو تین بار باوضو حالت میں پڑھ کر پانی پر دم کریں اور مریض کو پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفائے کاملہ نصیب ہوگی۔ ہر طرح کی مشکل میں روزانہ بلا ناغہ ایک ہی وقت میں گیارہ بار پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگیں تو اللہ تعالیٰ اپنا خصوصی فضل و کرم نازل فرمائے اور مشکل بہت جلد آسان ہو جائے۔

Scanned with CamScanner

## ۴۴ سُورۃ دخان

### پیٹ کے امراض

پیٹ کے امراض میں شفا حاصل کرنے کے لیے یہ سُورۃ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور مریض کو پلائیں انشاءاللہ تعالیٰ شفا حاصل ہو گی اگر کسی کو کوئی ایسی مشکل پیش آ گئی ہو جو کسی بھی طرح حل نہ ہوتی ہو تو ہر روز سات بار یہ سُورۃ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے بفضلِ باری تعالیٰ مشکل حل ہو جائے۔

## ۴۵ سُورۃ جاثیہ

### حاسدوں کے شر سے محفُوظ

حاسدوں کے شر سے محفُوظ رہنے کے لیے ہر روز نماز فجر کے بعد ایک مرتبہ پڑھیں اس کے علاوہ اگر کوئی نزع کی سختی میں مبتلا ہو تو اس کے پاس بیٹھ کر پڑھیں اور اس پر دم کریں اللہ تعالیٰ اپنا کرم فرمائے گا نزع کے وقت آسانی پیدا فرمائے گا اور مرنے والے کو سکون نصیب ہو گا۔



## ۴۶ سُورۃ احقاف

### دفع آسیب

اگر کوئی سات بار پڑھ کر پانی پر دم کرے اور آسیب زدہ کو پلائے تو آسیب تنگ نہ کرے اور آسیب دفع ہو جائے اس کے علاوہ گھر کی دیواروں پر یہ پانی چھڑکنے سے آسیب اس گھر کا رُخ نہ کرے۔

## ۴۷ سُورۃ محمد صلی اللہ علیہ وسلم

### ہر قسم کی مشکلات کا حل

اگر کوئی چاہے کہ وہ چشمِ خلائق میں معزز و محترم ہو جائے تو وہ ہر روز یہ سُورت پڑھ لیا کرے انشاءاللہ تعالےٰ اسے عزت و مرتبہ حاصل ہو گا۔ اگر بیمار پر دم کیا جائے تو اسے شفا حاصل ہو پانی پر دم کر کے بیمار کو پلائیں تو صحت حاصل ہو اور بیماری جاتی رہے۔ اس سُورت کا پڑھنا ہر قسم کی مشکلات سے محفوظ رکھتا ہے اگر کوئی چاہے کہ وہ دشمنوں کے شر سے محفوظ رہے تو ہر روز سات بار یہ سُورت پڑھ لیا کرے۔

## (۴۸) سُورۃ فتح

### دُشمن مغلُوب

اگر کسی پر کوئی ناجائز مقدمہ قائم کردیا گیا ہو تو اس میں کامیابی حاصل کرنے کے لیے چالیس بار یہ سورۃ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ اس کے حق میں فیصلہ ہوجائے اس سُورۃ کو ہر روز پڑھنے والا کسی بھی کام میں ناکامی کا منہ نہیں دیکھتا اللہ تعالیٰ اسے فتح و نصرت سے نوازتا ہے اگر کوئی ایسی حاجت ہو جو کسی طرح پوری نہ ہو رہی ہو تو چند افراد مل کر یا اکیلے ایک جگہ بیٹھ کر سو بار یہ سُورۃ پڑھیں اور پھر اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگیں تو بفضل باری تعالیٰ حاجت پوری ہو اس سُورت کو پڑھنے والے دشمن کا وار ناکام ہوتا ہے اور دشمن مغلوب ہوجاتا ہے۔

## (۴۹) سُورۃ حجرات

### دُودھ کی کمی

اگر کسی زچہ کے دُودھ میں کمی واقع ہوگئی ہو تو تین مرتبہ یہ سُورت



باوضو حالت میں پڑھ کر پانی پر دم کرے اور زچہ کو پلائے انشاء اللہ تعالیٰ اس کے دُودھ میں اضافہ ہو اس کے علاوہ یہ سُورۃ گیارہ مرتبہ پڑھ کر بیمار پر دم کرے تو بفضلِ باری تعالیٰ شفائے کاملہ نصیب ہو۔

## (۵۰) سُورۃ ق

### دانت نکالنے میں آسانی

اگر کسی کی بینائی میں کمی واقع ہوگئی ہو تو سات بار پڑھ کر پانی پر دم کریں اور پلائیں انشاء اللہ تعالیٰ اس کی بینائی میں اضافہ ہوجائے اس کے علاوہ یہ پانی اس شیر خوار بچے کو بھی پلائیں جو دانت نکال رہا ہو تو اسے دانت نکالنے میں آسانی ہو اور تکلیف محسوس نہ کرے۔

## (۵۱) سُورۃ زاریات

### اسقاط حمل کے لیے

غربت و افلاس کے خاتمہ کے لیے نماز عشاء کے بعد گیارہ مرتبہ یہ سُورۃ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ رزق میں خیر و برکت پیدا ہو اگر کسی علاقہ میں قحط پھیل گیا ہو تو بہت سے لوگ مل کر بکثرت

Scanned with CamScanner

اس سورۃ کو پڑھیں اللہ تعالےٰ اپنے فضل وکرم سے قحط کو ختم فرمائے گا اور اپنی رحمت نازل فرمائے گا۔ استقرارِ حمل کے لیے مفید ہے۔

## ۵۲ سورۃ طور

### جلدی مرض اور جذام کیلئے

جلدی امراض میں مبتلا مریض ہر روز یہ سورۃ پڑھیں تو انشاء اللہ تعالیٰ ان کو شفائے کاملہ نصیب ہو۔ جذام کے مرض سے نجات حاصل کرنے کے لیے تین بار یہ سورۃ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور مریض کو پلائیں بفضلِ باری تعالیٰ مرض جاتا رہے اور صحت حاصل ہو سفر کی صعوبتوں سے محفوظ رہنے کے لیے اگر مسافر پڑھے تو بخیر وعافیت منزلِ مقصود پر پہنچے۔ جو بچہ ڈرتا ہو یا روتا ہو اس کے لیے اس سورۃ کا نقش انتہائی مفید اور مجرب ہے۔

## ۵۳ سورۃ نجم

### فتح و نصرت کیلئے

اگر کسی کا دشمن بہت شریر اور ظالم ہو نقصان پہنچانے کا کوئی بھی



موقع نہ جانے دیتا ہو تو ہر روز نمازِ فجر کے بعد یہ سورۃ پڑھے اور اپنے اوپر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کے شر سے محفوظ رہے اور اس کے علاوہ ہر طرح کی مشکل کے حل کے لیے اکیس بار پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے تو مشکل آسان ہو۔

## ۵۴ سورۃ قمر

### حاجت روائی کیلئے

اگر کسی کو کوئی ایسی حاجت ہو جو کسی طرح پوری نہ ہو رہی ہو تو ہر جمعرات کو نمازِ عشاء کے بعد تین مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ سات جمعرات تک پڑھنے سے جو بھی دلی مراد ہوگی وہ پوری ہوگی اس کے علاوہ دشمن پر غلبہ حاصل کرنے کے لیے نمازِ عصر کے بعد باوضو حالت میں پڑھے۔

## ۵۵ سورۃ رحمٰن

### کثیر فائدے

اگر کسی کو ناحق قید میں ڈال دیا گیا ہو تو وہ یہ سورۃ پڑھے انشاء اللہ تعالےٰ جلد قید سے باعزت رہائی حاصل ہو ہر طرح کی جائز دنیاوی حاجت کے

حصول کے لیے سورۂ رحمٰن پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے تو اللہ تعالیٰ اپنا فضل و کرم نازل فرمائے اور پڑھنے والے کی حاجت کو جلد پُورا فرمائے اگر بیمار پڑھے تو اسے شفائے کاملہ نصیب ہو اگر گناہ گار پڑھے تو اللہ تعالیٰ اسے توبہ کرنے کی توفیق عطا فرمائے برائیوں سے اسے نفرت ہو اور اس کا دل نیکی کے کاموں کی طرف مائل ہو جس مقصد کے لیے بھی پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی ہو اس سورت کو پڑھ کر پانی پر دم کر کے طحال کے مریض کو پلائے تو مرض دُور ہو اور مریض کو صحت حاصل ہو جائے اگر غریب و تنگدست پڑھے تو غنی ہو جائے بے روزگار پڑھے تو روزگار نصیب ہو۔

## ۵۶ سُورۃ واقعہ

## فقر و فاقہ دُور کرے

ہر نماز کے بعد پڑھنا دین و دُنیا کی بھلائی کا باعث ہے اگر کوئی کشائشِ رزق کے لیے پڑھے تو اس کے رزق میں بے پناہ اضافہ ہو، غریب پڑھے تو غیب سے رزق کی دستیابی کے اسباب پیدا ہوں۔ ہر روز نمازِ فجر کے بعد پڑھنے سے اللہ تعالیٰ ہر نیک مقصد میں کامیابی عطا فرماتا ہے



اگر کوئی مریض پڑھے تو اسے شفا حاصل ہو بیماری میں افاقہ ہو، نادار پڑھے تو اللہ تعالیٰ ایسے اسباب پیدا فرما دے کہ وہ دولت مند ہو جائے۔

## ۵۷ سُورۃ حدید

## دُشمن دوست بن جائے

اگر کسی کو دشمن بہت تنگ کرتا ہو اور کسی بھی طرح باز نہ آتا ہو تو ہر روز گیارہ مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کے شر سے محفوظ رہے گا اور دشمن نقصان پہنچانے کی جرأت نہیں کرے گا اور پڑھنے والے کا مطیع ہو جائے گا

## ۵۸ سُورۃ مجادلہ

## بغض و عناد دُور ہو

اگر دو افراد کے مابین سخت ناچاقی اور دشمنی ہو دونوں کسی صورت آپس میں راضی نہ ہوتے ہوں تو یہ سُورت سات مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور دونوں کو پلائیں انشاء اللہ تعالیٰ دونوں کے دِلوں سے بغض و عناد دُور ہو جائے گا دشمنی ختم ہو جائے گی اور خوب محبت پیدا ہو جائے گی۔

## سُورۃ حشر — ۵۹

### حافظہ مضبوط ہو

اگر کسی کا حافظہ بہت کمزور ہو کوئی بھی بات زیادہ دیر تک یاد نہ رہتی ہو تو چینی کی پلیٹ پر یہ سورۃ باوضو حالت میں لکھ کر پلائیں انشاء اللہ تعالیٰ حافظہ مضبوط ہو جائے گا اس کے علاوہ ہر طرح کی مشکل میں گیارہ مرتبہ یہ سُورۃ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے تو بفضلِ باری تعالیٰ مشکل آسان ہو۔

## سُورۃ ممتحنہ — ۶۰

### امراض تلی کیلئے

اگر کسی لڑکے یا لڑکی کا نکاح نہ ہوتا ہو تو وہ ہر فرض نماز کے بعد تین مرتبہ یہ سُورۃ پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے بہت جلد اس کی شادی کسی اچھی جگہ پر ہو جائے۔ تلی کے مرض کے لیے اس کا نقش نہایت مفید اور پُر تاثیر ہے۔



## سُورۃ صف

### سفر بخیر و عافیت گزرے

مسافروں کے لیے اس سُورۃ کو بکثرت پڑھنا بہت ہی زیادہ فائدہ مند ہے، سفر پر روانہ ہوتے سے قبل یہ سُورت پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ اس کا سفر بخیر و عافیت طے ہو راستے کی صعوبتوں سے پریشانی نہ ہو۔ اللہ تعالےٰ اپنی حفظ و امان میں رکھے اور خیریت سے منزلِ مقصود پر پہنچ جائے اور واپس بھی بخیر و عافیت ہو اگر کسی کی اولاد نافرمان ہو تو ہر روز پانچ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور نافرمان کو پلایا کرے۔ بفضلِ باری تعالیٰ مطیع و فرمانبردار ہو جائے۔

## سُورۃ جُمعہ

### اُلفت و محبّت کیلئے

خاوند اور بیوی کے مابین الفت و محبّت پیدا کرنے کے لیے یہ سُورۃ پڑھنا نہایت ہی مفید ہے اگر میاں بیوی آپس میں سخت ناراض ہوں اور ان کی

Scanned with CamScanner

یہ ناچاقی دن بدن بڑھتی جا رہی ہو تو ایسی صورت میں باوضو حالت میں جمعہ کے دن سات مرتبہ یہ سُورۃ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور میاں بیوی کو پلائیں انشاء اللہ تعالیٰ دونوں کے مابین محبت پیدا ہو جائے گی ناراضگی دُور ہو جائے گی اور گھر میں امن و سکون ہو جائے گا۔

## ٦٣ — سُورۃ منافقون

### دشمن و حاسد سے حفاظت

اگر کسی حاسد کی وجہ سے نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو یا کسی دوست نما دشمن کے شر سے محفوظ رہنا مقصود ہو تو باوضو حالت میں یہ سُورۃ ایک سو ایک مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ حاسد اور دشمن کے شر سے بچا رہے گا کسی قسم کا نقصان نہ ہوگا۔

## ٦٤ — سُورۃ تغابن

### تمام حاجات پوری

اگر کوئی یہ چاہے کہ اس کی روزی میں اضافہ ہو مال و دولت کی اس کے



ہاں فراوانی ہو اور کبھی بھی رزق کی تنگی نہ ہو تو وہ ہر روز نمازِ فجر کے بعد تین مرتبہ یہ سُورۃ پڑھ لیا کرے اس کی تمام حاجات بفضلِ باری تعالیٰ پوری ہوں گی۔

## ٦٥ — سُورۃ طلاق

### قلبی سکون کیلئے

اگر کسی کو کوئی ایسا غم لاحق ہو کہ جس کی وجہ سے ہر وقت اداسی چھائی رہتی ہو کوئی بھی کام کرنے کو دل نہ چاہتا ہو تو ایسی صورت میں ہر نماز کے بعد یہ سورۃ پڑھے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے غم کی کیفیت ختم ہو جائے گی دل کو سکون میسر ہوگا۔

## ٦٦ — سُورۃ تحریم

### دشمن دوستی میں بدل جائے

جو کوئی قرض کے بوجھ تلے دبا ہوا ہو قرض کی ادائیگی کی کوئی صورت دکھائی نہ دیتی ہو تو اس کی ادائیگی کی نیت سے نمازِ فجر اور نمازِ عشاء کے بعد

Scanned with CamScanner

تین تین مرتبہ پڑھے ، بفضلِ باری تعالیٰ غیب سے قرض کی ادائیگی کے
اسباب پیدا ہوں گے اس کے علاوہ اگر کسی کو دشمن نقصان پہنچا ہو اور
کسی طرح باز نہ آتا ہو تو اکیس بار پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے۔ انشاء اللہ
تعالیٰ دشمنی دوستی میں بدل جائے گی۔

## (۶۷) سُورۃ مُلک

### قبر میں روشنی

ہر طرح کی جائز مشکلات کے حل کے لیے ہر نماز کے بعد سات مرتبہ پڑھے
اور اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ دعا قبول ہوگی اس کے علاوہ
قرض داروں کے لیے بھی اس سُورۃ کا پڑھنا خوب ہے ہر نماز کے بعد اور
خاص طور پر نمازِ عشاء کے بعد روزانہ پڑھ لینا قبر میں روشنی کا باعث ہے
اللہ تعالیٰ اپنا خاص فضل وکرم نازل فرماتا ہے۔

## (۶۸) سُورۃ نون

### سر درد کے لیے مفید

اگر کوئی اس کو اکیس بار ہر روز پڑھے تو حاسدوں کے شر سے محفوظ



رہے اور دشمن کی دشمنی سے بچا رہے گا اسے باوضو حالت میں پڑھ
کر دم کرنے سے سر درد کی شکایت جاتی رہتی ہے اور آرام آجاتا ہے۔

## (۶۹) سُورۃ حاقہ

### آسیب دفع

اگر کوئی لڑکا ہر وقت بلا وجہ روتا رہتا ہو اور کسی صورت چین سے نہ
بیٹھتا ہو تو یہ سُورۃ باوضو حالت میں پڑھ کر پانی پر دم کرے اور بچے کو پلائے
انشاء اللہ تعالیٰ بچہ بلاوجہ رونا بند کر دے گا یہ پانی آسیب زدہ کو پلانے
سے اس کو بھی افاقہ ہوتا ہے اور آسیب دفع ہو جاتا ہے غم کو دُور کرنے
کے لیے بھی اس پانی کو پی لینا سکونِ قلبی واطمینان کا باعث ہے۔
حفاظت حمل کے لیے اس کا نقش مفید ہے۔

## (۷۰) سُورۃ معارج

### مردانہ کمزوری کیلئے

مردانہ کمزوری یا احتلام وغیرہ کی شکایت میں ہر روز نمازِ عشاء کے بعد
سونے سے پہلے سات مرتبہ یہ سُورۃ پڑھ لیا کریں۔ بفضلِ باری تعالیٰ

ہر طرح کی شکایت رفع ہوجائے گی اللہ تعالیٰ شفائے کاملہ نصیب فرمائے گا۔

## ۷۱ — سورۃ نوح

### دشمن زیر ہو

جو کوئی دشمن کے ہاتھوں سخت پریشان ہو دشمن نقصان پہنچانے کا کوئی بھی موقع ہاتھ سے نہ جانے دیتا ہو ہر وقت اس کے آزار کے درپے رہتا ہو تو ایک ہزار مرتبہ یہ سورۃ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن مغلوب ہوگا اور اس کا وار کارگر نہ ہوگا اللہ تعالیٰ پڑھنے والے کو اپنی حفظ و امان میں رکھے گا۔

## ۷۲ — سورۃ جنّ

### تسخیر جنّ و پری

اگر کسی کو ناحق قید میں ڈال دیا گیا ہو اور رہائی کی کوئی صورت نہ دکھائی دیتی ہو تو وہ باوضو حالت میں یہ سورۃ ہر روز پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد باعزت طور پر رہائی نصیب ہو۔ اس کے علاوہ جنات و پری کی تسخیر کے لیے سات بار ہر روز پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ مقصد میں کامیابی ہوگی۔



## ۷۳ — سورۃ مزّمل

### شفائے امراض

جو کوئی یہ چاہتا ہے کہ اسے خواب میں حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زیارت حاصل ہو تو وہ ہر روز نمازِ عشاء کے بعد یہ سورۃ پڑھ کر سویا کرے اور جس بھی دنیاوی مشکل کے حل کی غرض سے یہ سورۃ پڑھی جائے انشاء اللہ تعالیٰ وہ ضرور حل ہوتی ہے مریض کی شفایابی کے لیے پڑھ کر پانی پر دم کریں اور مریض کو پلائیں جملہ نیک مقاصد کے حصول کے لیے یہ سورۃ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگیں تو دعا قبول ہوگی۔ ادائیگی قرض اور کشادہ رزق کے لیے پُراثر تاثیر رکھتی ہے۔

## ۷۴ — سورۃ مدّثر

### غربت دور

اس سورۃ کو پڑھنے والا اگر کسی مہم میں گرفتار ہے تو وہ اللہ کے فضل و کرم سے کامیابی حاصل کرے گا اسے کسی طرح کی مشکل پیش نہ آئے گی۔ اگر بیمار پڑھے تو اسے شفاء ہوگی اگر کوئی غریب و تنگدست ہر روز اس سورۃ

Scanned with CamScanner

ورد کرے تو اس کی غربت ختم ہو جائے اللہ تعالیٰ روزی میں برکت وخیر عطا فرمائے اور اسے تونگر بنا دے جو کوئی اسے پڑھ کر میدانِ جنگ میں جائے تو انشاء اللہ تعالیٰ کامیاب ہو اور بخیر و عافیت واپسی ہو۔

## ۷۵ — سُورۃ قیمہ

### چشمِ خلائق میں معزّز

اگر کسی کو حاکمِ وقت سے کوئی کام ہو تو وہ اس سُورۃ کو پڑھ کر اس کے سامنے حاضر ہو بفضلِ باری تعالیٰ حاکم مہربانی سے پیش آئے اور کام حسبِ منشا ہو جائے اس کے علاوہ چشمِ خلائق میں معزّز و محترم ہونے کے لیے ہر روز سات مرتبہ یہ سُورۃ پڑھے تو ہر کوئی عزت و احترام سے پیش آئے

## ۷۶ — سُورۃ دَھر

### رزق میں برکت

ہر طرح کی نیک اور جائز دل کی حاجت کے لیے نمازِ فجر کے بعد ایک مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے تو انشاء اللہ تعالیٰ دعا قبولیت کا شرف حاصل کرے اور حاجات پوری ہو جائیں اس کے علاوہ کشائش



رزق کے لیے دن میں کئی بار پڑھے۔ بفضلِ باری تعالیٰ رزق میں برکت پیدا ہو جائے گی اور کبھی رزق کی کمی کی شکایت پیدا نہ ہوگی۔ اس کا نقش پاس رکھنے سے رزق میں برکت رہے۔

## ۷۷ — سُورۃ مرسلات

### سفر بخیریت گزرے

مسافروں کے لیے اس سُورۃ کو پڑھنا بہت ہی فائدہ مند ہے اگر مسافر یہ سُورۃ پڑھ کر سفر پر روانہ ہو تو بخیر و عافیت منزلِ مقصود پر پہنچے راستے کی صعوبتوں سے بچا رہے اور خیریت سے گھر واپس آئے اگر کوئی مریض ہر روز پڑھے تو اسے چند دنوں میں ہی مرض سے چھٹکارا حاصل ہو اللہ تعالیٰ شفائے کاملہ نصیب فرمائے اس کا نقش پہننے سے سفر بخیریت گزرے

## ۷۸ — سُورۃ نباء

### قوّتِ بصارت کیلئے

اگر کسی کی قوّتِ بصارت میں کمی واقع ہوگئی ہو تو وہ ہر روز قرآنِ پاک

کی اس سورۃ کی تلاوت کیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی آنکھوں کی روشنی میں اضافہ ہو جائے گا اس کے علاوہ اس سورۃ کو ہر روز پڑھنے سے دیگر امراضِ چشم میں بھی افاقہ ہوتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ شفائے کاملہ نصیب فرماتا ہے۔ اس سورۃ کا نقش گلے میں ڈالنے سے مقصد حاصل ہوں گے۔

## (۷۹) سورۃ والنازعات

### ایمان کی سلامتی

اگر کوئی چاہے کہ شیطان کے شر سے محفوظ رہے اور اس کا ایمان سلامت رہے تو وہ ہر روز نمازِ فجر اور نمازِ عصر کے بعد یہ سورۃ پڑھ لیا کرے بفضلِ تعالیٰ شیطان کا ہر وار ناکام ہوگا اس کے علاوہ اس کا پڑھنا دشمنوں کے شر سے بھی محفوظ رکھتا ہے دشمن نقصان پہنچانے کی جرأت نہیں کرتا نقش گلے میں پہننے سے مقصد میں کامیابی ہوگی۔

## (۸۰) سورۃ عبس

### شب کوری کیلئے

ہر طرح کی بیماری میں اکیس بار پڑھ کر پانی پر دم کرے اور مریض



کو پلائے انشاء اللہ تعالیٰ چند دنوں میں ہی افاقہ ظاہر ہوا اور اللہ تعالیٰ شفائے کاملہ نصیب فرمائے خاص طور پر امراضِ چشم میں مبتلا افراد یہ سورۃ ہر روز کئی بار جس قدر کہ پڑھ سکیں پڑھ لیا کریں تو ان کا مرض بفضلِ تعالیٰ دُور ہو جائے اور شکایت جاتی رہے۔ شب کوری کی شکایت ہو تو مریض کے گلے میں نقش ڈالنے سے مرض میں افاقہ ہوگا۔

## (۸۱) سورۃ تکویر

### ہر مصیبت سے نجات

بلاء و مصیبت سے محفوظ رہنے کے لیے ہر روز باوضو حالت میں یہ سورۃ پڑھ کر گھر سے باہر نکلے انشاء اللہ تعالےٰ بچا رہے گا اگر کوئی دشمنوں کے ہاتھوں سخت پریشانی میں مبتلا ہو۔ دشمن نقصان پہنچانے سے باز نہ آتے ہوں تو وہ ہر روز اکیس بار یہ سورۃ پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالےٰ مغلوب ہوگا اور اپنے مقصد میں دشمن کو ناکامی ہوگی۔ اس سورۃ کا نقش گلے میں پہننے سے کبھی مایوس نہ ہوگا۔

## (۸۲) سُورۃ انفطار

### دُشمنوں کے شر سے محفوظ

اگر کسی کو ناحق قید میں ڈال دیا گیا ہو تو وہ ہر روز باوضو حالت میں اکیس مرتبہ پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے قید سے رہائی حاصل ہوگی اس کے علاوہ ہر طرح کی جائز حاجات کے لیے ستر بار پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے تو بفضلِ باری تعالیٰ مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوگی۔ اسس سُورۃ کا نقش گلے پہننے سے مشکل سے مشکل کام پُورے ہوں گے

## (۸۳) سُورۃ تطفیف

### گریۂ اطفال

اگر کوئی بچہ ہر وقت بلاوجہ روتا رہتا ہو اور کسی طرح چپ نہ رہتا ہو گھر والے اسس کی اس عادت کی وجہ سے پریشان رہتے ہوں تو گیارہ مرتبہ یہ سُورۃ پڑھ کر بچے پر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ بلاوجہ کبھی نہ روئے گا اور چین کی نیند سویا کرے گا۔ اس کا نقش پہننا باعثِ سکون ہے۔



## (۸۴) سُورۃ انشقاق

### ولادت میں آسانی

حمل کے زمانہ میں عورت کو یہ سُورۃ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں تو اسے انشاء اللہ تعالیٰ کوئی تکلیف نہ ہوگی وضع حمل تک اسی پانی کا استعمال کریں۔ ہر روز پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں وضع حمل میں آسانی ہوگی اس کے علاوہ جو بچے بلاوجہ روتے رہتے ہوں تو ایک مرتبہ یہ سُورۃ پڑھ کر دم کریں انشاء اللہ تعالیٰ بچہ بلاوجہ نہ رویا کرے گا۔

## (۸۵) سُورۃ برُوج

### ہر حاجت کیلئے

ہر طرح کی حاجات کے لیے یہ سُورۃ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے تو حاجت پوری ہو اگر کسی کو دنبل کی شکایت لاحق ہوگئی ہو تو وہ نمازِ عصر کے بعد ہر روز پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کے شر سے محفوظ

رہے گا اور اللہ تعالیٰ اپنی حفظ وامان میں رکھے گا۔

## ۸۶ — سُورۃ طارق

### آسیب دُور

اگر کسی کا کوئی عزیز گھر سے فرار ہو گیا ہو تو ہر روز اکیس مرتبہ یہ سُورۃ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے تو انشاء اللہ تعالیٰ بھاگا ہوا جلد واپس آ جائے اس کے علاوہ آسیب کو دُور کرنے کے لیے سات بار پڑھے اس سُورۃ کا نقش گلے یا بازو پر باندھنے سے مرض کو آفاقہ ہوگا۔

## ۸۷ — سُورۃ اعلیٰ

### سلامتی کیلئے

مسافروں کے لیے اس سُورۃ کو پڑھنا بہت ہی فوائد کا حامل ہے اگر کوئی سفر پر جانے سے قبل سات مرتبہ یہ سُورۃ باوضو حالت میں پڑھ کر گھر سے روانہ ہو تو بفضلِ باری تعالیٰ سفر بخیر و عافیت طے ہو اور سلامتی کے ساتھ گھر واپسی ہو۔ راستے کی صعوبتوں سے بچا رہے۔ مسافر گلے یا بازو پر



نقش باندھے۔

## ۸۸ — سُورۃ غاشیہ

### وبائی امراض کیلئے

وبا کے زمانہ میں ہر نماز کے بعد پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے تو انشاء اللہ تعالیٰ وبا سے بچا رہے اللہ تعالیٰ اسے اپنی حفظ وامان میں رکھے اگر وبا سے متاثرہ شخص پڑھے تو اسے جلد صحت حاصل ہو ہر طرح کے مرض میں تین مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کرے بفضلِ باری تعالیٰ اسے شفا ملے۔ نقش مرض کے لیے گلے میں باندھے۔

## ۸۹ — سُورۃ فجر

### ہر مشکل کیلئے مفید

ہر طرح کی مشکل مہم پر جانے سے پہلے باوضو حالت میں اکتالیس مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالےٰ سے دعا مانگے تو انشاء اللہ تعالیٰ اسے کامیابی حاصل ہو اور کامیاب واپس لوٹے ہر طرح کی مشکلات کے حل کے لیے ہر نماز کے

Scanned with CamScanner

بعد سات مرتبہ پڑھنے سے اللہ تعالیٰ اپنا فضل وکرم فرماتا ہے اور مشکل کو حل کر دیتا ہے۔

## ۹۰ — سُورۃ بلد

### نظرِ بد کے لیے

اگر کوئی نظرِ بد کا شکار ہو تو باوضو حالت میں یہ سُورۃ پڑھ کر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ صحت یابی ہوگی۔ اگر کسی ایسے شہر میں جا رہا ہو جہاں پر لوگ اس کے واقف نہ ہوں تو شہر میں داخلہ سے قبل یہ سُورۃ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ شہر کے لوگ اس کے ساتھ عزت و احترام اور حسنِ سلوک سے پیش آئیں گے۔

## ۹۱ — سُورۃ وَالشّمس

### جان و مال کی حفاظت

اگر کسی کو دشمنوں کی طرف سے ہر وقت یہ خطرہ لاحق ہو کہ دشمن اسے جانی نقصان پہنچائیں گے تو وہ ہر روز سات مرتبہ یہ سُورۃ پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ اس کا خوف دُور ہو جائے گا اور دشمن نقصان نہ پہنچائے گا اس کے علاوہ ہر طرح کی حاجات کے لیے نمازِ فجر کی ادائیگی کے بعد اکیس مرتبہ پڑھے




انشاء اللہ تعالیٰ حاجت روائی ہوگی۔

## ۹۲ — سُورۃ واللّیل

### ہر مشکل آسان

ہر طرح کی مشکل میں ایک سو اسی مرتبہ یہ سُورۃ باوضو حالت میں ایک ہی جگہ پر بیٹھ کر توجہ اور یکسوئی سے پڑھے پھر اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مشکل آسان ہوگی۔ اس کا نقش گلے یا بازو پر باندھے مقصد حاصل ہوں گے۔

## ۹۳ — سُورۃ وَالضّحیٰ

### غائب حاضر ہو

اگر کسی کا کوئی عزیز گم ہو گیا ہو اور اس کا کچھ پتہ نہ چلتا ہو یا اگر وہ بھاگ گیا ہو اور واپس نہ آتا ہو تو باوضو حالت میں دو ہزار مرتبہ یہ سُورۃ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے تو بفضلِ باری تعالیٰ غائب حاضر ہو اور بھاگا ہوا واپس آجائے۔

## ۹۴ — سُورۃ الم نشرح

### تجارت میں برکت

اگر کسی کے سینے میں درد کی شکایت پیدا ہو جائے تو یہ سورۃ باوضو حالت میں لکھ کر پانی میں گھول کر پینے کے لیے دے اور سینے پر ملے انشاء اللہ تعالیٰ درد میں افاقہ ہو گا سینے کے دیگر امراض میں بھی اس سے شفا حاصل ہوتی ہے اگر کوئی مال اسباب خرید کر پڑھے تو فائدہ اور برکت ہو اور تجارت کرنے والا پڑھے تو بہت منافع ہاتھ لگے اگر کوئی مالِ تجارت خریدے تو تین مرتبہ یہ سورۃ پڑھ کر دم کرے اللہ تعالیٰ اس مال میں خیر و برکت ڈال دے گا۔ اگر کسی کو گنٹھیا کا مرض ہو تو اس کا نقش گلے میں پہنے۔

## (۹۵) سورۃ والتین

### گمشدہ کی واپسی

اگر کوئی گھر سے بھاگ گیا ہو اور واپس نہ آتا ہو اس وجہ سے گھر والے سخت پریشان ہوں یا گمشدہ کی واپسی کے لیے یہ سورۃ باوضو حالت میں دو ہزار مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ بھاگا ہوا واپس آئے اور گمشدہ کے بارے میں معلوم ہو جائے گا کہ وہ کہاں ہے اور وہ جلد واپس آئے۔ مجرب آزمودہ ہے۔



## (۹۶) سورۃ علق

### حاکم وقت مہربان ہو

اگر کسی شخص کا حاکمِ وقت سے کوئی کام ہو تو وہ جانے سے پہلے سات مرتبہ یہ سورۃ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اور پھر حاکم کے سامنے اپنی درخواست پیش کرے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی درخواست کو قبول کرے گا اور اس کے حسبِ منشا کام ہو جائے گا۔

## (۹۷) سورۃ قدر

### چشمِ خلائق میں معزز و محترم

چشمِ خلائق میں معزز و محترم ہونے کی غرض سے نماز فجر اور نماز عشاء کے بعد سات مرتبہ پڑھے تو انشاء اللہ تعالیٰ اسے مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہو گی اس کے علاوہ عزت و مرتبہ کے حصول کے لیے ہر نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے تو عزت و مرتبہ حاصل ہو۔ اس کا نقش گلے یا بازو پہ باندھنا دشمنی سے محفوظ رہے گا۔

Scanned with CamScanner

## (٩٨) سُورۃ بیّنہ

### امراضِ جگر کیلئے

جگر کے امراض میں مبتلا افراد کو سات مرتبہ یہ سُورۃ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں انشاءاللہ تعالیٰ افاقہ ہوگا۔ اس کے علاوہ اگر کسی کو یرقان یا برص کا مرض لاحق ہوگیا ہو تو وہ ہر نماز کے بعد یہ سُورۃ پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ اس کو شفائے کاملہ نصیب ہوگی۔ اس سُورۃ کا نقش یرقان کے لیے گلے میں پہننا بہت مفید ہے۔

## (٩٩) سُورۃ زلزال

### مشکل مہمّات کیلئے

ہر طرح کی مشکل مہمّات میں ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ یہ سُورۃ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے تو بفضلِ باری مشکل حل ہوگی اور جو بھی نیک اور جائز حاجت ہوگی وہ بھی انشاءاللہ تعالیٰ پوری ہوجائے گی۔



## (١٠٠) سُورۃ والعادیات

### ادائیگی قرض کے لیے

قرض دار جو قرض کی وجہ سے سخت پریشان ہو وہ ہر روز نمازِ فجر کے بعد گیارہ مرتبہ یہ سُورۃ پڑھ لیا کرے انشاءاللہ تعالیٰ غیب سے اس کی قرض کی ادائیگی کے اسباب پیدا ہوں گے اگر کسی کے جگر میں درد کی شکایت ہو تو یہ سُورۃ لکھ کر پانی میں گھول کر تین دن تک پی لے انشاء اللہ تعالیٰ شکایت رفع ہو جائے گی۔ نظرِ بد کے شکار پر پڑھ کر دم کریں تو اسے صحت ہو۔

## سُورۃ القارعہ

### دفعِ وباء کیلئے

اگر کسی جگہ پر کوئی وباء وغیرہ پھیل گئی ہو اور ڈر ہو کر وباء اپنی لپیٹ میں نہ لے تو اس سے محفوظ رہنے کے لیے ایک سو اکیس مرتبہ با وضو حالت میں پڑھیں اور اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگیں انشاءاللہ تعالیٰ پڑھنے والا وباء سے بچا رہے گا اللہ تعالیٰ اپنی حفظ وامان میں رکھے گا۔

Scanned with CamScanner

## ۱۰۲ سُورۃ التکاثر

### بُرائیوں سے نفرت

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ اس کی طبیعت دین کے کاموں کی طرف لگے اور برائی سے اسے نفرت ہو جائے تو وہ ہر نماز کے بعد تین مرتبہ یہ سُورۃ پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ جو بھی اس کا نیک مقصد ہو گا وہ پُورا ہو گا۔ اس کا نقش گلے میں پہننا بُرائیوں سے بچا رہے گا۔

## ۱۰۳ سُورۃ والعصر

### تسخیر حُب کے لیے

دِل کی سختی دُور کرنے اور طبیعت میں نرمی پیدا کرنے کی غرض سے ہر نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ طبیعت میں عاجزی وانکساری پیدا ہو جائے گی۔ اس کے علاوہ یہ سُورت بکثرت پڑھنا حُب کے لیے خُوب ہے۔ اس کا نقش گلے میں پہننا سکونِ قلبی کے لیے نہایت مفید ہے اور مجرّب ہے۔



## ۱۰۴ سُورۃ ہمزہ

### امراضِ قلب

جو کوئی امراضِ قلب میں مبتلا ہو اس کو یہ سُورۃ باوضو حالت میں گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اس کے علاوہ پانی پر بھی دم کریں اور اسے پینے کے لیے دیں آنکھوں میں درد ہونے کی صورت میں بھی اسی طرح دم کریں اور پینے کے لیے پانی دیں اسی پانی سے آنکھوں پر چھینٹے لگائیں انشاء اللہ تعالیٰ شفائے کاملہ نصیب ہوگی۔ اس کا نقش گلے میں پہننا آنکھوں کی بصارت کے لیے نہایت مجرّب ہے۔

## ۱۰۵ سُورۃ فیل

### دُشمن زیر

اگر کوئی شخص دشمن کے ہاتھوں سخت پریشان ہو دشمن بہت تنگ کرتا ہو تو ہر روز اکیس مرتبہ یہ سُورۃ پڑھے اللہ تعالیٰ دشمن کے شر سے محفوظ رکھے گا دشمن اپنے مقصد میں ناکام و نامراد ہوگا۔

Scanned with CamScanner

## ۱۰۶ — سُورۃ قریش

### نظرِ بد دفع شر

اگر کوئی غربت و افلاس میں مبتلا ہو تو وہ ہر نماز کے بعد سات مرتبہ پڑھا کرے انشاء اللہ تعالیٰ دنوں میں ہی غنی ہو جائے گا۔ غربت و افلاس کا خاتمہ ہوگا اگر کسی کو نظر بد لگ جائے تو کھانے کی چیز پر دم کر کے کھلائیں اور دشمن کے ہاتھوں پریشانی ہو تو نمازِ فجر کے بعد اس طرح ایک سو مرتبہ پڑھے کہ اوّل و آخر تین تین بار دُرود پاک پڑھے تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے دشمن کے شر سے محفوظ رہے گا۔

## ۱۰۷ — سُورۃ ماعون

### جائز حاجت کیلئے

ہر طرح کی نیک اور جائز حاجت کے حصول کے لیے باوضو حالت میں قبلہ رُو بیٹھ کر گیارہ سو مرتبہ پڑھے۔ اور پھر اللہ تعالےٰ سے دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حاجت پوری ہو گی۔ اس کے علاوہ اگر کوئی ایسی مشکل



درپیش ہو جو کسی طرح حل نہ ہوتی ہو تو ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے بہت جلد مشکل آسان ہو جائے گی۔

## ۱۰۸ — سُورۃ کوثر

### دفع دشمن کیلئے

اگر کوئی دشمن بہت ہی زیادہ تنگ کرتا ہو اور جان کے درپے ہو کسی طرح باز نہ آتا ہو کوئی صورت اس کے شر سے محفوظ رہنے کی دکھائی نہ دیتی ہو تو باوضو حالت میں ایک سو گیارہ مرتبہ یہ سُورۃ پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن دفع ہو جائے گا اور زیر ہوگا۔ نقصان پہنچانے کی پوزیشن میں نہ رہے گا۔

## ۱۰۹ — سُورۃ کافرون

### دفع آفات و بلیات

اس سُورۃ کو ہر نماز کے بعد بکثرت پڑھنے والا جملہ آفات و بلیات سے محفوظ رہتا ہے ہر وقت اور ہر موقع پر اس کی تلاوت کرنا خیر و برکت کا

Scanned with CamScanner

باعث ہے۔

## ١١٠ سورۃ نصر

### دشمن پر غلبہ

دشمن پر فتح و غلبہ حاصل کرنے کے لیے اس سورۃ کو ہر نماز کے بعد دو سو مرتبہ پڑھیں اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن زیر ہو جائے گا اگر پڑھ کر میدانِ جنگ میں جائے اور اس سورۃ کی تلاوت کرتا رہے تو بفضلِ باری تعالیٰ دشمن پر فتح نصیب ہو اور دشمن مغلوب ہو جائے۔

## ١١١ سورہ لہب

### ظالم کے ظلم سے محفوظ

اگر کوئی ظالم کے ظلم کا شکار ہو ظالم اسے بہت زیادہ تنگ کرتا ہو کسی طرح اس کے ظلم سے چھٹکارا پانا ممکن دکھائی نہ دیتا ہو تو باوضو حالت میں ایک جگہ پر یکسوئی اور توجہ کے ساتھ بیٹھ کر تین ہزار مرتبہ یہ سورۃ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ ظالم کے ظلم سے محفوظ رہے گا۔



## ١١٢ سورۃ اخلاص

### بے شمار فضائل

اس سورۃ کو تین مرتبہ ایک ہی وقت میں پڑھنے سے پورے قرآن پاک کے پڑھنے کا ثواب حاصل ہوتا ہے اس کے بے شمار فضائل ہیں۔ ہر نیک اور جائز مقصد کے حصول کے لیے یہ سورۃ بکثرت پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے کاروبار کی ترقی، جان و مال کی حفاظت اور صحت و تندرستی کی غرض سے گیارہ مرتبہ پڑھے۔ اس سورۃ کو بکثرت پڑھنے والے پر کسی دشمن کا حربہ اثر نہ کرے گا اور نہ ہی اس پر آسیب جن اور بھوت وغیرہ کا اثر نہ ہو گا۔

## ١١٣ سورۃ فلق

### جادو ٹونے کیلئے

اگر کسی پر جادو ٹونے کا کوئی اثر ہو تو ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور پانی پر دم کر کے سحر زدہ کو پلائیں انشاء اللہ تعالیٰ سحر کا اثر رفع ہو جائے گا اور صحت کاملہ نصیب فرمائے گا۔

Scanned with CamScanner

## ۱۱۴ سُورۃ النّاس

### نظر بد سے بچاؤ

اس سُورۃ کا پڑھ کر بچوں پر دم کرنا نظر بد سے جادو سے جن آسیب کے خلل سے جملہ آفات سے بچوں کو محفوظ رکھتا ہے۔ بڑے آدمی کا پڑھنا اس کا نہایت ہی ہر قسم کی آفات سے بچاتا ہے۔ ان سورتوں کو حفاظت کا قلعہ فرمایا گیا ہے۔



# عملیات و تعویذات

## اولاد زندہ رہے گی

جس عورت کا بچہ زندہ نہ رہتا ہو وہ ایک کاغذ پر ایک سو ساٹھ بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھوا کر اس کا تعویذ بنا کر ہر وقت پہنے رکھے۔ تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کی اولاد زندہ رہے گی۔

## زہر کا اثر جاتا رہے

بِسۡمِ اللّٰہِ الَّذِیۡ لَا یَضُرُّ مَعَ اسۡمِہٖ شَیۡءٌ فِی الۡاَرۡضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیۡعُ الۡعَلِیۡمُ ط

یہ دعا پڑھ کر ہمیشہ کھانا کھائیں اور پانی پئیں تو انشاء اللہ تعالیٰ زہر کا اثر دور ہو جائے گا اور کوئی زہر نقصان نہیں دے گا، لیکن پختہ عقیدہ شرائط کا پایا جانا ضروری ہے۔

## برائے نیش تتیا

نو ۹ بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر پھر دسویں مرتبہ زمین پر تھوک دیوے اور اس کے لعاب میں مٹی ملا کر جس جگہ پر جانور نے کاٹا ہو

ملے۔ انشاءاللہ تعالیٰ شفا ہوگی۔

## برائے خلاصی از قرض

سورۂ اذا جاء نصر اللہ تمام کو چالیس مرتبہ بعد نماز فجر پڑھنا پابندی سے مجرب ہے۔

## دشمن یا بادشاہ کا خوف ہو

یعنی ان سے تکلیف پہنچی ہو۔ یا پہنچنے کا خطرہ ہو تو یہ عمل جو کہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی سے بطریق حضرت شیخ عبدالقادر گیلانی رحمۃ اللہ تعالیٰ منقول ہے کرے۔ بعد نماز تہجد ۱۱سو مرتبہ آیت کریمہ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ پڑھے اور اوّل و آخر اس آیت پڑھے کے ۱۱، ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھے اور دعا کرے۔ طہارت ۲ مکان و جسم۔ حفظ مکان و زمان شرط ہے۔

## عمل برائے دفع دشمنان

بعد نماز عشاء دو رکعت پڑھے اور ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ فیل سات مرتبہ پڑھے سلام پھرنے کے بعد پڑھے۔ وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَیِّ الْقَیُّوْمِ کو ظُلْمًا تک چالیس مرتبہ انشاء اللہ تعالیٰ



دشمن چلا جائے گا۔

## برائے حصول جمیع الحاجات

(ترکیب خواندن الحمد) ہر مشکل اور ہر مہم کے لیے الحمد شریف چالیس بار روزانہ پڑھنا مجرب ہے لیکن فجر کی نماز کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان اس ترکیب سے پڑھنا عظیم تاثیر رکھتا ہے۔

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝

لفظ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کو دو مرتبہ کہے اور اس موقع پر مقصد کا خیال کرے پھر سورت مذکورہ کو پوری کرے۔ جب لفظ آمین پر پہنچے تین مرتبہ آمین کہے۔

## دشمن کی خرابی کیلئے

امام غزالی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے منقول ہے کہ ایک روٹی پر حروف تسعہ (نو حرف) ابجد کے حروف میں سے الف سے لے کر طی تک لکھے اور اس روٹی کے پانچ ٹکڑے کرے اور پانچ کتوں کو کھلائے۔ کھلاتے

وقت کہے فلاں ابن فلاں کا گوشت کھاؤ اور اس کو ٹکڑے ٹکڑے کر دو۔
اس عمل سے دشمن کا جسم پھوٹ نکلے گا۔

## برائے قضائے حاجات

ظہر کے وقت تین سو تیرہ مرتبہ پڑھا کرے انشاء اللہ تعالیٰ ضرورت پوری ہو گی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ حَبِیْبِكَ اِنِّیْ مُشْتَاقٌ بِنُوْرِ
جَمَالِكَ وَرَسُوْلِكَ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ ط

(بحوالہ بیاض محمدی)

## پاگل پن سے نجات

اگر کسی کو پاگل پن کے دورے پڑتے ہوں تو باوضو حالت میں یہ نقش لکھ کر اس کے گلے میں ڈالے ان شاء اللہ تعالیٰ اس کو شفا ہو جائے گی۔ نقشِ مبارک یہ ہے۔

| |
|---|
| ا لہ س لا لا او لا عہ ر ر ط |
| ح عی لا ع ع ٦ ا د ط |



## جانی و مالی نقصان سے بچاؤ

ذیل میں دیا ہوا نقش پاک جان و مال کی حفاظت کے لیے نہایت مجرب و آزمودہ ہے جو کوئی اس کو اپنے بازو پر باندھے گا وہ بفضلِ باری تعالیٰ ہر نقصان سے محفوظ رہے گا اگر مال میں رکھے گا تو وہ مال چوری ہونے اور ضائع ہونے سے محفوظ رہے گا۔ نقشِ پاک یہ ہے۔

٧٨٦

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ١ | ١٩ | ٣٧ | ٥٣ | ٨٩ | ٩١ | ٧٩ | ٩٣ | ٢٦ | ٣٦ |
| ٢٠ | ٣٢ | ٥٣ | ٢٢ | ٩١ | ٣٠ | ٥ | ٧٣ | ٦٢ | ٣٨ |
| ٣٢ | ٦٦ | ٨٧ | ٩٣ | ٣٩ | ٣٣ | ١٩ | ٤ | ٢٨ | ٥٩ |
| ٦٠ | ٢٥ | ٩٤ | ٢٦ | ٩١ | ٦٥ | ٣٨ | ١٨ | ٣ | ٨٣ |
| ٨٠ | ٩٥ | ٣٢ | ٣٦ | ٢٩ | ٩٠ | ٥١ | ٣٣ | ١٣ | ٢ |
| ٨١ | ٦ | ٣٣ | ٥٣ | ٥٢ | ٧١ | ٧٠ | ٣٧ | ٧ | ٩٩ |
| ٦١ | ٨٨ | ٧ | ١٣ | ٣٩ | ٥٦ | ٣٣ | ٩٣ | ٩٨ | ٧٩ |
| ٣٠ | ٥٥ | ٢٣ | ٨٨ | ١٢ | ٥ | ٣٥ | ٩٦ | ٩٣ | ٩٣ |
| ٢١ | ٣٣ | ٦٣ | ٨٨ | ١١١ | ١١ | ٩٩ | ٧١ | ٨٨ | ٣٣ |
| ٧٠ | ٢٣ | ٨٨ | ٣٢ | ٣٣ | ٩ | ٥٥ | ٧ | ٤٢ | ١٥ |

Scanned with CamScanner

## ہیپاٹائٹس (اے بی اور سی)

ہیپاٹائیٹس کا مرض کا کتنا ہی شدید کیوں نہ ہو اس عمل کی برکت ان شاء اللہ تعالیٰ شفا ہو گی چاند کے مہینے کی پہلی پیر کو نماز فجر کے بعد باوضو حالت میں یہ نقش پاک لکھے۔ لکھنے کے بعد یہ آیت مبارکہ اس نقش کے پیچھے اس طرح لکھے کہ بسم اللہ کے اُوپر بسم اللہ آئے علاوہ ازیں یہی آیت مبارکہ چینی کی پلیٹ پر لکھ کر نوے روز تک بلاناغہ مریض کو پلائے نقش کو تعویذ

| بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ | | | |
|---|---|---|---|
| ک | ش | ر | س |
| ت | ل | ع | ق |
| ت | ف | م | خ |
| ض | د | ص | ن |

کی طرح بنا کر مریض کے گلے میں ڈالے اِن شاء اللہ تعالیٰ دِن بدن افاقہ ہو گا اور آرام آجائے گا۔

آیت مبارکہ اگلے صفحہ پر دیکھئے



بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

کَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّکَلِمٰتِ رَبِّیْ

(بحوالہ تحفہ پنجتن پاک)

## موٹاپا ختم

گُردہ تماں (چھلکا اور بیج سے پاک) پیس کر کیپسول میں بھر دیں اور ہر روز ایک کیپسول صبح اور ایک شام تازہ پانی سے استعمال کریں۔

پرہیز:۔ پراٹھا۔ گوشت۔ دُودھ کم پیئں۔ پانی پیاس سے زیادہ استعمال کریں۔

## خُونی بواسیر اور درد کیلئے

ایک دھو کر پیئے اور ایک ڈھڈی پر باندھے

اَوَلَمْ یَرَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْٓا اَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ
کَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰہُمَا ؕ وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَآءِ کُلَّ
شَیْءٍ حَیٍّ ؕ اَفَلَا یُؤْمِنُوْنَ ۝

## خونی و بادی بواسیر دُور کرنا

سات کاغذ کے پُرزوں پر لکھے اور موم میں لپیٹ کر ایک گولی صبح نہار منہ کھالیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ موذی مرض دفع ہوجائے گی - وہ یہ نقش ہے۔

ھے ح م ط ۸ ۱۱۱ ع ا ط ط عـہ ح ۸ ۱۱

## بچّے کے رونے کے لیے

اگر بچّہ بہت زیادہ روتا ہو تو یہ آیت لکھ کر گلے میں ڈالے بچہ کو فوراً سکون آجائے گا۔ آیت یہ ہے۔

شَہِدَ اللّٰہُ اَنَّہٗ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ وَالْمَلٰٓئِکَۃُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِؕ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ

اِنَّ الدِّیْنَ عِنْدَ اللّٰہِ الْاِسْلَامُ ؕ

فائدہ:۔ فقیر کو اس آیت کا عمل مع نقش یا حَفِیْظُ حضرت سیّد امیر علی شاہ صاحب لکھنوی مہاجر مکّی کی بیاض سے حاصل ہوا۔ بہ نظر رفاہِ خلائق نقل کرتا ہوں بارہا آزمایا مجرّب ہے۔ نقش اگلے صفحہ پر دیکھیے



۷۸٦

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۹ | ۱۲ | ۸۹۸ | ۷۹ |
| ۸۹۷ | ف | ح | ۱۳ |
| ۸۱ | ظ | ی | ۷ |
| ۱۱ | ٦ | ۸۲ | ۹۹ |

## دیگر

شیرخوار بچہ کے دانت آسانی سے نکل آئیں گے۔ یہی نقش لکھ کر گلے میں باندھیں۔ اور یہی نقش نظرِ بد اور آسیب کے لیے کافی ہے مجرب آزمودہ ہے۔ اور پچھلے صفحہ آیت لکھے اور نیچے بحق یا حفیظ دارندہ این نقش را از جمیع بلیّات ارضی و سماوی محفوظ دار۔

## ظالم کے ہاتھ سے رہائی کیلئے

اس آیت کو خود بھی پڑھے اور اپنے گھر والوں کو بھی اس کے پڑھنے کی ہدایت کرے۔

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَۃً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ ۝

## کفّار کی مغلوبیت اور مسلمانوں کے غلبہ کیلئے

اس آیت کی کثرت سے پڑھائی کرے۔

رَبَّنَآ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝

## ظالموں سے نجات کیلئے

اس دُعا کا اکثر وِردِ زبان رکھے انشاء اللہ تعالیٰ ظالم کی ظلمت سے بچا رہے گا۔ آیت یہ ہے۔

رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ اَهْلُهَا
وَاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا وَّاجْعَلْ لَّنَا مِنْ
لَّدُنْكَ نَصِيْرًا ۝

## آنکھ کا درد دور کرنے کیلئے

آیت لکھ کر ایک تعویذ بنا کر درد والی جگہ پر باندھے اور ایک آیت پانی میں دھو کر پیئے انشاء اللہ تعالیٰ افاقہ ہوگا۔ آیت آگے دیکھیے



بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يُوْسُفُ اَيُّهَا الصِّدِّيْقُ اِذْهَبُوْا بِقَمِيْصِيْ هٰذَا
فَاَلْقُوْهُ عَلٰى وَجْهِ اِلٰى يَاْتِ بَصِيْرًا ۚ وَاْتُوْنِيْ
بِاَهْلِكُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝ فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ
فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ الْحَدِيْدُ ۝

## کان کے درد کیلئے

ایک تعویذ دھو کر پلائے اور ایک مقام درد پر باندھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

كَاَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا كَاَنَّ فِيْۤ اُذُنَيْهِ وَقْرًا ۚ
فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝ فَضَرَبْنَا عَلٰۤى اٰذَانِهِمْ
فِى الْكَهْفِ سِنِيْنَ عَدَدًا ۙ قُلْ هُوَ اُذُنُ
خَيْرٍ لَّكُمْ ۚ

انشاء اللہ تعالیٰ عمل کرنے سے فوراً آرام آئے گا۔

Scanned with CamScanner

## دانت کا درد دور کرنے کیلئے

یہ آیت لکھ کر پانی میں دھو کر پلایئے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِنَّا جَعَلْنَا فِیْٓ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِیَ اِلَی الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ ۝

## سینہ کا درد دور کرنے کیلئے

یہ آیت لکھ کر پانی میں دھو کر پلائیں اور ایک مقام درد پر باندھے۔ فوراً آرام آئے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ ۝ وَیَسِّرْ لِیْٓ اَمْرِیْ ۝

(بحوالہ بیاض محمدی)



## حل المشکلات کیلئے:

ذیل کا نقش ساعت سعد میں پُر کر کے اپنے پاس رکھیں نہایت مجرب ہے اور آزمودہ ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مشکل حل ہوگی۔ نقش مکرم یہ ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۵۳۹۱۳ | ۵۳۹۱۶ | ۵۳۹۰۹ | ۵۳۹۰۵ |
| ۵۳۹۱۸ | ۵۳۹۰۶ | ۵۳۹۱۲ | ۵۳۹۱۷ |
| ۵۳۹۰۷ | ۵۳۹۲۱ | ۵۳۹۱۴ | ۵۳۹۱۱ |
| ۵۳۹۱۵ | ۵۳۹۱۰ | ۵۳۹۰۸ | ۵۳۹۲۰ اس جگہ مطلب لکھیں |

## مشکلات پر غالب

ذیل کا نقش بھی پُر تاثیر ہے اور اس کا پاس رکھنے والا ہر قسم کی مشکلات پر غالب آتا ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۳۳۵ | ۳۳۰ | ۳۳۷ |
| ۳۳۶ | ۳۳۴ | ۳۳۲ |
| ۳۳۱ | ۳۳۸ | ۳۳۳ |

## رفع حاجت

سُوْرَةِ اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰہِ وَالْفَتْحُ الخ کا ورد کرنا بھی رفع الحاجات

کے لیے اکسیر ہے۔ صبح و شام اوّل و آخر درود شریف گیارہ۔ ایک سَو صبح اور ایک سو مرتبہ شام کو اِس سُورۃ کا وِرد کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مشکل حل ہوگی۔ اس کا تعویذ جو ذیل میں درج کیا گیا ہے۔ وِرد کے وقت سامنے رکھے۔ نقشِ مکرم یہ ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۵۱۵ | ۱۵۳۰ | ۱۵۲۶ | ۱۵۲۲ |
| ۱۵۲۷ | ۱۵۲۱ | ۱۵۱۶ | ۱۵۲۹ |
| ۱۵۲۰ | ۱۵۲۴ | ۱۵۳۲ | ۱۵۱۷ |
| ۱۵۳۱ | ۱۵۱۸ | ۱۵۱۹ | ۱۵۲۵ |

## عمل برائے حج

لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ الرُّءْيَا بِالْحَقِّ لَتَدْ
خُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ
مُحَلِّقِيْنَ رُءُوْسَكُمْ وَمُقَصِّرِيْنَ لَا تَخَافُوْنَ
فَعَلِمَ مَالَمْ تَعْلَمُوْا فَجَعَلَ مِنْ دُوْنِ ذٰلِكَ
فَتْحًا قَرِيْبًا ۝



فجر کی نماز کے بعد اوّل و آخر درود شریف گیارہ بار درمیان میں یہ آیت مبارکہ سترہ بار پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حج کی سعادت نصیب ہوگی۔

## برائے دفع طحال

پنڈول کی ایک ڈلی لیوے اور اس پر قل ھو اللہ پوری تین یا پانچ مرتبہ پڑھ کر تیار رکھے پھر لکھے ہوئے نقشے کو لکھ کر مریض کی ہتھیلی پر رکھے اور اس پر پنڈول کی ڈلی رکھے اور اس پر لوبان جلائے اور دوسرا آدمی مریض کی تلی کی جگہ پکڑے رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا

نقش یہ ہے



## آسیب کے لیے

جس قسم کا بھی ہو کپڑے کے ایک ٹکڑے کو ہلدی میں رنگ کر چالیس فتیلہ بنا لیوے اور ایک فتیلہ کو ایک دن رات اس مکان میں روشن کرے جس میں آسیب زدہ ہو اس کے بعد ۳۹ دن تک ایک ایک فتیلہ کو ہر رات اس مکان میں روشن کرتا رہے آسیب دفع ہو گا۔

## برائے آسیب

قل اعوذ برب الناس پوری سورت کو بغیر ناس کے س کے سات مرتبہ پڑھ کر کڑوے تیل پر دم کرے اور آسیب زدہ کے کانوں۔ ناک اور بیسوں ناخن پر لگا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہوگی۔

## جس گھر میں سانپ ہوں

سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ ۝ ریت کے اوپر سو مرتبہ پڑھ کر گھر میں دبا دیں۔



## زیارت حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام

فرمایا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے جس نے مجھے خواب میں دیکھا سچ دیکھا میری صورت دوسرا نہیں بنا سکتا۔ اگر کوئی صاحب زیارت جمال با کمال حضور علیہ السلام کے نظارہ کے مشتاق ہوں تو یہ عمل مجربات میں سے ہے جمعہ کے دن غسل کرو۔ پاک صاف کپڑے پہنو عطر لگاؤ اور اپنے مقام کی سب سے بڑی مسجد میں نماز جمعہ پڑھ کر اسی مسجد کے گوشہ میں ادب سے بیٹھ کر ہزار مرتبہ درود شریف پڑھو۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ

وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلِّمْ

بعد فراغت دنیا کا کام کرتے رہو مگر کوئی کام خلاف شرع نہ کرو۔ انشاء اللہ تعالیٰ رات کو زیارت مبارک ہوگی۔ اگر کسی وجہ سے زیارت پاک نہ ہو تو دوسرے جمعہ کو اسی طرح کرو۔ آخر زیارت پاک ہوگی جو شخص اس پابندی کے علاوہ بھی بکثرت دن رات درود شریف پڑھتا ہے

Scanned with CamScanner

اس کو زیارت پاک ہو ہی جاتی ہے۔

## برائے حیاتی اولاد

جس عورت کا بچہ زندہ نہ رہتا ہو وہ گیارہ بار مندرجہ ذیل آیات مبارکہ کو لکھ کر موم جامہ کر کے نقش بنالیں اور اپنے گلے میں ڈالے تو اس کی اولاد زندہ رہے گی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۚ اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَاءِ ۚ

## برائے حفاظت حمل

حفاظت حمل کے واسطے اس نقش کو بروز یک شنبہ لکھ کر حاملہ کی کمر میں باندھے انشاء اللہ تعالیٰ حمل محفوظ رہے گا۔ اسقاط ہرگز نہ ہوگا۔ مجرب اور آزمودہ ہے۔

نقش اگلے صفحہ پر دیکھئے



۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۳ | ۱۶ | ۱۹ | ۶ |
| ۱۸ | ۷ | ۱۲ | ۱۷ |
| ۸ | ۲۱ | ۱۴ | ۱۱ |
| ۱۵ | ۱۰ | ۹ | ۲۰ |

## قرض کی وجہ پریشانی

مصیبت تکلیف قرض میں گھرا ہوا شخص زیادہ سے زیادہ تعداد میں پڑھے۔ بہت فائدہ ہوگا۔ سات یا گیارہ دفعہ روزانہ پڑھنا۔ انشاء اللہ تعالیٰ غیب سے روزی آئے گی سکونِ قلب ہوگا۔

رَبِّ اَنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ۝

## مصیبت و غم کیلئے

اس دعا کو ہر مصیبت و غم اور دکھ کے وقت میں زیادہ سے زیادہ پڑھنا چاہیئے

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا

## برائے حفاظت حمل

اس نقش کو بروز یک شنبہ لکھ کر حاملہ عورت کی کمر میں باندھے انشاء اللہ تعالیٰ حمل محفوظ رہے گا۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۰ | ۳۳ | ۳۰ | ۲۷ |
| ۳۱ | ۲۶ | ۲۱ | ۳۲ |
| ۲۵ | ۲۸ | ۳۵ | ۲۲ |
| ۳۴ | ۲۳ | ۲۴ | ۲۹ |
| یا اللہ حمل کی حفاظت فرما | | | |

## دیگر

جس عورت کا حمل بار بار گر جاتا ہو اس نقش کو بروز پنجشنبہ لکھ کر حاملہ کی کمر میں باندھے حمل محفوظ رہے گا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| حافظ | ۱۵۸۳ | ۱۵۷۶ | ۱۵۸۱ |
| حفیظ | ۱۵۷۸ | ۱۵۸۰ | ۱۵۸۲ |
| ناصر | ۱۵۷۹ | ۱۵۸۴ | ۱۵۷۷ |
| نصیر | رقیب | وکیل | منعم |



## حفاظت حمل کیلئے

جن عورتوں کا حمل بار بار گر جاتا ہو تو ایسی عورتوں کے لیے اس نقش کو بروز پنجشنبہ لکھ کر حاملہ عورت کی کمر میں باندھے انشاء اللہ تعالیٰ حمل محفوظ رہے گا اور کبھی ضائع نہ ہوگا۔ مجرّب ہے۔




## حفاظت حمل کے لیے

جن عورتوں کو اسقاط حمل کی شکایت ہو تو ان کے لیے اس نقش کو بروز یک شنبہ لکھ کر حاملہ کے گلے میں باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حمل محفوظ رہے گا۔ کبھی ایسا موقع نہ آئے گا۔

نقش اگلے صفحہ پر دیکھئے

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۶۹ | ۸۲ | ۷۹ | ۷۶ |
| ۸۰ | ۷۵ | ۷۰ | ۸۱ |
| ۷۴ | ۷۷ | ۸۴ | ۷۱ |
| ۸۳ | ۷۲ | ۷۳ | ۷۸ |

یا اللہ حمل کی حفاظت فرما

## حفاظت حمل کیلئے

کلمہ طیبہ شریف کا نقش عربی حفاظت حمل میں اکسیر ہے اس نقش کو بروز پنجشنبہ جمعہ، یکشنبہ بعد نماز فجر لکھ کر تیار رکھے۔

۷۸۶

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| لا الہ | الا | اللہ | محمد | رسول | اللہ |
| الا | اللہ | محمد | رسول | اللہ | لا الہ |
| اللہ | محمد | رسول | اللہ | لا الہ | الا |
| محمد | رسول | اللہ | لا الہ | الا | اللہ |
| رسول | اللہ | لا الہ | الا | اللہ | محمد |
| اللہ | لا الہ | الا | اللہ | محمد | رسول |

یا اللہ خون صدکو روک دے حمل کی حفاظت فرما



## برائے حفاظت حمل

مندرجہ ذیل نقش عجیب التاثیر ہے۔ خاص کر ام الصبیان، جوگیان، کلبیان ثمر بان کفاران بیابان، مسان خام و پختہ کے لیے زوراثر ہے۔ اس نقش کو بعد نماز ظہر بروز دوشنبہ چہارشنبہ، پنجشنبہ، جمعہ کو لکھ کر رکھے جب کوئی سائل آئے تو اس کو تعویذ بنا کر دیوے۔ مریضہ کے گلے میں باندھیں انشاء اللہ تعالیٰ جمیع ام الصبیان کے اثرات سے محفوظ و مامون رہے مجرب ہے۔ آزمودہ ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۴۳۹ | ۴۵۳ | ۴۵۰ | ۴۴۶ |
| ۴۵۱ | ۴۴۵ | ۴۴۰ | ۴۵۲ |
| ۴۴۴ | ۴۴۸ | ۴۵۵ | ۴۴۱ |
| ۴۵۴ | ۴۴۲ | ۴۴۳ | ۴۴۹ |

یا اللہ ام الصبیان جوگیان کلبیان ثمر بان مسّان خام و پختہ سے محفوظ فرمانا۔

## دیگر

اگلے صفحہ پر

## برائے حفاظت حمل

اس نقش کو بروز یکشنبہ و پنجشنبہ لکھ کر تیار کرے جب کسی عورت کو ۲ یا ۳ ماہ کا حمل ہو جائے تو اس نقش کو حاملہ کی کمر میں باندھیں تعویذ پیچھے کمر پر یعنی ریڑھ کی ہڈی پر رہے۔ انشاءاللہ تعالیٰ حمل محفوظ رہے گا۔ مجرب اور آزمودہ ہے۔ نقش یہ ہے۔

قابض ۷۸۶ قابض

| | | | |
|---|---|---|---|
| عہ | عہ | عہ | عہ |
| ۱۹ | ۱۹ | ۱۹ | ۱۹ |
| ۹ | ۹ | ۹ | ۹ |
| ۷ | ۷ | ۷ | ۷ |

قابض درد و خون بند شو قابض

حمل کی حفاظت فرما

## دفع آسیب

اگر کسی شخص کو آسیب یا جن ستاتا ہو تو ان آیات کو ۷ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے صبح و شام پلائے یا چینی کی طشتری میں لکھ کر تھوڑا سا شہد ڈال کر مریض کو پلائے انشاءاللہ تعالیٰ آسیب و جن دفع ہو جائے



گا وہ آیات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِذْ قَالَ يُوْسُفُ لِاَبِيْهِ يٰٓاَبَتِ اِنِّىْ رَاَيْتُ اَحَدَ عَشَرَ
كَوْكَبًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ رَاَيْتُهُمْ لِىْ سٰجِدِيْنَ
يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا
مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا ۭ لَا
تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ

## آسیب سے محفوظ رہے

اس نقش کو بروز دوشنبہ یا پنجشنبہ لکھ کر بوقت صبح ۸ تا ۹ بجے کے درمیان تیار کر کے رکھے۔ ایک نقش مریض کے گلے میں باندھے اور سات عدد نقش پلائے یعنی ایک نقش روز پانی میں دھو کر صبح، دوپہر، شام پلائے اور سات عدد نقش ایک روز پانی میں پکا کر مریض کو نہلائے اور مکان کی چھت میں لٹکائے یا صندوق میں رکھے اور

ایک روز پانی میں پکا کر پورے مکان میں چھڑکے۔ انشاء اللہ تعالے آسیب زدہ محفوظ و مامون رہے گا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ف | ۲ل م اع | ع | د ی |
| ف | ل | ك | ے |
| ك | د | م | ق |
| ۵ ح ا | ی | بدوح | بدوح |

## دردِ شقیقہ کیلئے

یہ نقش دردِ شقیقہ کے لیے نہایت ہی مجرب ہے ان شاء اللہ تعالے فوراً درد ختم ہو جائے گا۔ نقش سر پر باندھیں۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۸ | ۳۱ | ۲۸ | ۲۵ |
| ۲۹ | ۲۴ | ۱۹ | ۳۰ |
| ۲۳ | ۲۶ | ۳۳ | ۲۰ |
| ۳۲ | ۲۱ | ۲۲ | ۲۷ |

## نقصان سے بچاؤ

جو کوئی ذیل میں دیے ہوئے نقشِ پاک کو روزانہ نماز فجر کی



کی ادائیگی کے بعد دیکھنے کا معمول بنالے گا ان شاء اللہ تعالیٰ وہ کسی بڑے نقصان سے محفوظ رہے گا اور بہت فوائد حاصل ہوں گے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| حر | ح | ل | ا |
| | | | حد سہ و |
| مر | حر | ب | د م |
| دلا دلا دم | حدع ط | | وم |
| ا ب ط ع یا اللہ | | | |
| ا ط ع | | | |
| ص ع ط ف ک یا محمد | | | |
| بسم اللہ الرحمٰن الرحیم | | | |
| الرصعمد الرحمد یا محمد یا علی | | | |

## بے شمار ثواب کا حصول

منقول ہے کہ جو کوئی ذیل میں دیے ہوئے نقش پاک کو نماز فجر کے بعد دیکھے گا تو اس کو پچاس حج کا ثواب عطا ہوگا جو نماز ظہر کے بعد دیکھے گا تو اسے تین سو حج کا ثواب عطا ہوگا جو نماز عصر کے بعد دیکھے تو اس

کو سات سو حج کا ثواب عطا ہوگا جو نماز مغرب کے بعد دیکھے گا تو اسے ایک ہزار حج کا ثواب عطا ہوگا اور جو عشاء کی نماز کے بعد دیکھے گا۔ تو اسے ایک لاکھ حج کا ثواب ملے گا مگر چاہیئے کہ یقین کامل اور مکمل توجہ و یکسوئی کے ساتھ دیکھے مفید اور بابرکت نقش پاک یہ ہے۔




## مفرور کی واپسی

اگر کسی کا بچہ گھر سے بھاگ گیا ہو اور واپس نہ آتا ہو تو یہ نقش لکھ کر چرخہ کے ساتھ باندھے اور سات یا گیارہ مرتبہ روزانہ اُلٹا گھمائے۔ اِن شاء اللہ تعالیٰ مفرور واپس آئے گا یہ نقش اس مقصد کے لیے نہایت آزمودہ ہے






(بحوالہ تحفہ پنجتن پاک)

## آیۃ الکرسی

### حفاظت مکان کیلئے

اپنے مکان کو چوروں اور ڈاکوؤں سے محفوظ رکھنے کے لیے یہ عمل انتہائی کارگر ہے اس مقصد کے لیے رات کو سونے سے پہلے باوضو حالت میں

Scanned with CamScanner

تین مرتبہ آیۃ الکرسی مع بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر اس زور سے تالی بجائیں کہ اس تالی کی آواز تمام مکان میں گونج جائے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے وہ مکان چوروں اور ڈاکوؤں کی دستبرد سے محفوظ رہے گا اکثر اصحاب کا اس پر عمل ہے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے ملائکہ اس گھر کی حفاظت کرتے ہیں اس عمل پر کامل طور پر اعتقاد رکھنا چاہیئے۔ مکان کی حفاظت کے لیے یہ عمل بہت خوب ہے۔

## عمل برائے حفاظت بچگان

شیر خوار بچوں کے لیے یہ عمل انتہائی فائدہ مند ہے عمل یہ ہے کہ نیلے رنگ کے سوت کا دھاگہ بٹتے ہوئے اس پر سورۃ رحمٰن پڑھیں اور جس جگہ پر " فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ " آئے اس جگہ ایک گرہ خوب مضبوطی سے لگاتے جائیں اور مکمل سورۃ رحمٰن پڑھنے کے بعد یہ دھاگہ بچے کے گلے میں ڈال دیں انشاءاللہ تعالیٰ یہ دھاگہ جب بھی بچے کے گلے میں ہوگا وہ بچہ نظر بد سے محفوظ رہے گا ہر قسم کے وبائی امراض سے اللہ تعالیٰ اسے بچا رکھے گا اور بچے کے دانت آسانی سے نکلیں گے دانت نکلتے وقت اس کو تکلیف نہ ہوگی۔ اللہ پاک آسانیاں پیدا کر دیں گے۔



# لاعلاج مریضوں کیلئے پیغامِ شفاء

اگر کوئی بخار یا کسی درد میں مبتلا ہو اور آرام نہ آتا ہو تو صحت یابی حاصل کرنے کے لیے یہ ایک انتہائی مجرب و آزمودہ عمل ہے اس مقصد کے لیے سات نیلے سوت کی تاریں لے کر ایک کو بٹ لیں۔ نمازِ فجر کے وقت نماز پڑھنے سے قبل باوضو حالت میں دھاگہ ہاتھ میں پکڑ کر قبلہ رو بیٹھیں اور سورۃ الم نشرح پڑھیں اور جس جگہ کاف آئے ایک گرہ لگاویں اس سورۃ میں آٹھ جگہ کاف آیا ہے اس طرح دھاگے میں آٹھ گرہیں لگائیں یہ دھاگہ جس کسی کو بخار یا لرزہ آتا ہو تو مریض کی الٹی کلائی میں باندھ دیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے بخار یا لرزہ جاتا رہے گا اللہ تعالیٰ شفائے کاملہ نصیب فرمائے گا اگر سر، کمر یا کسی اور جسم کے مقام پر درد ہو تو یہ دھاگہ درد والی جگہ پر باندھیں۔ درد سے خلاصی حاصل ہوگی یہ عمل مایوس العلاج مریضوں کے لیے شفاء کا پیغام ہے اور بہت مرتبہ کا آزمودہ ہے اس عمل کے کرنے سے کبھی ناکامی نہیں ہوئی اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوتی ہے اس لیے یہ عمل نہایت سریع الاثر اور بے حد کامیاب ہے۔

## ہر درد اور مرض دور ہو جائے

جس درد یا مرض پر تین روز تک سو مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم حضورِ دل سے پڑھ کر دم کیا جائے ان شاء اللہ تعالیٰ اس سے آرام آ جائے گا۔

## چور اور اچانک موت سے حفاظت

اگر رات کو سوتے وقت اکیس مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ لو تو ان شاء اللہ تعالیٰ مال و اسباب چوری سے محفوظ رہیں گے اور مرگِ ناگہانی سے بھی حفاظت رہے گی۔

## ژالہ باری کو روکنے کیلئے

اگر زیادہ اولے پڑیں یا اولے پڑنے کا خطرہ ہو تو انگلی سے بادل کی طرف اسم ذات اللہ لکھو۔ اور تین دفعہ آیت الکرسی پڑھ کر بادل کی جانب پھونک دو ان شاء اللہ تعالیٰ خطرہ ٹل جائے گا۔ آزمودہ عمل ہے

## دیگر

اگر کوئی شخص آیت الکرسی اور اصحاب کہف کے نام چاروں



کاغذوں پر تحریر کر کے کھیت کے چاروں گوشوں میں دبائے گا۔ تو بفضلہ باری تعالیٰ اس کھیت کو اولے پڑنے سے مطلق ضرر نہ پہنچے گا۔

## چوپاؤں سے کھیت کی حفاظت

اگر کسی کھیت میں چوپائے داخل ہو کر اسے کھا جاتے۔ اور نقصان کر جاتے ہوں تو آیت الکرسی پڑھ کر تھوڑی سی ریت پر دم کرنے کے بعد اسے کھیت میں پھینک دو۔ بفضلہ باری تعالیٰ کوئی چوپایہ اپنے آپ کھیت میں نہیں آئے گا۔

## رزق غیب سے ملے

جو کوئی اعداد قرآن مجید کو شرف آفتاب میں چاندی کی تختی پر کندہ کرا کر اپنے پاس رکھے گا۔ جمیع خلائق اس کی مسخر ہو گی اور رزق غیب سے ملے گا اور سفر و حضر میں جملہ آفات سے محفوظ رہے گا۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۰۴۹۸۱۲۱۴ | ۱۰۴۹۸۱۲۲۷ | ۱۰۴۹۸۱۲۲۴ | ۱۰۴۹۸۱۲۲۱ |
| ۱۰۴۹۸۱۲۲۵ | ۱۰۴۹۸۱۲۲۰ | ۱۰۴۹۸۱۲۱۵ | ۱۰۴۹۸۱۲۲۶ |
| ۱۰۴۹۸۱۲۱۹ | ۱۰۴۹۸۱۲۲۲ | ۱۰۴۹۸۱۲۲۹ | ۱۰۴۹۸۱۲۱۶ |
| ۱۰۴۹۸۱۲۲۸ | ۱۰۴۹۸۱۲۱۷ | ۱۰۴۹۸۱۲۱۸ | ۱۰۴۹۸۱۲۲۳ |

Scanned with CamScanner

# نقش سُورہِ اخلاص

یہ نقش سُورہِ اخلاص کو لکھ کر درخت میں لٹکائے۔ جب ہوا سے یہ نقش ہلے گا تو مطلوب بے قرار ہوگا۔ اور فوراً آپ کے پاس چلا آئے گا۔ نقش یہ ہے۔

٧٨٦

| | | | |
|---|---|---|---|
| ٢٥٠ | ٢٥٣ | ٢٥٦ | ٢٤٣ |
| ٢٥٥ | ٢٤٤ | ٢٤٩ | ٢٥٤ |
| ٢٤٥ | ٢٥٨ | ٢٥١ | ٢٤٨ |
| ٢٥٢ | ٢٤٧ | ٢٤٦ | ٢٥٧ |

# تلّی کے لیے

آہنی کڑچھی میں تھوڑی سی راکھ ڈالو۔ اور اس پر حسب ذیل نقش رکھنے کے بعد اُوپر جلتے ہوئے کوئلے رکھ دو پھر وہ کڑچھی تلی کے مقام پر رکھو تین دن یا چار دن تک یہ عمل جاری رکھنے سے بفضلہ باری تعالیٰ تلی باقی نہیں رہے گی۔

نقش اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمایئے۔



| | | |
|---|---|---|
| لمق | ی ا | فنجل ی |
| فنجل | ا | لمق |

(بحوالہ تحفہ درویشی)

# نقش برائے حُبّ زوجین

شوہر اور بیوی کی موافقت کے واسطے لکھے ایک نقش شوہر کو پانی میں دھو کر پلائے اور دوسرا عورت اپنے بازو پر باندھے نقش یہ ہے۔

٧٨٦

| | | | |
|---|---|---|---|
| ٨ | ١١ | ١٤ | ١ |
| ١٣ | ٢ | ٧ | ١٢ |
| ٣ | ١٦ | ٩ | ٦ |
| ١٠ | ٥ | ٤ | ١٥ |

# دیگر

مطلوب کا پہنا ہوا کپڑا لے کر مشک و زعفران سے اس نقش کو لکھ کر ہفتہ کے دن آگ میں ڈالے۔

نقش اگلے صفحہ پر ملاحظہ ہو۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۱۱۷ ع | ۲۱۱۳ ع | ۱۱۹ ع | ۱۱۱۳ ع |
| ۱۱۱۱ ع | ۲۱۹ ع | ۱۱۹ ع | ۱۳۱۹ ع |
| ۱۲۹۹ ع | ۹۱۱۲ ع | ۱۲ ع | ۹۱۳ ع |
| ۱۹۱۱ ع | ۹۱۰ ع | ۹۲۱۱ ع | ۹۱۳ ع |

## محبوب ہمیشہ تابع

جو شخص پنج شنبہ کو حسب ذیل نقش پُر کر کے پاس رکھے گا اس کا محبوب ہمیشہ تابع فرمان رہے گا۔

۲۶۰ ۷۸۶ ۷۸۶ ۲۶۰

| | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۵۶ | ۴۱ | ۵۵ | ۱۳ | ۵۲ | ۱۱ | ۵۷ | ۱ | ۵۸ | ۵۹ | ۴ | ۵ | ۶۲ | ۶۲ | ۸ |
| ۶۳ | ۱۵ | ۴۵ | ۴۳ | ۳۴ | ۲۴ | ۲۰ | ۲ | ۵۶ | ۱۹ | ۵۰ | ۱۶ | ۴۸ | ۴۶ | ۲۰ | ۹ |
| ۶۲ | ۲۳ | ۲۵ | ۳۸ | ۳۵ | ۳۲ | ۳۲ | ۴۴ | ۱۲ | ۴۱ | ۲۵ | ۳۸ | ۳۵ | ۳۲ | ۲۴ | ۵۴ |
| ۴ | ۴۸ | ۳۶ | ۳۱ | ۳۶ | ۳۷ | ۳۷ | ۱۷ | ۵۵ | ۲۲ | ۳۶ | ۳۱ | ۲۶ | ۳۷ | ۴۳ | ۱۰ |
| ۵ | ۱۸ | ۳۰ | ۳۲ | ۴۰ | ۲۷ | ۲۷ | ۴۷ | ۱۳ | ۲۱ | ۲۰ | ۳۳ | ۴۰ | ۲۷ | ۲۴ | ۵۲ |
| ۴۹ | ۴۶ | ۳۹ | ۳۸ | ۳۹ | ۳۴ | ۳۴ | ۱۹ | ۵۳ | ۴۷ | ۳۹ | ۲۸ | ۲۹ | ۳۴ | ۱۸ | ۱۲ |
| ۵۸ | ۴۵ | ۱۶ | ۲۳ | ۴۱ | ۲۱ | ۲۱ | ۵۰ | ۱۴ | ۴۵ | ۱۵ | ۴۹ | ۱۷ | ۲۳ | ۴۶ | ۵۱ |
| ۸ | ۹ | ۱۵ | ۱۲ | ۵۲ | ۱۲ | ۱۲ | ۵۴ | ۵۷ | ۷ | ۶ | ۶۱ | ۶ | ۳ | ۲ | ۵۲ |



## غربت و افلاس کیلئے نماز چاشت

غربت و افلاس کی دُوری کے لیے یہ عمل بہت آزمودہ اور مجرب ہے آج کل ایسا دُور جا رہا ہے کہ تقریباً ہر شخص فکر معاش کی پریشانی میں مبتلا ہے۔ افلاس و تنگدستی میں جکڑا ہوا ہے اور دنیاوی جدوجہد میں صبح سے شام تک اپنا وقت ضائع کرتا ہے۔

احادیث مبارکہ میں آتا ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ: "جو شخص نماز چاشت کی بارہ رکعتیں پڑھتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کا افلاس و تنگ دستی دُور فرما کر اس کو ہر طرح سے خوش و خرم بنا دیتا ہے۔"

اس فرمانِ نبوی کی روشنی میں عمل کرتے ہوئے ہر حاجت مند کو اپنی تنگ دستی دُور کرنے کے لیے نماز چاشت ادا کرنی چاہیئے۔ نماز چاشت کی چار رکعتیں بھی ہوتی ہیں مگر بارہ رکعتیں بطریق عمل ہیں۔

## دِل کی روشنی کیلئے

اَللّٰھُمَّ نَوِّرْ قَلْبِیْ بِنُوْرِ مَعْرِفَتِكَ۔ روزانہ ہر نماز کے بعد ۱۰۰ مرتبہ پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ دل نور باطن سے منور ہو جائیگا

## برائے پھلبہری

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ • لَآ اِلٰهَ اِلَّا
اللّٰهُ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ • لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْوَاسِعُ
الرَّحِیْمُ • لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ •
لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مَالِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ • بِحَقِّ
اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ • اَللّٰهُمَّ صَلِّ
عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ •

سات بار دم پانی پر کریں اور مٹی کے لوٹے میں محفوظ رکھیں۔ چالیس یوم تک وہ پانی پیتے رہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہوگی۔

## دانتوں کے درد کا عمل

اس تعویذ کو لکھ کر دانتوں کے نیچے رکھے۔ ایها الضرس المضروس اسکن بقدرة الملك القدوس۔



## برائے بواسیر

اتوار کے دن صبح کے وقت یہ تعویذ لکھے اور زوال کے بعد مریض کی کمر میں باندھے۔ تعویذ یہ ہے۔



## برائے دفع مسان

کوری چار ٹھیکری لیوے اور ہر ایک پر یہ نقش اصحاب کہف لکھے پھر چاروں میں ہر ایک کو کوئیلوں سے پُر کرے ان میں آگ دیوے جب خوب گرم ہو جائیں ہر ایک کو بچہ کی چارپائی کے ایک پایہ کے نیچے رکھے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۰۳۶ | ۱۰۱۰ | ۱۰۲۲ | ۱۰۳۰ |
| ۱۰۲۲ | ۱۰۳۲ | ۱۰۳۴ | ۱۰۱۲ |
| ۱۰۲۶ | ۱۰۲۰ | ۱۰۱۴ | ۱۰۴۰ |
| ۱۰۱۶ | ۱۰۳۸ | ۱۰۲۸ | ۱۰۱۸ |

# برائے کشائش مہمات

جس کسی کو کوئی مہم پیش آئے یا کسی مطالب میں رکاوٹ ہو جائے تو اس کو چاہیئے کہ یہ نقش آیۃ الکرسی کا ساعتِ نیک میں تکبیر کر کے لکھے اور اپنے پاس رکھے۔ حق تعالیٰ اس کے تمام مطالب کی کشادگی کر دے گا اور ہر آفت سے بچا رہے گا اور اگر بیمار کے گلے میں ہو۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد شفا پائے۔ نقشے اسکے دو ہیں۔ مربع و مثلث وہ یہ ہیں۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۷۹۰۶ | ۷۹۰۹ | ۷۹۱۲ | ۷۸۹۹ |
| ۷۹۱۱ | ۷۹۰۰ | ۷۹۰۵ | ۷۹۱۰ |
| ۷۹۰۱ | ۷۹۱۴ | ۷۹۰۷ | ۷۹۰۴ |
| ۷۹۰۸ | ۷۹۰۳ | ۷۹۰۲ | ۷۹۱۳ |

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۱۰۵۴۳ | ۱۰۵۳۸ | ۱۰۵۴۵ |
| ۱۰۵۴۴ | ۱۰۵۴۲ | ۱۰۵۴۰ |
| ۱۰۵۳۹ | ۱۰۵۴۶ | ۱۰۵۴۱ |



# شرِ شیاطین و جن و انس سے محفوظ

یہ نقش سورۂ اخلاص کا ہے۔ اگر کوئی اس کو عروج ماہ نوچندی جمعرات کو غسل کر کے لباس پاک پہن کر خوشبو لگائے اور لوبان وغیرہ جلا کر گیارہ بار درود شریف اور گیارہ بار سورۂ اخلاص پڑھ کر ساعت نیک میں اس نقش کو مشک و زعفران سے بطریقہ تکبیر لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جملہ مقاصد اس کے برآئیں اور شرِ شیاطین و جن و انس سے محفوظ رہے اور عزیز خلائق ہو۔ فوائد اس کے بہت ہیں جو کوئی اس کو اپنے پاس رکھے گا وہ خود معائنہ کرے گا۔ نقش اس کے دو ہیں ملفوظی و عددی یہ ہیں۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| یلد ۸ | لد ۱۱ | لہ ۱۴ | قل ۱ |
| یکن ۱۳ | ھو ۲ | لم ۷ | ولم ۱۲ |
| اللہ ۳ | احد ۱۶ | ولم ۹ | الصمد ۶ |
| یو ۱۰ | اللہ ۵ | احد ۴ | کفوا ۱۵ |

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۵۰ | ۲۵۳ | ۲۵۶ | ۲۴۳ |
| ۲۵۵ | ۲۴۴ | ۲۴۹ | ۲۵۴ |
| ۲۴۵ | ۲۵۸ | ۲۵۱ | ۲۴۸ |
| ۲۵۲ | ۲۴۷ | ۲۴۶ | ۲۵۷ |

Scanned with CamScanner

## برائے محبّت

قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا یا وَدُودُ۔ بعد نماز شام (مغرب) تین سو بار پڑھ کر گڑ پر دم کر کے مطلوب کو کھلائے انشاء اللہ تعالیٰ مطلوب اُس کے کھاتے ہی بے قرار ہو کر حاضر ہو جائے گا۔ یہ تعویذ اُن دو شخصوں کے آپس میں صلح کرانے کے لیے بھی بے حد مفید ہے جو ایک دوسرے کے جان کے دشمن ہوں۔

## برائے محبّت

سُورۂ اخلاص کو اکتالیس ۴۱ بار بسم اللہ کے ساتھ اوّل و آخر درود شریف پڑھ کر کسی شیرینی پر دم کر کے مطلوب کو کھلائیں۔ پڑھتے وقت مطلوب کا تصوّر دل میں رکھیں۔ انشاء اللہ مطلوب بے قرار ہو جائے گا۔

## دشمن سے بچاؤ کے لیے

سُورۃ اَرَءَیْتَ الَّذِیْ سات روز (۷) بار ہر روز بوقت دوپہر کسی بیابان جنگل میں جا کر دشمن کا تصوّر کر کے پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ یا تو دشمن دوست بن جائے گا یا اس کا قصہ تمام ہو جائے گا



## دشمن سے بچاؤ کے لیے

ہزار بار یا مہتر خضر یا مہتر الیاس اوّل و آخر تین بار درود شریف کے ساتھ پڑھ کر ہاتھ اٹھا کر تین بار پھر یہی پڑھ کر اس طرح دعا مانگے۔ الٰہی مجھے فلاں بن فلاں دشمن سے محفوظ رکھیو۔ اور اس کے شر سے بچائیو کیونکہ تو ہی سب سے بچانے والا ہے۔

## کامیابی کے لیے

جب کسی کام یا کسی مقصد کے لیے اپنے گھر یا اپنے گاؤں یا اپنے شہر کی گلی یا محلہ سے نکلے تو تین بار سورہ سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ پڑھے اور جس جگہ جائے وہاں تین بار لا اقسم سورہ پڑھ دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی۔

## برائے گمشدگی اشیاء

اگر آپ کوئی چیز رکھ کر بھول گئے ہوں باوجود کوشش کے آپ کو یاد نہ آ رہا ہو کہ وہ چیز آپ نے کہاں پر رکھی ہے جبکہ اس چیز

کا ملنا بھی انتہائی ضروری ہو تو ایسی صورت میں یہ عمل کرنا انتہائی مجرب و آزمودہ ہے عمل کرتے ہی آپ کو اپنی گمشدہ چیز یاد آجائے گی۔
عمل یہ ہے کہ ایک پاک صاف کپڑا لیں اور باوضو حالت میں کپڑے میں سات گرہیں لگائیں پھر سورۃ الم نشرح مع بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ایک مرتبہ پڑھ کر ایک گرہ کھولیں اس کے بعد پھر اسی طرح انشاء اللہ تعالیٰ وہ ساتوں گرہیں کھلنے نہ پائیں گی کہ گمشدہ چیز یاد آجائے گی۔

## سفر میں کامیابی کیلئے

اگر کوئی سفر پہ جانے کا ارادہ رکھتا ہو وضو کرے اور تین مرتبہ سورۃ فاتحہ مع بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اس طرح پڑھے کہ ہر مرتبہ جس جگہ اھدنا الصراط المستقیم صرف اسی قدر سات مرتبہ تکرار کریں یعنی ایک مرتبہ تو سورۃ فاتحہ میں موجود ہے اس کے علاوہ سات مرتبہ مزید یہ پڑھیں اپنے جملے کو پڑھیں اور بقایا سورۃ آخر تک ختم کریں پھر گھر سے باہر اس کام کو نکل جائیں یا سفر پہ روانہ ہو جائیں اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے وہ کام پورا ہوگا اور سفر جس مقصد کے لیے کیا ہے انشاء اللہ تعالیٰ اس مقصد میں کامیابی ہوگی۔



## بواسیر کے لیے

بواسیر کے مرض میں شفا حاصل کرنے کے لیے یہ عمل کرنا انتہائی مفید ہے اس مقصد کے لیے دو رکعت نفل نماز اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد تین تین بار سورۃ اخلاص پڑھے سلام کے بعد وہیں مصلیٰ پر بیٹھا رہے اور کسی سے کلام نہ کرے اور ایک ہزار مرتبہ یہ تسبیح توجہ و یکسوئی کے ساتھ پڑھے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّسُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ
رَبِّیْ

چند یوم تک روزانہ یہ عمل بلاناغہ کرے انشاء اللہ تعالیٰ تین یا سات یوم تک بواسیر کے مرض سے چھٹکارا حاصل ہوگا اللہ تعالیٰ شفائے کاملہ نصیب فرمائے گا۔

## برائے برکت و فتوح

یہ نقش اسمائے حسنیٰ نو وہ نام باری تعالیٰ کا ہے جو کوئی اس کو عروج چاند

میں مشک اور زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھے گا۔ اُس کے ہر کام میں برکت ہوگی اور جان و مال کو سلامت رکھے گا اور رزق میں کشادگی ہو گی۔ نقشِ مکرم یہ ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۸۴۶۱ | ۸۴۵۸ | ۸۴۶۸ | ۸۴۵۴ |
| ۸۴۶۷ | ۸۴۵۵ | ۸۴۶۰ | ۸۴۶۶ |
| ۸۴۵۶ | ۸۴۷۰ | ۸۴۶۲ | ۸۴۵۹ |
| ۸۴۶۴ | ۸۴۵۸ | ۸۴۵۷ | ۸۴۶۹ |

## برائے مارگزیدہ

جس شخص کو سانپ کاٹ جائے۔ اس کو مندرجہ ذیل کلام پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائے اور جو شخص پیغام لائے اس کو بھی پلاوے مارگزیدہ کو فوراً آرام آجائے گا کلام یہ ہے۔

اوّل نام خدا کا دوجا نام رسُول۔ دوہائی چار یار کہار ادی ہُدا
پیر دستگیر کا اذن گوگے پیر کا۔



## برائے دردِ نصف سر

کنواری لڑکی کا کاتا ہوا سُوت لے کر اس کے ۱۳ تار بنائیں اور ہر ایک تار پر اِنَّ الْمُبَذِّرِيْنَ كَانُوْٓا اِخْوَانَ الشَّيٰطِيْنِ ؕ وَكَانَ الشَّيْطٰنُ لِرَبِّهٖ كَفُوْرًا۝ پڑھ کر گرہ دے اسی طرح تیرہ گرہ دے دے اور یہ عمل بوقت آغاز سُورج کے کرے۔ اور اس دھاگے کو دردِ نیم سر والے کو باندھ دے انشاءاللہ تعالیٰ آرام آجائے گا۔

## تعویذ برائے دردِ نیم سر

جہاں دَرْد ہو وہاں یہ تعویذ باندھیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ فوراً آرام آئے گا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بحق یا درد ایلیا علیہ السلام

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۸ | ۱۱ | ۱۴ | ۱ |
| ۱۳ | ۲ | ۷ | ۱۲ |
| ۳ | ۱۶ | ۹ | ۶ |
| ۱۰ | ۵ | ۴ | ۱۵ |

بحق یا درد ایشا علیہ السلام

رَءُوفٌ الرَّحِيْمٌ ۝ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ

الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝

## مریض کی صحت یابی کیلئے

ذیل میں دیا ہوا عمل مریض کی جلد صحت یابی کے لیے بہت ہی مؤثر و کارگر ہے۔ عمل کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ نماز فجر کے بعد اور نماز مغرب کے بعد تھوڑا سا پانی لے کر ذیل میں دی ہوئی آیت مبارکہ باوضو حالت میں ایک مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس دم کیے ہوئے پانی کو مریض کو پلائیں اور تھوڑا سا پانی مریض کے چہرے پر بھی مل دیں انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کے طفیل بہت جلد صحت یابی ہوگی۔ اللہ تعالیٰ شفائے کاملہ سے نوازے گا دعا مبارکہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ

فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ



## درد نیم سر کے لیے

اس تعویذ کو کسی پاک کپڑے میں لپیٹ کر سر کو باندھیں۔

٧٨٦

| ابابکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ | عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ | عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ | علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ |
|---|---|---|---|
| توریت | انجیل | زبور | قرآن مجید |

## برائے عمر درازی

شیخ محمد بن یوسف مندی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جو شخص ان آیات مبارکہ کو دن یا رات میں پڑھے گا اس دن مرے گا اور نہ مقتول ہوگا نہ کوئی زخم اس کو لگے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

آیت مبارکہ یہ ہیں۔

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ

عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ

Scanned with CamScanner

## پیٹ درد کیلئے

اگر کسی کے پیٹ میں درد ہو اور کسی طرح بھی افاقہ نہ ہو رہا ہو تو ایسی صورت میں اجوائن یا سونف تقریباً پچاس گرام لے کر اس پر اکیس مرتبہ الم ترکیف مع بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے پڑھ کر دم کرے اور اس کو سنبھال کر رکھ لے۔ پیٹ درد ہونے کی صورت میں پانچ دانے کھلا کر اوپر سے چائے یا نیم گرم پانی کے چند گھونٹ پلا دیں اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے درد میں افاقہ ہوگا۔ اور بہت جلد ختم ہو جائے گا۔ چھوٹے بچوں کو صرف تین دانے کھلانا ہی کافی ہیں۔

## سماعت میں کمی کیلئے

اگر کسی کے سننے کی حس کمزور ہو گئی ہو تو قوت سماعت میں اضافے کے لیے باوضو حالت میں پانچ سو مرتبہ یہ اسم پاک یَاسَمِیْعُ پڑھ کر دم کریں پہلی مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر شروع کریں یہ تیل رات کو سونے وقت ایک ایک قطرہ کانوں میں ڈال دیا کریں انشاء اللہ تعالیٰ سماعت کی کمی کی شکایت دفع ہو جائے گی اور قوتِ سماعت



میں اضافہ ہوگا۔

## تسخیر خلائق کیلئے

تسخیر خلائق کے لیے یہ عمل انتہائی مجرب وآزمودہ ہے اس مقصد کے لیے چاند کی چودہ تاریخ سے یہ عمل شروع کریں جس مقصد کے لیے پڑھا ہے اس میں کامیابی ہوگی عمل پڑھنے کے ترکیب یہ ہے کہ ہر روز نمازِ عشاء کے بعد ۲۱ مرتبہ مندرجہ ذیل کلمات پڑھیں تین دن تک بلاناغہ یہ عمل کریں۔

احب یا جبرائیل یا دردائیل یا رفتمائیل یا تنکفیل احضر والحب والمسخرات خلق اللہِ لی بحق یا اللہ یا ھو یا ودود یا بدوح یا اقطاب ھند

## ہر حاجت پوری ہو

ذیل میں دیے ہوئے نقوش کی بے شمار خاصیتیں ہیں جس کسی کے پاس یہ نقوش ہوں گے وہ بفضل باری تعالیٰ آسیب سے محفوظ رہے گا بچے کے گلے میں ڈالنے سے بچہ اُم الصبیان سے بچا رہے گا اگر بانجھ عورت اپنے پاس رکھے گی تو بانجھ پن ختم ہو جائے گا۔

Scanned with CamScanner

اولاد کی نعمت حاصل ہوگی جن کی اولاد بچپن میں ہی فوت ہو جاتی ہو وہ
چاندی کی تختی پر کندہ کرا کر اپنے بچے کے گلے میں ڈالیں تو بچہ کی عمر طویل
ہو نظر بد کا شکار نہ ہو۔ نہایت آزمودہ اور مجرب ہے۔

حسن

| | | |
|---|---|---|
| ۸ | ۱ | ۶ |
| ۳ | ۵ | ۷ |
| ۴ | ۶ | ۲ |

اللہ حسین

| | | |
|---|---|---|
| ۸ | ۱ | ۶ |
| ۳ | ۸ | ۷ |
| ۴ | ۶ | ۲ |

محمد
فاطمہ

دوسرا حصہ اگلے صفحہ پر

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ناد | علیا | مظہر | العجائب | تجدہ | عونا | لک | فی النوائب | کل |
| علیا | مظہر | العجائب | تجدہ | عونا | لک | فی النوائب | کل | ہم |
| مظہر | العجائب | تجدہ | عونا | لک | فی النوائب | کل | ہم | وغم |
| العجائب | تجدہ | عونا | لک | فی النوائب | کل | ہم | وغم | سینجلی |
| تجدہ | عونا | لک | فی النوائب | کل | ہم | وغم | سینجلی | بنبوتک |
| عونا | لک | فی النوائب | کل | ہم | وغم | سینجلی | بنبوتک | یا محمد |
| لک | فی النوائب | کل | ہم | وغم | سینجلی | بنبوتک | یا محمد | بولایتک |
| کل | ہم | وغم | سینجلی | بنبوتک | یا محمد | بولایتک | یا علی | یا علی |



## کشائش رزق کیلئے

کشائش رزق کے لیے ذیل میں دیا ہوا عمل پڑھنا بہت مفید ہے اگر
کسی کا کاروبار نہ چلتا ہو آمدنی میں کمی واقع ہوگئی ہو اور دیگر کسی مالی
و معاشی پریشانی میں مبتلا ہو تو ان تمام صورتوں میں ہر نماز کے بعد
با وضو حالت میں یہ کلمات ایک ہزار گیارہ مرتبہ پڑھے اکتالیس دن
تک ہر روز بلا ناغہ یہ عمل کرے اللہ تعالیٰ اپنا خاص فضل و کرم نازل
فرمائے گا اور رزق میں برکت و اضافہ پیدا فرمائے گا۔ کلمات یہ
ہیں۔

حب یا حبرائیل یا دردائیل یا رفتمائیل یا
تنکفیل احضر وللحب والمسخرات خلق اللہ
بحق یا ودود یا بدوح یا اقطاب ھند۔

## عمل برائے رضامندی

اگر کسی سے کوئی عزیز رشتہ دار یا دوست ناراض ہے یا
ماں باپ کسی وجہ سے سخت ناراض ہوں کسی صورت بھی رضامند

نہ ہوتے ہوں اور وہ شخص چاہتا ہو کہ یہ اس سے راضی ہو جائیں تو چاہیئے کہ مندرجہ ذیل کلمات بعد نمازِ عشاء ہر روز تین سو اکیس بار اس طرح پڑھے کہ کھلے آسمان تلے ننگے سر ہو کر پڑھنے کے بعد جو شخص ناراض ہے اس کا تصور کر کے اس کی طرف پھونک مارے انشاء اللہ تعالیٰ ایک ہفتہ میں ہی رضامندی ہو جائے گی اور ناراضگی دُور ہو جائے گی۔ شعر یہ ہے۔

لُطْفُ الَّذِیْ یَرْفِقُ بِالْاَوْلَادِیْ
وَیَطْرَحُ الْمَحَبَّۃَ فِی الْاَلْبَادِیْ

## ڈر یا خوف کیلئے

یہ چار حرف کسی ڈر یا خوف کی جگہ پر یا سفر میں ہو یا اندھیری رات ہو ایسے موقع پر پڑھنے سے دل سے خوف اور ہر بلا اور ہر پریشانی سے بچا رہے گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰہُ حَافِظِیْ اَللّٰہُ نَاصِرِیْ اَللّٰہُ حَاضِرِیْ اَللّٰہُ مَعِیْ۔



## مقدمہ بازی کیلئے

جب لوگوں کی طرف سے تکلیف اور پریشانی ہوئی ہو تو اس کا زیادہ سے زیادہ ورد ہر تکلیف سے نجات دے گا۔ نیز جس شخص پر مقدمہ چلتا ہو یا اس کو اس کا حق نہ ملے تو روزانہ ایک سو دفعہ پڑھنے سے کامیابی ہو گی انشاء اللہ تعالیٰ۔ آیت یہ ہے۔

وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ۔

## مفرور کی واپسی کیلئے

اگر کوئی شخص اپنے گھر سے فرار ہو گیا ہو اور اس کے بارے میں کچھ معلوم نہ ہوتا ہو کہ وہ کہاں ہے تو ذیل میں دیا ہوا نقش مبارک باوضو حالت میں لکھ کر کسی سبز درخت سے لٹکا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مفرور حیران و پریشان تین یوم کے اندر اندر واپس آ جائے گا یا اس کے بارے میں معلوم ہو جائے گا کہ وہ کہاں ہے۔

انتہائی مجرب اور آزمودہ ہے نقش اگلے صفحہ پر دیکھئے۔

| بحق آدم و حوا | بحق موسیٰ و عیسیٰ و ہارون |
| --- | --- |
| علیہ السلام | صلوٰۃ اللہ علیہم اجمعین |

## برائے حاجت

جب کسی کو کوئی حاجت ہو تو ۱۲ دن روزانہ ۱۳۰۰ مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی حاجت پوری ہوگی۔ روزانہ سو دفعہ پڑھنے سے بھی کامیابی ہوگی۔ بہت چھوٹی لیکن بہت کارآمد دعا ہے۔ اس کا پڑھنے والا ہر قسم کی بھلائی سے مالا مال ہو جائے گا۔ دعا یہ ہے

یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ ط

## غربت و افلاس کیلئے

غربت و افلاس کے خاتمہ کے لیے یہ نقش بہت مجرب ہے اس نقش پاک کو افلاس و تنگی کو دور کرنے کے لیے بار ہا آزمایا گیا ہے اور کامیاب پایا ہے ایک سفید کاغذ پر زعفران سے لکھ کر بازو پر باندھ لیں انشاء اللہ



تعالیٰ کبھی مفلسی و تنگی نہ ہوگی۔ یہ نقش مبارک اپنی خاصیت میں اکسیر کی صفت رکھتا ہے۔ نقش یہ ہے۔

هُوَ الرَّزَّاقُ عَلَى الْاِطْلَاقِ ۹۱۱۱ لطلا ۱۱

ھولا ولہ

## دشمن اور حاسد کیلئے

قرآن پاک کے الفاظ ہیں۔ ان کی اصلیت تو اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے دشمن اور حسد کرنے والوں سے بچنے کے لیے بہت فائدہ مند ہیں جو حاکم ناراض ہو تو تین مرتبہ اس آیت کو پڑھ کر ہاتھوں پہ دم کر کے پورے جسم پر ہاتھ پھیرے جب اُس کے پاس جائے گا مہربان ہو جائے گا۔ روزانہ صبح و شام سات مرتبہ پڑھنے سے اللہ تعالیٰ ہر آفت بلا سے محفوظ رکھے گا

كٓهٰيٰعٓصٓ كِفَايَتُنَا حٰمٓ عٓسٓقٓ حِمَايَتُنَا

فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝

## عمل برائے حل المشکلات

ہر طرح کی مشکل و مصیبت کو رفع کرنے کی غرض سے ذیل میں دیا ہوا وظیفہ انتہائی پُر اثر ہے اس مقصد کے لیے چاہیئے کہ عشاء کی فرض نماز کے بعد نماز وتر سے پہلے قبلہ رُو ہو کر ننگے سر بیٹھے اور ایک سو مرتبہ یہ درود پاک پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ

پھر سات سو اٹھاسی مرتبہ یہ پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

اس کے بعد ایک سو مرتبہ پھر وہی دُرود پاک پڑھے اور کھڑا ہو جائے اور کھڑے ہو کر ایک ہزار چار سو مرتبہ یَا وَھَّابُ پڑھے پھر بیٹھ کر ایک ہزار مرتبہ یَا رَبِّ پڑھے یہ عمل اسی ترکیب و ترتیب سے چالیس یوم تک بلا ناغہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی طفیل ہر طرح کی مشکل آسان ہو گی۔ دلی مراد پوری ہو گی۔



## دُشمن کے خوف سے بچنے کیلئے

جس شخص کو دشمن کا خوف ہو یا اور کسی قسم کی مصیبت ہو تو اس دُعا زیادہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بلا ٹل جائے گی۔ بہتر ہے کہ صبح و شام گیارہ دفعہ پڑھے۔ اس کے وِرد سے حفاظت و نگرانی ہو گی۔ جسے اپنی قوت حافظہ مضبوط کرنی ہو تو اسے چاہیئے کہ نماز میں التحیات کے بعد سلام پھیرنے سے پہلے اس کو پڑھے۔

فَاللّٰہُ خَیْرٌ حٰفِظًا وَّھُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ۝

## مصیبت و قرض کیلئے

یہ دُعا حضرت نوح علیہ السلام کی ہے۔ مصیبت، تکلیف اور قرض میں گھرا ہوا شخص زیادہ سے زیادہ تعداد میں پڑھے تو بہت ہی فائدہ ہو گا

رَبِّ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ۝

## قضائے حاجات کیلئے

اگر کسی کو کوئی ایسی حاجت درپیش ہو کہ جو کسی طرح بھی پوری نہ

Scanned with CamScanner

ہوتی ہو تو اس عمل کو شروع کر دیں اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے حاجت بہت جلد پوری ہو گی۔ عمل کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ مندرجہ ذیل کلمات مبارکہ یہ ہیں۔

یَا حَیُّ حِیْنَ لَا حَیَّ فِیْ دَیْمُوْمَةِ مُلْکِهٖ وَ بَقَائِهٖ یَا حَیُّ۔

باوضو حالت میں جمعرات کے دن طلوع آفتاب کے بعد اکتالیس مرتبہ اس طرح پڑھے کہ اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک بھی پڑھے ہر روز چالیس یوم تک پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ عمل کے دوران ہی مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہو جائے گی۔

## ملازمت کے حصول کیلئے

اگر کوئی شخص بے روزگار ہو کوئی ذریعہ روزگار نہ ہو تو ایسی صورت میں یہ عمل پڑھے۔ اللہ کے فضل و کرم سے کامیابی ہو گی عمل یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ بَارِكْ وَسَلِّمْ



یَا اَللّٰهُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا فَتَّاحُ یَا وَهَّابُ

یَا بَاسِطُ یَا رَزَّاقُ یَا غَنِیُّ یَا مُغْنِیُ

یَا مُعْطِیُ یَا مُنْعِمُ۔

اس عمل کو پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ نماز عشاء کی ادائیگی کے بعد باوضو حالت میں گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے اور پھر اللہ تعالیٰ کی بارگاہِ اقدس میں انتہائی عجز و انکساری سے دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ چالیس یوم تک بلاناغہ اس عمل کو کرنے سے رزق کے دروازے کھل جائیں گے پریشانی رفع ہو جائے گی۔

## ہر قسم کے درد کیلئے

اس تعویذ پر سات دفعہ آیت الکرسی پڑھ کر دم کرو۔ اور مریض کے گلے میں ڈال دو۔ مریض پر بھی دم کرو۔ ہر قسم کی درد کافور ہو گی۔ صحت کے بعد تعویذ کو آٹے میں لپیٹ کر کسی ویران کنوئیں میں ڈال دو۔

تعویذ اگلے صفحہ پر دیکھئے

Scanned with CamScanner

الشافی الکافی

## مرض چیچک کے لیے

ذیل کے تعویذ کو پانچ دفعہ لکھو اور آٹے میں گولی بنا کر دریا، نہر یا چلتے پانی میں ڈال دو۔ بعد ازاں پھر ایک اور تعویذ لکھ کر مریض کے گلے پہنا دیں۔ پھر پانچ روپے کی نیاز بطور زکوٰۃ بچوں میں تقسیم کر دو۔ انشاء اللہ تعالیٰ چیچک سے صحت ہو جائے گی۔ نقش یہ ہے۔

محمّد محمّد

| | | |
|---|---|---|
| ۷۸۶ | ۷۸۶ | ۷۸۶ |
| یَا رَحِیۡمُ | یَا اَللّٰه | اِرۡحَمۡ |
| یَا بَصِیۡرُ | یٰسٓ | اَللّٰه |

حمید حامد



## وبائی امراض سے نجات

تمام وبائی امراض چیچک، طاعون، ہیضہ وغیرہ کے دُور کرنے کے لیے اکسیر ہے خوشبودار مکان میں کمال طہارت اور پاکیزگی کے ساتھ لکھو اور ایک تعویذ مکان میں کسی جگہ چسپاں کر دو۔ دوسرا لکھ کر مریض کے گلے میں پہنا دو۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض صحت یاب ہو جائے گا۔ مجرّب و آزمودہ ہے۔ نقش یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

| |
|---|
| ۱۱ ۳ ۳۷ ۴۰ ۳۱ ۱۸ ۱۲۳ ۸۳ ۱۱۱ |
| ۱۱۳۰۱ ۱۱۷ ۳۰۹ ۱۰۱۳۷ ۱۱۳ ۴۰۱۱۲۰ ۱۱۱۳ ع |
| ۲۰۳۱ ل ۴۸۳۰ ۱۶ ۱۶۱۷ ۱۱ ۱۱۱۱ ۱۲۴۱۱۲ ۱۱۷ ۱۱م ۱عے |
| ۱۱۶ ۱۱۳ رم ۲۱ ۱۱ ۱۲ رعہ ۳۰ل ع ۱۴ ۲۷ ۱۱۴ اعے |
| ۸۱ ۹۱ ۱۴۱ ۱۲۱ ۳۱ ۱۱۱ ۱۸ ۱۱ عے |
| ۱۱ ۱۲ ۱۲۶ ۱۱ ۳۰۱۴ دہ ۲ ماہ ۱۱۲ ۱۴۱۴ اعے |
| ۱۲۱ ۱۱ ۱۱ ۱۴۴ ۱۱ ۱۱ ۱۱۴ عے ۱۱ |

## ترقی رزق کیلئے

ترقی رزق اور حصول دولت کے لیے یہ عمل انتہائی پُر اثر ہے

اس مقصد کے لیے ہر فرض نماز کے بعد مندرجہ ذیل دُعائیہ کلمات سات بار پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنَا اِنْ کَانَ فِی السَّمَاۗءِ فَاَنْزِلْہُ وَاِنْ کَانَ بَعِیْدًا فَقَرِّبْہُ وَاِنْ کَانَ قَلِیْلًا مَافَکَثِّرْہُ وَاِنْ کَانَ قَرِیْبًا فَلیَسِّرْہُ وَاِنْ کَانَ مَعْدُوْمًا فَاَوْجِدْہُ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ۝

اِن دُعائیہ کلمات کے اوّل و آخر میں دُرود پاک ضرور پڑھیں دُرود پاک تین یا پانچ پانچ مرتبہ پڑھیں۔ دُرود شریف یہ ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِہٖ وَعِتْرَتِہٖ بِعَدَدِ مَعْلُوْمٍ لَّكَ ط

انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے عامل کے رزق میں بے حساب اضافہ ہوگا۔



## قبولِ دُعا کیلئے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کو بارہ ہزار بار اس طرح پڑھیے کہ جب ایک ہزار بار ہو جائے، دو رکعت نماز حاجت نفل پڑھ کر اپنی حاجت کے لیے دُعا کریں۔ پھر بسم اللہ شریف پڑھنا شروع کریں ایک ہزار بار کے بعد پھر اسی طرح دُعا کریں رکعت نماز حاجت کے بعد دُعا کریں۔ الغرض اسی طرح بارہ ہزار بار ختم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی۔

## عمل حُبّ مجرّب

جو عورت اس نقش کو اپنے پاس رکھے گی شوہر کی نظر میں عزیز ہوگی اور جو اس کو دیکھے گا۔ دوست رکھے گا۔ مجرب اور آزمودہ ہے

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ٦٠٠٩ | ٦٠١٣ | ٦٠١٦ | ٦٠٠٢ |
| ٦٠١٥ | ٦٠٠٣ | ٦٠٠٨ | ٦٠١٤ |
| ٦٠٠٤ | ٦٠١٨ | ٦٠١١ | ٦٠٠٧ |
| ٦٠١٢ | ٦٠٠٦ | ٦٠٠٥ | ٦٠١٧ |

Scanned with CamScanner

## گنڈہ تحفظ حمل (خون جاری ہوگیا ہو تو)

اگر حاملہ کا خون جاری ہو جائے تو ایک ڈورا سُرخ موٹا حاملہ کے قد کے برابر لیکر اس پر سات گرہ دیں۔ ہر گرہ میں ۲۱ مرتبہ درج ذیل اسم اعظم کو معہ کلمہ شریف پڑھ کر بند کریں۔ گنڈہ تیار ہے۔ صدقہ دے کر مریضہ کے کمر میں باندھ دیں۔ کامل شفا فی الفور ہو گی۔ اللہ کے فضل و کرم سے اور صدقہ پنجتن پاک کے صالح فرزند پیدا ہو گا۔

الصّبور لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ محمّد رّسول اللّٰہ

## دیگر

نقش لکھ کر عورت کے کمر میں باندھیں فوراً خون رک جائے گا اللہ پاک صالح فرزند عطا فرمائے گا۔

۷۸۶

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| یاحق | ۸ | ۳ | ۴ | یاحق |
| یاحق | ۱ | ۵ | ۹ | یاحق |
| یاحق | ۶ | ۷ | ۲ | یاحق |

الصّبور لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ محمّد رّسول اللّٰہ



## نقش نادِ علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

یہ نقش نادِ علی بہت سے امور میں مستعمل و مجرب ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ باندھنے اور پینے کے لیے نہایت مفید ہے۔ آزمودہ ہے بارہا آزمایا ہوا ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۰۷۸ | ۱۰۹۲ | ۱۰۸۸ | ۱۰۸۵ |
| ۱۰۸۹ | ۱۰۸۴ | ۱۰۷۹ | ۱۰۹۱ |
| ۱۰۸۳ | ۱۰۸۶ | ۱۰۹۴ | ۱۰۸۰ |
| ۱۰۹۳ | ۱۰۸۱ | ۱۰۸۲ | ۱۰۸۷ |

## نقش آیاتِ شفاء

یہ نقش آیات شفاء امراض شفاء کے لیے مفید ہے گلے میں پہنیں اور اسی کی نقل سفید رکابی یا پلیٹ چینی پر مشک و زعفران سے لکھ کر پئیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مرض سے شفاء ہو گی۔ اور صحت کاملہ ہو گی۔

نقش اگلے صفحہ پر دیکھیے

Scanned with CamScanner

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۳۰۳۳ | ۳۰۳۷ | ۳۰۴۰ | ۳۰۲۶ |
| ۳۰۳۹ | ۳۰۲۷ | ۳۰۳۲ | ۳۰۳۸ |
| ۳۰۲۸ | ۳۰۴۲ | ۳۰۳۵ | ۳۰۳۱ |
| ۳۰۳۶ | ۳۰۳۰ | ۳۰۲۹ | ۳۰۴۱ |

## نقشِ آیت کریمہ

یہ نقش قُلِ اللّٰھُمَّ مٰلِکَ المُلک فراخی رزق و عزت و جاہ کے لیے نہایت مفید ہے دوکان یا کاروباری مرکز پر آویزاں کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ خیر و برکت ہوگی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۴۲۳۰ | ۴۲۲۳ | ۴۲۲۷ | ۴۲۱۳ |
| ۴۲۲۶ | ۴۲۱۴ | ۴۲۱۹ | ۴۲۲۴ |
| ۴۲۱۵ | ۴۲۲۹ | ۴۲۲۱ | ۴۲۱۸ |
| ۴۲۲۲ | ۴۲۱۷ | ۴۲۱۶ | ۴۲۲۸ |

## حاجت روائی کیلئے

ہر طرح کی نیک اور جائز حاجت جو پوری نہ ہوتی ہو اس کے



یہ جمعہ کی شب نمازِ عشاء کے بعد باوضو حالت میں قبلہ رُو ہو کر بیٹھے اور پانچ ہزار مرتبہ ذیل میں دی ہوئی دُعا پڑھے لیکن پڑھنے کے دوران کسی سے بات چیت نہ کرے اور ایک ہی جلسے میں تمام کرے اللہ کے فضل و کرم سے جس مقصد کے لیے عمل کیا ہے وہ ضرور پورا ہوگا اور اللہ تعالیٰ دُعا کو ضرور قبول فرمائے گا دُعا یہ ہے۔

